جواب ۱۲۸ × ۴ آنے + ۸۲ × ۲ = ۳۲ روپیہ + ۱۰ روپیہ ۴ = ۴۲ روپیہ ۴

(۵) ایک کتاب دو انی کو اور دوسری کتاب چونی کو اور تیسری کتاب اٹھنی کو بکتی ہے تو بتاؤ پہلی کتاب کے ۱۲۵ نسخے اور دوسری کتاب کے ۹۰ نسخے اور تیسری کتاب کے ۵۳ نسخے کتنے کو آئینگے جواب ۶۴ روپیہ ۱

(۶) کنکوا ایک بیسی کو اور پتیا ایک آنے کو اور گیند ۲ کو اور تصویر ۴ کو اور گڑیا ۸ آنے کو آتی ہے تو بتاؤ ۱۰۹ کنکوؤں اور ۹۴ پتیوں اور ۷۶ گیندوں اور ۶۵ تصویروں اور ۳۸ گڑیوں کی قیمت کیا ہوگی۔ جواب ۱۰۹ × ۳ پائی + ۹۴ × ۱ آنہ + ۷۶ × ۲ آنہ + ۶۵ × ۴ آنہ + ۳۸ × ۸ آنہ = ۵۲ روپیہ ۵ پائی

(۷) ایک شخص کو ۱۳ روپے ۸ آنے ۴ پائی بعد ۱۲ ماہ ۱۰ روپیہ ۲ کے قرض دینی ہے تو بتاؤ قرض کتنے روپیہ کا تھا۔ جواب ۱۵۱۰ روپیہ ۱۴ پائی

(۸) ایک شخص پاس ۵۷۶ روپیہ ۹ پائی اور دوسرے کے پاس ۸۶۲ روپے ۳ پائی تھے اور تیسرے پاس اتنے روپے کہ جتنے دونوں کے پاس تھے تو بتاؤ سب پاس کتنا روپیہ تھا جواب ۱۴۷۸ روپیہ

سوالات نمبری ۱۶ تفریق مرکب روپے پیسے

(۱) ایک شخص نے ۵۰۸۳ روپے تین مہینے کے وعدہ پر قرض لئے اور اسمیں سے ۸۶۵ روپے ۱۴ آنے ۶ پائی ایک مہینے میں اور

۱۱۷۲ روپے دوسرے مہینے میں دے تو بتاؤ تیسرے مہینے میں کیا دے کہ قرض بالکل ادا ہو جائے

جواب ۳۰۴۵ روپے ۹ر۶ پائی۔

(۲) کشن پاس ۵۴ روپے ۱۵ر اور اس سے رامجی پاس ۴۹ روپے ۱۳ آنے کم تو بتاؤ رامجی پاس کیا ہے

جواب ۵ روپیہ ۱ر

(۳) ایک شخص سے سو روپیہ لیکر ۱۴ روپیہ ۱۵ر ادا کروں تو کیا دینا باقی رہیگا۔ جواب ۸۵ روپیہ ۱ر

(۴) ایک شخص کے گاؤں کی جمعبندی ۶۰۰ روپے ہے اور ۱۴۸ روپیہ مالگذاری کے دیتا ہے اور ۹۴ روپیہ اور اور خرچوں میں اٹھ جاتے ہیں تو بتاؤ اُسکے پلہ کیا پڑتا ہے جواب ۳۵ روپیہ ۵ر

(۵) ایک شخص نے ۱۴۰ روپیہ کا تمسک لکھا جب اُسکا سود ۱۹ روپیہ ۶ر چڑھ گیا تو اُس نے ۵ اشرفیاں سولہ سولہ روپیہ کی دیں اور باقی کا تمسک لکھدیا اور یہ جب اس تمسک کے ۱۲ روپیہ ۲ر سود کے چڑھ گئے تو اُس نے ۴۰ روپیہ سود اور اصل میں دے اور باقی کا تمسک لکھدیا تو بتاؤ کتنے کا تمسک لکھا۔

پہلے تمسک کا اصل و سود = ۱۴۰ روپیہ ۱ر + ۱۹ روپیہ ۶ر = ۱۵۹ روپیہ ۶ر

اشرفیوں کے دینے کے بعد قرض = ۱۵۹ روپیہ ۶ر − ۸۰ روپیہ = ۷۹ روپیہ ۶ر۔ دوسرے تمسک کا اصل

بیاج = ۷۹ روپیہ ۶ر + ۱۲ روپیہ ۷ر = ۹۱ روپیہ ۱۳ر۔ تیسرے تمسک کا روپیہ = ۹۱ روپیہ ۱۳ر + ۴۰ روپیہ = ۱۳۱ روپیہ ۱۳ر

(۶) ایک شخص ۸۵۰۰ روپے ۱۰ر ۳ پائی چھوڑ مرا اور وصیت کر گیا کہ اس میں سے ۵۰۰۰ روپے بڑے بیٹے کو ملیں اور باقی چھوٹے بیٹے کو تو بتاؤ بڑے بیٹے کو چھوٹے بیٹے سے زیادہ کیا ملا۔ جواب چھوٹے بیٹے کا حصہ = ۸۵۰۰ روپیہ ۱۰ر ۳ پائی۔ ۵۰۰۰ روپیہ = ۳۵۰۰ روپے ۱۰ر ۳ پائی اور ۵۰۰۰ روپیہ − ۳۵۰۰ روپیہ ۱۰ر ۳ پائی = ۱۴۹۹ روپیہ ۵ر ۹ پائی = جو بڑے بیٹے کو ملا۔

(۷) ایک سوداگر کو پہلے ہفتہ میں ۷۷ روپیہ ۱۴ر ۲ پائی کا فائدہ ہوا اور دوسرے ہفتہ میں ۹ روپے ۵ر ۲ پائی کا اور تیسرے ہفتہ میں ۲۳ روپیہ ۴ر ۹ پائی کا نقصان ہوا اور چوتھے ہفتہ میں ۱۸ روپیہ ۵ر ۲ پائی کا فائدہ ہوا تو بتاؤ اُس کو نفع رہا یا نقصان۔ جواب کل فائدہ = ۷۷ روپیہ ۱۴ر ۲ پائی + ۱۸ روپے ۵ر ۲ پائی = ۹۶ روپے ۳ر ۹ پائی اور کل نقصان = ۵۹ روپیہ ۲ر ۸ پائی + ۲۳ روپے ۴ر ۹ پائی = ۸۲ روپیہ ۷ر ۵ پائی اسلئے نفع = ۹۶ روپے ۳ر ۹ پائی − ۸۲ روپیہ ۷ر ۵ پائی = ۱۳ روپے ۱۲ر ۴ پائی۔

سوالات نمبری ۱۷ ضرب مرکب روپئے پیسے

(۱) ایک شخص ۲ روپئے ۶ پائی روز خرچ کرتا ہی تو بتاؤ سال بھر میں کیا اٹھتا ہی جواب ۹۰ روپئے ۶ پائی

(۲) ایک راج کو ۵ روپئے ۶ پائی اور مزدور کو ۲ روپئے ۳ پائی ملتے ہیں تو بتاؤ ۲۰ راجوں اور ۲۵ مزدوروں کی مدد کا ایک روز میں کیا خرچ ہوگا۔ جواب ۱۰۱ روپیہ ۶ روپیہ ۳ پائی۔

(۳) ایک شخص اپنی آمدنی میں سے ۹ روپئے ۵ پائی روز خرچ کرتا ہی اور ۲ روپئے ۳ پائی بچا کر جوڑتا ہی تو بتاؤ اُسکی سالانہ آمدنی اور خرچ کیا ہی۔ جواب اُسکی آمدنی ۱۱ روز کی ہی اسلئے سال بھر میں آمدنی ۱۸۲ روپیہ ۸ روپیہ خرچ ۱۳ روپیہ ۳ روپیہ ۹ پائی

(۴) ایک غریب پہلے مالش کے لئے اور ۱۴ بہلے مالشوں سے ہر ایک نے ڈیڑھ ڈیڑھ روپیہ چندہ دیا تو کتنا چندہ جمع ہوا جواب ۱۷۱ روپیہ

(۵) ایک پلٹن میں ۸۴۷ آدمی ہیں اور انمیں ۶ جمعدار ہیں جمعدار کی تنخواہ ۵ روپئے ۸ آنے اور سپاہی کی تنخواہ ۳ روپیہ ۴ آنے تو کل پلٹن کی تنخواہ کیا ہی جواب ۸۴۷ − ۶ = ۸۴۱ سپاہی ہیں اور کل خرچ ۲۷۶۶ روپئے

(۶) ایک شخص نے ماہ فروری سارا ایک سرائے کے اندر آدہ آنے روز کے جھونپڑے میں کاٹا اور بھٹیارے کو ایک روپیہ دیا تو بتاؤ بھٹیاری کیا واپس دے۔ جواب ۲

(۷) ایک بنئے نے ۱۲۰۰ روپئے کی جوار بیچی اور اس کی قیمت میں ۱۳۰۰ روپئے تیرہ تیرہ آنہ پائے تو بتاؤ کیا لینا باقی رہا جواب جوار کی قیمت جو پائی ۱۳۰۰ × ۱۳ آنے = ۱۰۶۹۰۰ آنے = ۱۰۵۶ روپیہ ۴ اسلئے ۳ روپئے ۱۲ آنے لینے ہے

(۸) ایک پلٹن میں ہزار آدمی ہیں جنمیں ۱۵۰ افسر ہیں اگر سپاہی کی تنخواہ ۷ روپیہ ۸ آنے اور افسر کی تنخواہ ۵۰ روپیہ ہو تو بتاؤ کل پلٹن کا خرچ کیا ہوگا۔ جواب ۹۳۸۷ روپئے ۸

(۹) ایک آدمی ۳ روپئے ۸ پائی ہر روز کماتا ہی اور ۹ روپیہ ۴ پائی روز اٹھاتا ہی تو ۸۴ دن میں کیا بچائیگا۔ جواب آمد میں سے خرچ کو کم کرو اور باقی کو ۸۴ میں ضرب دو تو جواب ۳۵۳ روپیہ ۸ نکلے گا

(۱۰) ایک آدمی بیٹھیہ میں گیا ۶ روپیہ ۶ پائی فی بھیڑ کے حساب سے ۵۶ بھیڑیں بھینسیں اور ۹ گائیں فی گائے ۲۵ روپیہ کے حساب سے خریدیں تو بتاؤ کتنا روپیہ وہ گھر لے گیا۔ جواب بھیڑوں کی قیمت میں سے گایوں کی قیمت کو تفریق کر لو تو جواب ۱۳۲ روپیہ ۱۲ حاصل ہوگا۔

(۱۱) ایک آدمی نے ۵ الماریاں ۲۹ روپیہ ۸ پائی فی الماری کے حساب سے خریدیں اور ۳ اینٹ سے

۳۵ روپیہ ۸ر فی الماری اور ۱۴ الماریاں فی الماری ۳۳ روپیہ ۱۱ر ۶ پائی کے حساب سے بیچ ڈالیں تو بتاؤ اُس کو کیا فائدہ ہوا۔ جواب ۲۵ روپیہ ۸ر ۶ پائی

(۱۲) ایک امیر کے ہاں ۲ من کوئلے ایک ہفتہ میں جلتے ہیں اور ایک روپیہ ۵ر ۹ پائی من کوئلہ آتا ہے تو بتاؤ ۱۴ ہفتہ میں کتنے روپے کوئلوں میں خرچ ہونگے۔ جواب ۳۸ روپیہ ۱ر

(۱۳) ایک خانساماں ۱۵۰ سیر آلو پونے چار آنے سیر خرید کے لایا اور میم صاحب سے ۱۶ روپے اُسکی قیمت کے اُس نے لئے تو بتاؤ کیا بچایا۔ جواب آلو کی قیمت = ۱۵×۳ر ۹ پائی = ۱۸۷ر ۶ پائی = ۱۱ روپیہ ۱۱ر ۶ پائی اور جو بچایا = ۱۶ روپیہ − ۱۱ روپیہ ۱۱ر ۶ پائی = ۴ روپیہ ۴ر ۶ پائی

(۱۴) ایک لڑکے نے اونی سوت کی ۴۰ پچکیاں ۴ پائی آنے پچک کے حساب سے خریدیں اور اُس سے سات گلوبند بنائے اور ایک ایک گلوبند ۲ روپیہ ۹ر ۶ پائی کو بیچا تو بتاؤ اُسکو کیا اجرت اپنی محنت کی ملی۔ جواب پچکیوں کی قیمت = ۴۰×۲۴۰ر ۶ پائی = ۹ روپیہ ۶ر اور گلوبندوں کی قیمت ۲ روپیہ ۹ر ۶ پائی × ۷ = ۱۸ روپیہ ۲ر ۶ پائی اور اجرت = ۱۸ روپیہ ۲ر ۶ پائی − ۹ روپیہ ۶ر = ۸ روپیہ ۱۲ر ۶ پائی

(۱۵) ایک بنئے سے ایک شخص نے ۱۱ روپیہ قرض لئے اور وعدہ کیا روپیہ پیچھے ایک پیسا ہر مہینہ تئیں دام سود کا دیتا رہوں گا مگر پانچ برس تک کوڑی نہ دی تو بتاؤ اب وہ کتنے کا قرضدار ہو گیا۔ جواب جو پیسے پانچ برس کے اسپر چڑھے = ۵×۱۲×۱۱ پیسے = ۶۶۰ پیسوں = ۱۰ روپیہ ۵ر اس لئے قرض = ۱۱ روپیہ + ۱۰ روپیہ ۵ر = ۲۱ روپیہ ۵ر

(۱۶) ایک کسان پاس ۵ بیگہ زمین ہے اور ہر بیگہ میں ۱۲ من چاول پیدا ہوتے ہیں اور وہ ۲ روپیہ ۱۳ پائی ۱ر من بکتے ہیں تو بتاؤ کسان کو کیا ملتا ہے۔ جواب ۱۶۹۰

(۱۷) ایک ساہوکار نے ۸۴ حصے ایک کمپنی کے خریدے ہر حصہ کی قیمت ۲۱۳ روپیہ ۸ر اس نے اُن حصوں میں سے ۴۸ حصے تو فی حصہ ۲۲۷ روپے ۴ر کے حساب سے اور باقی ۲۳۱ روپے ۱۲ر فی حصہ کے حساب سے بیچ ڈالے تو بتاؤ اُس کو کیا فائدہ ہوا۔ جواب حصوں کی قیمت = ۸۴×۲۱۳ روپیہ ۸ر = ۱۷۹۳۴ روپیہ اور فروخت کی قیمت = ۴۸×۲۲۷ روپیہ ۴ر + ۳۶×۲۳۱ روپیہ ۱۲ر = ۱۹۲۵۱ روپیہ اسلئے فائدہ = ۱۹۲۵۱ روپیہ − ۱۷۹۳۴ روپیہ = ۱۳۱۷ روپیہ

سوالات نمبری ۱۸ تقسیم مرکب روپیہ پیسے کی

(۱) ایک شخص ہزار روپیہ مہینے کا نوکر ہو تو بتاؤ ایک روز کی تنخواہ کیا ہے مہینہ ۳۰ دن کا جواب ۳۳ روپیہ ۱۲ پائی

(۲) ایک شخص کی آمدنی سالانہ ۲۵۳ روپیہ ۱۲ ہے تو ماہانہ خرچ کیا رکھے کہ کچھ قرض نہ ہو جواب ۲۱ روپیہ

(۳) ایک شخص کے گھر میں ۱۲۰ مہمان آئے اور ۵۶۶ روپیہ ۴ خرچ ہوئے تو بتاؤ ہر مہمان کے لئے کیا خرچ ہوا جواب ۴ روپیہ ۱۱ ۶ پائی

(۴) ایک روپیہ ۱۲ پائی میں ۳۹ پائی کے دفعہ شامل ہیں۔ جواب ۴۳ دفعہ

(۵) ۶۰۷ روپیہ ۱۲ کتنے آدمیوں میں تقسیم کریں کہ ہر ایک حصہ میں ۴۹ روپیہ ۱۲ آئیں ۶۰۷ روپیہ ۱۲ = ۹۷۴۴ اور ۴۹ روپیہ ۱۲ = ۴۸۷ تعداد روپیوں کی = ۴۸۷ ÷ ۴۹ = ۱۳

(۶) ایک آدمی کو ۳۸۴ روپیہ ۴ قرض دینے ہیں اور وہ ۱۲ روپیہ ۴ ہر مہینے ادا کرتا ہے کو بتاؤ کتنے مہینوں میں قرض ادا ہوگا ۳۸۴ روپیہ ۴ = ۱۴۸۶ اور ۱۲ روپیہ ۴ = ۴۸ تعداد مہینوں کی = ۶۱۴۸ ÷ ۲۱۲ = ۲۹

(۷) ایک شخص اپنے بچوں کے لئے ۱۰۲۵ روپیہ ۲ ۶ پائی چھوڑ کر مر گیا وہ روپیہ بچوں میں برابر برابر تقسیم ہوا تو ہر بچے کے حصہ میں ۱۱۳ روپیہ ۱۴ ۶ پائی آئے تو بتاؤ اسکے کتنے بچے تھے۔ جواب ۹

(۸) ایک شخص نے ۵۰۰ گز کپڑا فی گز ۱۴ روپیہ کے حساب سے خریدا اور ۱۲۵ روپیہ نفع لیکر بیچا تو بتاؤ کتنے گز بیچا جواب ۵۰۰ گز پر ۱۲۵ روپیہ نفع ہوا تو ایک گز پر ۴ ۱ نفع ہوا اسلئے ۸ روپیہ پر گز بیچا

(۹) ایک مکان میں ۴ ایردہ لگائے گئے اور انمیں ۶۰ روپے ۴ خرچ ہوئے سالائی ہر ایک روپیہ پیا گیا اور ۳ کے بانس ہر ایک پردہ میں لگے اور ۲ گز کھاروا ہر پردہ میں لگا تو بتاؤ کھاروا کتنے گز کا تھا جواب کل کھاروا کی قیمت ۶۰ روپیہ ۴ ۱ روپیہ - ۱۴ × ۳ = ۴۲ روپیہ ۱ اسلئے ایک گز کی قیمت = ۴۲ روپیہ ۱۰ ÷ ۲۸ = ۲ روپیہ ۹ ۶ پائی

(۱۰) ایک کوٹھی میں ۲ بڑے کمرے اور ۴ چھوٹے کمرے ہیں ان [illegible] کے آدھا ان کے اندر بچھانے میں ۴۴ روپیہ ۴ خرچ ہوئے تو بتاؤ ہر ایک کمرہ کے فرش میں کیا لگا جواب ۴ چھوٹے کمرے = ۲ بڑے کمروں کے اسلئے ہر کمرہ میں فرش کا خرچ = ۴۴ روپیہ ۴ [illegible] = ۵ روپیہ ۸ ۶ پائی ہوا

(۱۱) ۹۹۴ روپیہ ۱۳ ۳ پائی کو ایسے برابر حصوں میں تقسیم کرو کہ ہر ایک حصہ میں ۱۷ روپیہ ۳ ۳ پائی آئیں۔ جواب ۵۷ روپیہ

(۱۲) میدہ ۴ روپیہ ۸ پائی من کا ۵ روپیہ ۱۱ میں کتنے من آئیگا۔ جواب ۱۸۴

(۱۳) ایک ملازم کی تنخواہ ۶ پائی روز ہے اور جس روز وہ دیر کر آتا ہے تو ۹ پائی جرمانہ دیتا ہے اب اُسکو ۲۰ روز میں ۲ روپیہ ۱۲ پائی ملے تو بتاؤ کتنے دنوں دیر کر آیا کل تنخواہ ۲۰ یوم = ۲۰ × ۶ پائی = ۳ روپیہ ۲ اور جرمانہ = ۳ روپیہ ۲ − ۲ روپیہ ۱۱ پائی = ۵ پائی = ۶۳ پائی

اسلئے دیر کر آنے کی تعداد دنوں کی = ۶۳ ÷ ۹ = ۷

(۱۴) ۱۸۹۵۷ روپیہ ۱۳ اور ۱۸۹ روپیہ ۹ پائی کو الٹ میں ضرب بھی دو اور تقسیم بھی کرو اور ثابت کرو کہ پہلا عمل مہمل و ناممکن ہے اور دوسرا صحیح ہے۔

سوالات نمبری ۱۹ - جمع و تفریق و ضرب و تقسیم اوزان

(۱) تین چھکڑوں میں جلانے کی لکڑیاں بھری ہوئی ہیں ایک میں ۱۶ من ۵ سیر بھری ہیں اور دوسری میں ۳ من ۳۲ سیر اور تیسری میں ان دونوں سے ۴ سیر کم تو بتاؤ کل لکڑیاں کتنی ہیں جواب دے تو چھکڑوں کی لکڑیاں

= ۱۶ من ۷ سیر اور تیسرے چھکڑے میں = ۱۶ من ۷ سیر − ۴ سیر = ۱۶ من ۳ سیر

اور کل چھکڑوں = ۳۲ من ۱۰ سیر

(۲) ایک ٹھیکہ دار نے ۱۰۰۰ من لکڑیوں کے دینے کا وعدہ کیا مگر اُس نے ۵۸۷ من ۳۶ سیر دیں تو بتاؤ اب اُسکو کتنی لکڑیاں دینی باقی ہیں۔ جواب ۴۱۲ من ۴ سیر

(۳) ایک شخص نے ۵۰ من گھی خریدا اور ایک مہینے میں ۳۰ سیر اور دوسرے مہینے میں ۴ من اور تیسرے مہینے میں ایک من ۱۰ سیر ایک بھاؤ سے بیچا اور باقی گھی کو اُسی بھاؤ سے ۸۰ روپیہ کو بیچا تو بتاؤ کل گھی کتنے روپیہ کو بیچا اُس نے تین مہینوں میں ۲ من ۴ من گھی بیچا تو باقی ۸ من رہا جسکو ۸۰ روپیہ کو بیچا یعنے ۱۰ روپیہ من۔

اسلئے کل گھی ۵۰۰ روپیہ کو بیچا۔

(۴) ایک گھوڑے کو ساڑھے چار سیر دانہ ملتا ہے تو بتاؤ وہ فروری میں کتنا دانہ اور مارچ میں کتنا دانہ کھائیگا

جواب فروری میں = ۲۸ × ۴½ سیر چھٹانک = ۳ من ۹ سیر مارچ میں = ۳۱ × ۴½ سیر چھٹانک = ۳ من ۱۹ سیر ۸ چھٹانک

(۵) ایک آدمی ۵ چھٹانک گھی روز کھاتا ہے تو سال بھر میں کتنا گھی کھائیگا جواب ۲ من ۳۴ سیر ۱ چھٹانک

(۶) ایک کرڑی کا وزن ۵۲ تولہ ۳ ماشہ ۴ رتی ۲ چاول ہے تو ایسے ۷ کرڑوں کا وزن کیا ہوگا

جواب ۳۶۶ تولہ ۷ رتی ۲ چاول۔

(۷) ایک چمپا کلی ۲ تولہ ۱ ماشہ ۳ رتی ۲ چاول کی ہی تو ۱۲ تولہ ۷ ماشہ ۵ رتی ۲ چاول میں کتنی چمپا کلیاں ہونگی
جواب چمپا کلیوں کی تعداد = ۱۲۰ تولہ ۷ ماشہ ۵ رتی ۲ چاول ÷ ۲ تولہ ۱۰ ماشہ ۳ رتی ۲ چاول = ۴۲

(۸) ایک رکابی کا وزن اسیر ۵ تولہ ہی تو بتاؤ کے گرین اُسکا وزن ہی۔ جواب ۶۸۰۰

(۹) ۳ جھٹانک سونے کی ۳۶ بالیاں بنائی گئی ہیں تو بتاؤ ہر ایک بالی کا وزن کیا ہی۔ جواب ۵ ماشہ

(۱۰) ۱۲۵ لوہے کی سلاخوں کا وزن کیا ہوگا ہر ایک سلاخ کا وزن ۱ پونڈ ۸ اونس ہے۔

جواب ۲ ہنڈریڈ ویٹ ۲ کوارٹر ۲ پونڈ

(۱۱) ۱ ٹن ۲ ہنڈریڈ ویٹ لوہے میں کتنے پونڈ ۶ اونس کے بھالے کے بن سکتے ہیں۔ جواب ۷۶۸

(۱۲) سونے کا پونڈ اور پیرون کے پونڈ میں کون زیادہ وزنی ہے۔

جواب پیرون کا پونڈ سونے کے پونڈ سے ۱۴۰ گرین زیادہ ہے

(۱۳) ۴۴ پونڈ ٹرائے کی برابر کتنے پونڈ اوورڈیوپوائس ہیں۔ جواب ۵۰ پونڈ ٹرائے

(۱۴) برابر وزن کے ۴۴ سونے کے چھلے پونڈ سونے میں بنے ہیں تو ہر ایک چھلے کا وزن بتاؤ۔

جواب ۲ ینی ویٹ ۱۰ گرین

(۱۵) ۲ ینی ویٹ ۱۲ گرین کا ایک چھلا بنائیں تو ۱ پونڈ ۵ ینی ویٹ سونے کے کتنے چھلے بنینگے۔ جواب ۴۴

سوالات نمبری ۲۰ طولانی پیمانوں کی تحویل و جمع و تفریق ضرب تقسیم

(۱) مقامات آ اور ب اور س اور د اور ی پر کھونٹیاں ایک سیدھ میں گڑی ہوئی ہیں آ سے ب تک فاصلہ ۵ گز ۱ فٹ ۷ انچ ہی اور ب سے س تک ۸ گز ۲ فٹ ۹ انچ اور س سے د تک ۱۱ گز ۲ فٹ ۴ انچ اور د سے ی تک ۱۲ گز ۵ انچ تو بتاؤ آ سے ی کتنی فاصلہ پر ہی۔ جواب ۴۷ گز ۱ فٹ ۱ انچ

(۲) ایک کمرہ کی مقابل جانبیں آ سیمیں برابر ہیں ایک جانب کا طول ۵ فٹ ۷ انچ ہی اور دوسری جانب کا ۶ فٹ ۱۱ انچ تو بتاؤ کمرے کی کل گھیری کا طول کیا ہی۔ جواب ۲۴ گز ۲ فٹ ۱۰ انچ

(۳) گوبند نے گھیدو ۳۴ گز ۲ فٹ ۲ انچ اور رام چرن نے ۷۹ گز ۲ فٹ ۹ انچ دور پھینکے تو بتاؤ گوبند کی کتنی دور رام چرن سے آگے گئی۔ جواب ۳ گز ۲ فٹ ۴ انچ

(۴) ایک آدمی نے ایک چیز کا فاصلہ آنکھ سے ۲۰ گز تخمینہ کیا مگر جب فاصلہ ناپا تو معلوم ہوا کہ ۲ گز ۲ فٹ ۳ انچ زیادہ تخمینہ کیا تھا تو بتاؤ وہ چیز کتنی دور تھی۔ جواب ۱۹ گز ۱ فٹ ۹ انچ

(۵) بزاز نے ۴۲ گز کپڑا ناپ کر دیا مگر اسکا گز ایک انچ چھوٹا تھا تو بتاؤ اصل میں کپڑا کے گز تھا جواب
اصل کپڑا = ۴۲ گز - ۴۲ انچ = ۴۰ گز ۲ فیٹ ۶ انچ

(۶) ایک گھوڑے کا قد سوا تیرہ ہینڈ ہے تو فٹوں انچوں میں اسکا قد کیا ہوگا - جواب ۴ فیٹ ۵ انچ

(۷) ایک آدمی کا قدم ۲ فیٹ ۸ انچ کا ہوتا ہے تو ۹۶ گز میں وہ کے قدم چلے گا - جواب ۱۰۸

(۸) ایک کھیت کے کونوں آ اور ب اور س اور د اور ی پر کھونٹیاں گاڑی ہوئی ہیں آ سے ب تک فاصلہ ۵۰ گز ۲ فیٹ ہے اور ب سے س تک فاصلہ ۵۶ گز ۱ فٹ ۶ انچ ہے اور س سے د تک فاصلہ ۸۱ گز ۵ انچ ہے اور د سے ی تک فاصلہ ۷۰ گز ۲ فیٹ ۸ انچ ہے اور ی سے آ تک فاصلہ ۱۰۲ گز ۱ فیٹ ۲ انچ ہے اب دو شخص ایک ہی چال کے آ سے مقابل جانبوں میں چلے تو بتاؤ کہاں وہ ملینگے -

جواب کل احاطہ = ۳۶۵ گز ۱ فٹ ۱ انچ اسلئے ۱۸۲ گز ۲ فیٹ ۵ انچ پر ملینگے یعنی س اور د کے درمیان س سے ۷۵ گز ۱ فٹ ۱۱ انچ کے فاصلہ پر

(۹) ایک جہاز کی چھت ۵۵ گز لمبی ہے تو بتاؤ جس شخص کو ایک میل چلنا ہو تو وہ کتنی دفعہ اس پر پھرے جواب جتنی دفعہ پھرے = ۱۷۸۰ گز ÷ ۵۵ = ۳۲

(۱۰) آ کا فاصلہ ب سے ساڑھے پینتیس میل ہے اور س اُن کے درمیان آ سے ۱۹ میل ۶ فرلنگ ۷۵ گز پر واقع ہے تو بتاؤ س کتنی دور ہے - جواب ۱۵ میل ۴ فرلنگ ۴۵ گز

(۱۱) پونے دو میل چلنے میں ایک لڑکا جسکا قدم ۲ فیٹ ۴ انچ کا ہے کتنی دفعہ قدم اُٹھائیگا جواب ۳۹۶۰

(۱۲) پون میل لمبی گلی میں پونے تین گز محیط کا پہیہ کتنے چکر کرے گا - جواب ۸۰۴

(۱۳) ایک گاڑی کا پہیہ ۱۶ فیٹ ۶ انچ گھیرے کا ۲ میل ۲ فرلنگ پول میں کتنے چکر کریگا - جواب ۶۶۲۱

(۱۴) ایک ہی سڑک پر دو قاصد چلے انمیں سے ایک ساڑھے سولہ کوس فی گھنٹہ چلتا ہے اور دوسرا پونے بیس کوس تو بتاؤ آٹھ روز بعد اُن کے درمیان کتنا فاصلہ ہوگا - جواب ۲۶ کوس

(۱۵) ایک میل میں کتنی لنک یعنی کڑیاں ہیں - جواب ۸۰۰۰

(۱۶) ایک جہاز راں نے جو سمندر کا عمق ناپا تو ۵ ½ فیدم تھا اب اگر اسکا جہاز ۲۸ فیٹ گہرے پانی میں چل سکتا ہے تو جہاز کی کیل سے نیچے پانی کا عمق کیا ہوگا -

سمندر کا عمق = ۵ ½ × ۶ فیٹ = ۳۱ ½ فیٹ اسلئے عمق کیل سے نیچے = ۳۱ ½ - ۲۸ = ۳ ½ فیٹ

سوالات نمبری ۱۱ متعلق رقبہ کی پیمائیوں سے

(۱) ایک زمیندار پاس ۵۴۰ بیگہ زمین تھی اُسمیں سے ایک کاشتکار کو ۲۲ بیگہ ۱۵ بسوہ اور
اور دوسرے کاشتکار کو ۴۸ بیگہ ۱۶ بسوہ اور تیسرے کاشتکار کو ۱۵۰ بیگہ ۱۸ بسوہ دی اور باقی آپ نے جوتی
تو بتاؤ کتنی زمین کاشتکاروں کو دی اور کتنی آپ نے جوتی جواب کاشتکاروں کو ۲۲۲ بیگہ ۹ بسوہ اور خود ۳۱۷ بیگہ ۱۱ بسوہ

(۲) ساڑھے سولہ بیگہ کا ایک ایکڑ ہوتو ایک بیگہ میں کتنے مربع فیٹ ہونگے جواب ایک ایکڑ = ۴۸۴۰ مربع
= ۴۸۴۰ × ۹ مربع فیٹ = ۴۳۵۶۰ مربع فیٹ - ایک بیگہ = ۴۳۵۶۰ ÷ ۱۶½ = ۲۶۴۰

(۳) جس ضلع میں ۲۰ ایکڑ برابر ۳۷ بیگہوں کے ہوں تو ۸۵۱ بیگہ میں کتنے ایکڑ ہونگے
ایکڑوں کی تعداد = ۸۵۱ × ۲۰ ÷ ۳۷ = ۲۳ × ۲۰ = ۴۶۰

(۴) مستمت میرٹھ میں ۳۲ بسوہ کا ایک ایکڑ ہوتا ہی تو بتاؤ ایک بیگہ میں کتنے مربع گز ہوتے ہیں
ایک ایکڑ = ۴۸۴۰ مربع گز = ۳۲ بسوہ اسلئے بسوہ = ۱۴۵ مربع گز اور بیگہ = ۱۴۵ × ۲۰ = ۲۹۰۰ مربع گز

(۵) جس مستطیل کھیت کے ضلعے طول و عرض ۹ جریبے ۵ جریبے ہوں تو اُسکے رقبہ میں کتنے ایکڑ اور روڈ
ہونگے جواب کھیت کا رقبہ = ۹ × ۵ مربع جریب = ۴۵ مربع جریب = ۴ ایکڑ ۲ روڈ

(۶) ایک مستطیل قطعہ زمین کا طول ۳ جریب ۵۵ کڑی اور عرض ۲ جریب ۱۵ کڑی ہی تو بتاؤ کتنے
مربع کڑی اس میں زمین ہے - جواب ۷۶۳۲۵

(۷) ایک گوبی کے درخت کے بونے کے لئے زمین ۱۸۰ مربع انچ چاہی ہو تو ۲۵ پیچ زمین میں کتنے یہ درخت بوئے جائینگے
گوبی کے درختوں کی تعداد = ۳۰ ½ × ۹ × ۱۴۴ × ۲۵ ÷ ۱۸۰ = ۳۴۴۵

(۸) ۵½ ایکڑ زمین میں کتنے درخت لگینگے اگر ہر درخت ۲۵ مربع گز میں بویا جائے - جواب ۷۲۶

(۹) ایک مربع کا ضلع ۸ فیٹ ۸ انچ اور دوسرے مربع کا ضلع ۱۶ فیٹ ۱۰ انچ ہی تو بتاؤ اُنکے رقبوں میں کیا
فرق ہے - جواب ۶۵ مربع فیٹ ۱۲ م انچ

(۱۰) ایک کمرہ ۲۵ فیٹ لمبا اور ۲۳ فیٹ چوڑا اور ۱۵ فیٹ بلند ہی تو اُسکی دیواروں کا رقبہ بتاؤ
طول کی دو دیواروں + عرض کی دو دیواروں کا رقبہ = ۲ (۲۵ + ۲۳) × ۱۵ مربع فیٹ = ۱۴۴۰ مربع فیٹ

(۱۱) ایک مکان کی دیوار ۹ گز لمبی اور ۱۲ فیٹ بلند ہی اور اُسمیں دو دروازے ہیں جنمیں سے ایک ۴ فیٹ بلند اور ۵ فیٹ
چوڑا ہی تو بتاؤ دیوار کا رقبہ کیا ہی جواب دو دروازوں کا رقبہ = ۲ × ۳۵ مربع فیٹ دیوار کا رقبہ مستطیل

= ۲۷×۱۴ مربع فیٹ - ۷۰ مربع فیٹ = ۳۱۸ مربع فیٹ

(۱۲) ایک مکان کی دو دیواریں ۲۲ گز لمبی اور دو اور دیواریں ۱۷ گز لمبی ہیں اور وہ ۲۰ فیٹ بلند ہیں اور ۱۴ دروازے ہیں جن میں سے ہر ایک ۵ فیٹ بلند اور ۳ فیٹ چوڑا ہے تو بتاؤ ان میں سفیدی کی مربع فیٹ کی جائیگی

چاروں دیوار و نکا رقبہ = (۳×۴۵ + ۳×۱۷) × ۲۰ مربع فیٹ اور

۱۴ دروازو نکا رقبہ = ۱۴×۸×۵ مربع فیٹ اُنکا فرق = ۳۶۶۰ مربع فیٹ

سوالات نمبری ۲۲ حسابت کے پیمانوں کے

(۱) ایک لٹھے میں ۱۲ تختے چھ رہے گئی تو ہر تختے میں کتنے مکعب فیٹ ۳۱۷ مکعب انچ لکڑی آئی تو بتاؤ لٹھے میں کتنی لکڑی ہے - جواب ۱۴ مکعب فیٹ ۳۴۸ مکعب انچ

(۲) ۵ مکعب گز ۷۰ مکعب فیٹ پتھر میں سے ۱۶ سلیں برابر حسابت کی بنائی گئیں اور کچھ باقی نہیں رہا تو بتاؤ ہر سل کا حجم کیا ہے - جواب ۹ مکعب فیٹ ۸۶۴ مکعب انچ

(۳) ایک مکعب کا کنارہ ۲ فیٹ ۷ انچ ہے اسکی حسابت بتلاؤ - جواب ۷ مکعب فیٹ ۱۵۴ مکعب انچ

(۴) ایک پتھر کی کان ۳۵ گز لمبی اور ۲۱ گز چوڑی اور ۲۴ فیٹ گہری ہے تو بتاؤ اس میں سے کے مکعب گز پتھر نکل سکتا ہے - کان کی حسابت = ۳۵×۳×۲۱×۳×۲۴ مکعب فیٹ = ۸۳۳۰ مکعب گز

(۵) ایک شہتیر ۳ فیٹ لمبا ۲ فیٹ چوڑا ۱۸ انچ موٹا ہے تو اس میں سے ۳ مکعب انچ کے ٹکڑے کتنے کٹ سکتے ہیں

ٹکڑوں کی تعداد = ۳×۱۲×۲×۱۲×۱۸ مکعب انچ ÷ ۳ = ۵۷۶

(۶) ایک حوض کی تہ ۷ فیٹ سے ۳ فیٹ ہے تو بتاؤ کتنا گہرا پانی اس میں ہو کہ ۸۴ مکعب فیٹ پانی اسمیں ہو

پانی کا عمق = ۸۴ مکعب فیٹ ÷ ۷×۳ مربع فیٹ = ۴ فیٹ

(۷) ایک پتھر ۲ فیٹ ۶ انچ چوڑا اور ۱ فٹ ۶ انچ موٹا ہے تو اس کا کیا طول رکھیں کہ حسابت اسکی برابر اس پتھر کے ہو جو ۱۸ فیٹ طول میں ۲ فیٹ ۳ انچ عرض میں ۱ فٹ ۱۸ انچ موٹائی میں ہو

طول مطلوب = ۱۸×۲ فیٹ ۳ انچ × ۱ فیٹ ۶ انچ × ۱ فٹ ۶ انچ = ۱۸ فیٹ

(۸) ایک حوض ۹ فیٹ ۴ انچ لمبا اور ۶ فیٹ ۶ انچ چوڑا ہے تو بتاؤ کتنا اس میں پانی بھریں کہ بلندی اس کی ۴ فیٹ ۶ انچ ہو - جواب جتنا پانی بھریں = ۹ فیٹ ۹ انچ × ۶ فیٹ ۶ انچ × ۴ فیٹ ۶ انچ

= ۳۰۲ مکعب فیٹ

(۹) جس مکعب کا کنارہ ۱۵ انچ ہو اُسکی سطح بیرونی کا رقبہ کیا ہوگا۔ مکعب کو چھہ برابر سطح گھیرے ہوئے ہیں اور ہر ایک کا رقبہ اُنمیں ۱۵ انچ مربع ہے یعنی ۲۲۵ مربع انچ ہے اسلئے سطح بیرونی = ۶×۲۲۵ = ۱۳۵۰ مربع انچ = ۹ مربع فیٹ ۵۴ مربع انچ

(۱۰) ایک پتھر کی سل ۳ فیٹ ۸ انچ چوڑی اور ۲ فیٹ ۰ انچ اونچی ہے تو اُس کا طول کیا ہے کہ اُسکی جسامت ۳ مکعب گز ۱۳ مکعب فیٹ ۱۲۴۴ مکعب انچ ہو۔ جواب ۸ فیٹ ۳ انچ

تنبیہ جو سوالات ہم نے اوپر لکھے ہیں اُنمیں ان باتوں کو یاد رکھنا چاہیئے طول × عرض = رقبہ انمیں سے دو کے معلوم ہونے سے تیسرا معلوم ہو سکتا ہے طول × عرض × سمک = جسامت

قاعدہ کل رقبہ × ارتفاع = جسامت

ان چار میں سے تین کے معلوم ہونے سے چوتھا دریافت ہو سکتا ہے۔ اس سوال میں وہ سب یا تین یا دو جمعی ہیں جو اکثر پوچھی جایا کرتی ہیں کہ ایک کمرہ ۱۲ فیٹ لمبا اور ۸ فیٹ چوڑا ہے تو بتاؤ

اول چھت کا رقبہ	دوم دیوار ونکا رقبہ
سوم کمرہ کا کل اندرونی رقبہ	چہارم کمرہ کے سارے کنارونکا مجموعہ
پنجم چھت کے گرد تختہ بندی	ششم چھت کے گرد کارنس کا رقبہ جسکا عرض ۳ انچ ہو
ہفتم فرش کے اور پر دیوارونکے گرد پشتہ بندی	ہشتم فرش کے اوپر ہموار مٹی کا بچھانا جسکا موٹائی معلوم ہو
نہم کمرہ کے اندر کا حجم	انمیں چیزونمیں سے بعض بتا دیتے ہیں اور بعض اُنسے معلوم کرتے ہیں

سوالات نمبری ۲۳ وقت کے پیمانوں کے

(۱) پہلی جنوری ۱۸۸۵ء کے بعد سوان دن کس تاریخ ہوگا۔ جواب جنوری کے ۳۰ فروری کے ۲۸ مارچ کے ۳۱ دن ۹۰ دن ہوئے اسلئے ۱۱-اپریل ۱۸۸۵ کو سوان دن ہوگا

(۲) ۱۵-اگست ۱۸۸۵ کو اتوار تھا تو یکم جنوری ۱۸۸۶ء کو کیا دن ہوگا یکم جنوری تک تعداد ایام =

اگست ۱۶ + ستمبر ۳۰ + اکتوبر ۳۱ + نومبر ۳۰ + دسمبر ۳۱ + جنوری ۳۱ = ۱۳۹ ÷ ۷ = ۱۹ دن تو اتوار سے آگے چھٹا دن ہفتہ ہوگا

(۳) پہلی مارچ ۱۸۸۴ اور پہلی اگست ۱۸۸۶ کے درمیان کتنے دن ہونگے تواریخ مذکور میں سے ایک تاریخ کو حساب میں لگاؤ

تعداد ایام = ۲ سال ۵ ماہ = ۳۶۵ + ۳۶۵ + ۳۱ + ۳۰ + ۳۱ + ۳۰ + ۳۱ = ۸۸۳

(۴) پہلی دسمبر ۱۸۶۱ سے پہلی جون ۱۸۶۲ تک بتاؤ کتنے دن ہیں ایک تاریخ کو شمار نہ کرو

تعداد ایام ۶ ماہ = ۳۱ + ۳۱ + ۲۸ + ۳۱ + ۳۰ + ۳۱ = ۱۸۲

(۵) ۲۵ جون ۱۸۸۵ء کے اخبار کا نمبر ۱۴۸۲ تھا تو بتاؤ پہلی جنوری ۱۸۸۶ء کو اسکا نمبر کیا ہوگا۔ اخبار سوائے اتوار کے روزانہ چھپتا ہے۔ ایام ۲۵ جون و یکم جنوری کے درمیان = ۵ + ۳۱ + ۳۱ + ۳۰ + ۳۱ + ۳۰ + ۳۱ = ۱۹۰ = ۱۹۰ دنوں میں ۲۷ اتوار ہونگے جن میں اخبار ناغہ ہوگا

اسلئے ۱۹۰ - ۲۷ = ۱۶۳ روز اخبار نکلا اور اسلئے نمبر مطلوب = ۱۴۸۲ + ۱۶۳ = ۱۶۴۵

(۶) پہلی ستمبر ۱۸۸۵ء کو منگل تھا تو پہلی جنوری ۱۸۸۵ء کو کیا دن تھا۔ جواب پہلی ستمبر اور پہلی جنوری کے درمیان دن = ۲۹ + ۳۱ + ۳۰ + ۳۱ + ۱ = ۱۲۲ و ۱۲۲ ÷ ۷ = ۱۷ باقی تین منگل کے بعد تیسرا دن جمعرات ہے

(۷) پہلی جون ۱۸۸۱ء سے پہلی اپریل ۸۲ء تک بتاؤ کتنے گھنٹے ہونگے۔ تعداد ایام پہلی جون ۸۱ء پہلی اپریل ۸۲ء

= ۳۰ + ۳۱ + ۳۱ + ۳۰ + ۳۱ + ۳۰ + ۳۱ + ۳۱ + ۲۸ + ۳۱ = ۳۰۴

گھنٹوں کی تعداد = ۲۴ × ۳۰۴ = ۷۲۹۶

(۸) ۳۱ اگست ۸۵ء کو پیر کے روز اخبار کا نمبر ۱۹۰۳ تھا اخبار ہر روز سوائے اتوار کے چھپتا ہے تو بتاؤ اسکا نمبر ۱۸۰۰۰ کس تاریخ ہوگا۔ تعداد اخبار جو پہلے ۳۱ اگست ۸۵ء سے شائع ہوئے

= ۱۹۰۷۳ - ۱۸۰۰۰ = ۱۰۷۳ اب ہفتہ میں ۶ اخبار نکلتے ہیں اسلئے ہفتوں و دنوں کی تعداد جسمیں ۱۰۷۳ اخبار شایع ہوئے۔

= ۱۰۷۳ ÷ ۶ = ۱۷۸ ہفتے ۵ یوم = ۱۲۵۱ دن = ۳ سال ۱۵۶ دن

اور ۱۵۶ یوم = ۳۱ اگست + ۳۰ جولائی + ۳۱ جون + ۳۰ مئی + ۳۱ اپریل + ۳۰ مارچ اسلئے ۲۹ مارچ ۸۲ء جواب ہے

(۹) اوپر کی مثال میں جس اخبار کا ذکر ہوا ہے اسکا پہلا نمبر بتاؤ کس دن چھپا ہوگا۔ ہفتہ میں ۶ اخبار چھپتے ہیں تو ۱۹۰۷۳ ÷ ۶ = ۳۱۷۹ ہفتے ۵ یوم ہوئے اب پیر سے ۵ دن پہلے جسمیں اتوار داخل نہیں ہوگا منگل ہوگا اسی دن پہلا اخبار نکلا ہوگا

(۱۰) بدھ کے دس بجے صبح سے جمعہ کے ۳ بجے تک کتنے گھنٹے ہونگے۔ جواب ۵۳

(۱۱) ایک ٹرین کے آنے کا ٹھیک وقت ۸ گھنٹے ۴۰ منٹ ہے اس کو ۳۵ منٹ کی دیر لگی تو بتاؤ کسوقت ٹرین پہونچی۔ جواب ۹ گھنٹے ۲۲ منٹ

(۱۲) ۱۰ بجکر ۲۳ منٹ صبح اور دوپہر کے ۳ بجے ۸ منٹ کے درمیان کتنے منٹ ہیں۔ جواب ۲۸۵

(۱۳) ہفتہ بھر تک ایک شخص ۱۰ بجے ۴۵ منٹ پر سویا اور ۶ گھنٹے ۴۰ پر صبح کو جاگا تو بتاؤ اُس نے کتنا وقت بستر پر بسر کیا۔ جواب ۴۴ گھنٹے ۴۵ منٹ

(۱۴) ایک گھڑی ایک منٹ ۱۲ سکنڈ روز سُست چلتی ہے تو ہفتہ بھر میں کتنی سُست چلنے لگے گی جواب ۹ منٹ ۴ سکنڈ

(۱۵) ہفتے کے دن دوپہر کو دو گھنٹے کو کے گئے ایک گھنٹہ ۱ منٹ ۳ سکنڈ تیز چلتا ہے اور دوسرا ۳ منٹ ۳ سکنڈ سُست تو بتاؤ جمعرات کی دوپہر کو اُن میں کتنا فرق ہوگا

ہر روز کا فرق = ۱ منٹ ۳ سکنڈ + ۳ سکنڈ = ۱ منٹ ۶ سکنڈ اور ہفتہ سے جمعرات تک ۵ دن ہیں اسلئے کل فرق = ۵ منٹ

(۱۶) سال کے آخر میں معلوم ہوا کہ ایک گھنٹہ ۱۸½ منٹ تیز چلا ہے تو بتاؤ وہ ہر روز کتنا تیز چلا

۱۸½ منٹ = ۱۸ منٹ ۱۵ سکنڈ = ۱۰۹۵ سکنڈ و ہر روز کی تیزی = ۱۰۹۵ سکنڈ ÷ ۳۶۵ = ۳ سکنڈ

(۱۷) سال بھر تک روز ایک لڑکا ½ ۱ منٹ دیر کرکے مدرسہ میں گیا اور سال بھر میں ۲۵۸ دن مدرسہ کھلتا ہے تو بتاؤ کتنا وقت اس نے ضائع کیا جواب اوقت ضائع کیا ہوا = ۲۵۸ × ½ منٹ = ۱۲۹ منٹ = ۲ گھنٹے ۱۵ منٹ

(۱۸) ایک شخص ایک گھنٹے میں ۳ میل چلتا ہے تو بتاؤ منٹ میں کتنا گز چلتا ہے

ایک منٹ کی رفتار گزوں میں = ۱۷۶۰ × ۳ ÷ ۶۰ = ۸۸ گز

(۱۹) بتاؤ ایک ہی سال میں اپریل اور جولائی کی ایک ہی تاریخوں میں ایک ہی دن ہوتے ہیں یعنی جس تاریخ اپریل میں اتوار ہوگا اُسی تاریخ جولائی میں جواب پہلی اپریل اور پہلی جولائی کے درمیان ۹۱ دن یعنی ۱۳ پورے ہفتے ہیں اسلئے دونو مہینوں کی پہلی تاریخ ایک ہی روز سے شروع ہوتی ہے اور ساری تاریخوں میں ایک ہی دن ہوتے ہیں

(۲۰) اگر کسی سال میں تمھاری سال گرہ پیر کے دن ہو تو دوسرے سال میں منگل کو کیوں ہوگی بشرطیکہ سال میں فروری ۲۹ دن کا نہ ہو جواب ۳۶۵ ÷ ۷ = ۵۲ ہفتے و ایک دن اسلئے پیر کے آگے کے دن یعنی منگل کو سالگرہ ہوگی

(۲۱) جس سال میں فروری ۲۹ دن کا ہوتا ہے اُسمیں گھنٹے کی آوازیں کتنی ہوتی ہیں جواب ایک روز کی آوازیں

= ۱ + ۲ + ۳ ۔۔۔ ۱۲ تک + ۱ + ۲ + ۳ ۔۔۔ ۱۲ تک = ۱۳ × ۱۲ ÷ ۲ + ۱۲ × ۱۲ ÷ ۲ = ۱۵۶

کل آوازیں = ۱۵۶ × ۲۹ = ۴۵۲۴

(۲۲) جس لڑکے کی عمر ۱۳ سال ۵ دن ۲ گھنٹے کی ہو تو بتاؤ کتنے گھنٹوں سے وہ جیتا ہے جواب ۱۱۴۰۲

(۲۳) رام سروپ کی عمر ۳ سال ۱۱ مہینے ۵ دن کی تھی کہ اُسکا چھوٹا بھائی پیدا ہوا اور باپ کی عمر جب رام سروپ پیدا ہوا ہو ۲۵ برس ۷ مہینے ۹ دن کی تھی جب گوپال ۹ برس ۱۱ مہینہ ۶ دن کا ہوگا تو

باپ کی عمر کیا ہوگی۔ جواب باپ کی عمر جب گوپال پیدا ہوا = ۳ سال ۵ مہینے ۵ دن + ۲۵ سال ۷ مہینے ۱۹ دن
= ۲۹ سال ۱۲ مہینے ۲۴ دن اسلئے عمر مطلوب باپ کی = ۲۹ سال ۱ مہینے ۲۴ دن + ۹ برس ۱۱ مہینے ۶ دن = ۳۹ سال
(۲۴) دسمبر کے مہینے میں گھنٹے کے لٹکن کی حرکتیں بتاؤ کہ کتنی ہونگی وہ ایک منٹ میں ۶۵ حرکتیں کرتا ہے
حرکتوں کی تعداد = ۳۱ × ۲۴ × ۶۰ × ۶۵ = ۲۹۰۱۶۰۰

(۲۵) ایک مکان ۹ برس کے لئے کرایہ کو لیا تھا تو بتاؤ اب ۵ برس ۵ مہینے ۱۰ دن گذرنے کے بعد کتنی مدت باقی رہے گی
جواب ۴ برس ۶ مہینے ۱۳ دن

(۲۶) اگر ایک کلرک ۴ منٹ ۱۵ سکنڈ میں ایک صفحہ لکھتا ہے تو ۴ گھنٹے ۲ منٹ میں کتنے صفحے لکھے گا۔ جواب
صفحوں کی تعداد = ۴ گھنٹے ۲ منٹ ÷ ۴ منٹ ۱۵ سکنڈ = ۱۶۳۲۰ ÷ ۲۵۵ = ۶۴

سوالات نمبری ۲۴ زاویوں اور اعداد کی اور مختلف پیمانوں کے

(۱) بتاؤ ۱۰ منٹ میں گھنٹے کی بڑی سوئی کتنا زاویہ اور چھوٹی سوئی کتنا زاویہ بناتی ہے۔ جواب
بڑی سوئی ۶۰ منٹ میں ۳۶۰° طے کرتی ہے اسلئے ۱ منٹ میں ۳۶۰ ÷ ۶۰ = ۶° زاویہ بنائیگی اور چھوٹی سوئی
بارہ گھنٹے میں ۳۶۰° طے کرتی ہے تو ایک گھنٹے میں ۳۰° زاویہ طے کرے گی اور ۱ منٹ میں ۰.۵ کا زاویہ بنائے گی
(۲) اگر آفتاب کے گرد ۲۴ گھنٹے میں زمین اپنی پوری گردش کرتی ہو تو ۱۵ منٹ میں کتنا زاویہ طے کرے گی
جواب ۲۴ گھنٹے میں ۳۶۰° تو ایک گھنٹے میں ۱۵ اور ۱۵ منٹ میں ۱۵ ÷ ۱۲ = ۱° - ۱۵'

(۳) اگر ۲۸ دن ۱۲ گھنٹے میں زمین کے گرد چاند اپنی گردش پوری کرتا ہو تو زاویہ قائمہ اور بائزاویہ
کتنی دیر میں طے کریگا۔ جواب پہلی بات کا ۲۸ دن ۱۲ گھنٹہ ÷ ۴ = ۷ دن ۳ گھنٹہ
اور دوسری بات کا جواب = ۲۸ ½ × ۲۴ × ۶۰ × ۶۰ ÷ ۳۶۰ × ۶۰ × ½ = ۳ منٹ ۴۸ سکنڈ

(۴) ایک سیرام پوری رم میں ۵۰۰ تختے ہوتے ہیں اور تختے میں ۲ جزو ہوتے ہیں تو بتاؤ ۴۰ جزو
کی کتاب کے ۵۰۰ نسخے کتنی رم کاغذ میں چھپینگے۔ جواب ۲۹ رم ۴ دستے

(۵) اگر ایک پمفلٹ میں ۲½ تختے لگیں تو ۲۵۰۰ پمفلٹ میں کتنے رم کاغذ لگے گا
کاغذ جتنا لگے گا = ۲۵۰۰ × ½ ÷ ۲۰ × ۲۴ = ۱۳ رم ۱۰ دستے

(۶) کتنے بیرل و گیلن ۵۷۶ پینٹ میں ہیں۔ جواب ۲ بیرل ۲۵ گیلن

(۷) ایک پیپہ میں ۵۰ گیلن شراب ہے تو کتنی بوتلیں بھری جائینگی جنمیں ایک بوتل میں آدھی پنٹ شراب آتی ہو۔ جواب
۹۱۲

(۸) ایک زاویہ ۲۷° ۵۵′ ۴۳″ کا اور دوسرا ۳۸° ۴۴′ ۲۹″ کا ہے تو انکا مجموعہ کیا ہے

جواب ۶۶° ۴۰′ ۱۲″

(۹) ایک دائرہ کے چوسٹھویں حصہ میں کتنے درجے و دقیقے و ثانئے ہیں۔ جواب ۵° ۵۷′ ۳۰″

(۱۰) ۲ گیلن کوارٹر پانی کا وزن کیا ہے جواب ۲۵ پونڈ اوویر

(۱۱) ۲ مکعب فٹ پانی کا وزن اوویر ڈیوپوئس وزن میں بتاؤ جواب ۳۵۰۰ پونڈ

سوالات نمبری ۲۵ - روپیہ کے تقسیم کی صورتیں

آدمیونمیں روپے کی تقسیم کی بعض صورتیں تو وہ ہوتی ہیں جنمیں تقسیم کرنا آسان ہوتا ہے مگر بعض میں ایک پیچ لگا ہوتا ہے اب سب پیچدار صورتونکی ایک ایک مثال لکھتے ہیں اول صورت

(۱) ۱۳ روپیہ ۹ کو موہن سوہن رادھا میں اسطرح تقسیم کرو کہ موہن کو ۱۲ر ۳ پائی زیادہ سوہن سے اور سوہن کو ایک روپیہ ۲ر ۹ پائی زیادہ رادھا سے ملیں۔ ظاہر ہے کہ سوہن کو ایک روپیہ ۲ر ۹ پائی زیادہ رادھا سے ملینگے تو موہن کو رادھا سے ۱۲ر ۹ پائی + ۱ روپیہ ۲ر ۹ پائی زیادہ ملیں گے پس اگر ان رقموں کو پہلے نکال ڈالیں اور موہن اور سوہن کو دیدیں تو انمیں سے ہر ایک کا حصہ رادھا کے حصہ کی برابر ہوگا

روپیہ	آنہ	پائی
۱	۲	۹
	۱۲	۳
	۲	۹
۱		
۳		۹

روپیہ	آنہ	پائی
۱۳	۹	۹
۱۳	۱	۹
۱۰	۷	۳
۳	۷	۹

رادھا کے حصہ کے اسلئے

سوہن کا حصہ = ۴ روپیہ ۱۰ر ۶ پائی اور موہن کا حصہ = ۵ روپیہ ۶ر ۹ پائی

(۲) ۲۸ پونڈ ۷ شلنگ ۶ پنس کو موہن اور سوہن میں اسطرح تقسیم کرو کہ موہن کو سوہن سے ۲ شلنگ ۴ پنس کم ملیں جواب موہن کو ۱۲ پونڈ ۶ شلنگ ۷½ پنس اور سوہن کو ۱۶ پونڈ ۷ شلنگ ۱۰½ پنس

(۳) ۳۵۷ روپیہ ۱۴ر ۶ پائی کو ۵ آدمیونمیں اس طرح تقسیم کرو کہ ان میں دو میں سے ہر ایک کو ۱۱ روپیہ ۱۴ر ۹ پائی بہ نسبت باقی کے ہر ایک آدمی سے ملیں۔ جواب

دو آدمیوں کو جو زیادہ ملیگا = ۱۱ روپیہ ۱۴ر ۹ پائی × ۲ = ۲۳ روپیہ ۱۳ر ۶ پائی تو

باقی روپیہ جو ۱۵ برابر حصونمیں تقسیم ہوگا = ۳۵۷ روپیہ ۱۴ر ۹ پائی - ۲۳ روپیہ ۱۳ر ۶ پائی = ۳۳۴ روپیہ ۱ر

ہر ایک آدمی کا حصہ = ۳۳۴ روپیہ ۱ر ÷ ۱۵ = ۲۲ روپیہ ۴ر ۴ پائی

پس دو میں سے ہر ایک کو ۲۲ روپیہ ۴ر ۴ پائی + ۱۱ روپیہ ۱۴ر ۹ پائی = ۳۴ روپیہ ۳ر ۱ پائی ملینگے

(۴) ۶۷۹ روپیہ کو ۲ مردوں اور ۵ عورتوں میں اس طرح تقسیم کرو کہ ہر مرد کو عورت سے ۶ روپیہ کم ملیں۔ جواب جو روپیہ عورتوں کو زیادہ ملے گا = ۶۸۵ = ۳۰ روپیہ ۱ور جو روپیہ برابر ۲+۵ حصوں میں تقسیم ہوگا

= ۶۷۹ − ۳۰ روپیہ = ۶۴۹ روپیہ اور ۶۴۹ روپیہ ÷ ۳۲ = ۲۰ روپیہ ۴ر ۹ پائی اور ہر عورت کو ۲۰ روپیہ ۴ر ۹ پائی ملا

(۵) ۳۲۹ روپیہ ۷ر ۹ پائی کو موہن سوہن رادھا میں اس طرح تقسیم کرو کہ موہن کو سوہن سے ۷ روپیہ زیادہ اور سوہن کو رادھا سے ۲ روپیہ کم ملیں۔ جواب رادھا سے ۵ روپیہ زیادہ پائیگا اور سوہن ۲ روپیہ کم

اسلئے جو روپیہ ۳ برابر حصوں میں تقسیم ہوگا = ۳۲۹ روپیہ ۷ر ۹ پائی − ۳ = ۳۲۶ روپیہ ۷ر ۹ پائی اسلئے

رادھا کا حصہ = ۳۲۶ روپیہ ۷ر ۹ پائی ÷ ۳ = ۱۰۸ روپیہ ۱۲ر ۳ پائی اور سوہن کا حصہ ۱۰ روپیہ ۱۲ر ۳ پائی

اور موہن کا حصہ ۱۱۳ روپیہ ۱۲ر ۳ پائی۔

(۶) ۹۵ پونڈ ۱۰ شلنگ ۸ مردوں ۶ عورتوں ۶ لڑکوں میں اس طرح تقسیم ہوئے کہ ہر ایک مرد کو ۱۰ شلنگ

زیادہ ہر عورت سے اور ہر عورت کو ۱۰ شلنگ زیادہ ہر لڑکے سے ملے تو بتاؤ مردوں نے کیا پایا

۸ مردونکو جو زیادہ ملا = ۸ × ۱۰ شلنگ = ۸ پونڈ اور عورتونکو جو زیادہ ملا = ۶ × ۱۰ شلنگ = ۳ پونڈ

اسلئے ۹۵ پونڈ ۱۰ شلنگ − ۸ پونڈ − ۳ پونڈ = ۸۴ پونڈ جسکے ۸+۶+۶ یعنی ۲۱ برابر حصے ہونے چاہئے

اور ۸۴ پونڈ ÷ ۲۱ = ۴ پونڈ = ہر ایک لڑکے کا حصہ اور مرد نے لڑکے سے ایک پونڈ زیادہ پایا ہے

اسلئے ۵ پونڈ پاتا ہی تو مردوں نے ۴۰ پونڈ پائے

دوسری صورت (۸) ۵۹ روپے ۶ کو ۳ مردوں ۵ عورتوں ۶ لڑکوں میں اس طرح تقسیم کرو کہ ہر مرد کو

سہ چند اور ہر عورت کو دو چند ہر لڑکے سے ملے

	آنہ	روپیہ
۳ مرد = ۹ لڑکوں	۶	۵۹ (۵)
۵ عورتیں = ۱۰ لڑکوں	۱۴	۱۱ (۵) ۲۵
۶ لڑکے = ۶ لڑکوں	۶	۲ = ہر ایک لڑکے کے حصہ
۲۵	۱۴	۴ = ہر ایک عورت کے حصہ
	۲	= ہر مرد کے حصہ کے

(۹) ۱۰ پونڈ ۷ شلنگ ۶ پنس کو تین آدمیوں میں اس طرح تقسیم کرو کہ ایک کو باقی دو میں سے ہر ایک سے دو چند ملے

اب ظاہر ہے کہ چار پیسہ برابر حصوں میں تقسیم ہو کر ایک کو دو حصے اور باقی کو ایک ایک حصہ دیا جائیگا۔
۱۰ پونڈ ۷ شلنگ ۶ پنس ÷ ۴ = ۲ پونڈ ۱ شلنگ ۱۰½ پنس کے = دونوں ہر ایک کے حصہ کے اور
۵ پونڈ ۳ شلنگ ۹ پنس = ایک ہر کے حصہ

(۱۰) ۳۹ روپیہ ۷ر ۹ پائی کو موہن و سوہن کے درمیان اس طرح تقسیم کرو کہ موہن کو ۱ روپیہ ۱۴ر ۳ پائی زیادہ
سوہن کے دو چند حصے سے ملیں ۳۹ روپیہ ۷ر ۹ پائی − ۱ روپیہ ۱۴ر ۳ پائی = ۳۷ روپیہ ۹ر ۶ پائی
سوہن کا حصہ = ۳۷ روپیہ ۹ر ۶ پائی ÷ ۳ = ۱۲ روپیہ ۸ر ۶ پائی اور موہن کا حصہ = ۲۶ روپیہ ۱۵ر ۳ پائی

صورت سوم (۱۱) ۲۸ روپے کو برابر روپیوں اٹھنیوں چونیوں میں تقسیم کرو
۱ روپیہ + اٹھنی + چونی = ۱ روپیہ ۱۲ر تو ہر سکہ کی تعداد = ۲۸ روپیہ ÷ ۱ روپیہ ۱۲ر = ۱۶

(۱۲) عورت مرد بچوں کی تعداد برابر تھی ان میں ۳۰ روپیہ اس طرح تقسیم ہوئے کہ ہر مرد کو ۲ روپیہ ۸ر اور
ہر عورت کو ۲ روپیہ اور ہر لڑکے کو ۱ روپیہ ۱۲ر ملے تو ہر ایک کی تعداد بتاؤ۔ جواب
۲ روپیہ ۸ر + ۲ روپیہ + ۱ روپیہ ۱۲ر = ۶ روپیہ ۲۰ر اور ۱۰۰ر ÷ ۶ روپیہ ۲۰ر = ۱۶ پس ۱۶ مرد ۱۶ عورتیں ۱۶ لڑکے تھے

(۱۳) ایک تھیلی میں روپیوں اٹھنیاں دو چند اور چونیاں چو چند تھیں اور کل روپیہ ۳۳ تھا تو
بتاؤ ہر طرح کے سکے کتنے تھے جواب ۱ روپیہ + ۲ اٹھنیاں + ۴ چونیاں = ۳ روپیہ
∴ روپیوں کی تعداد = ۳۳ ÷ ۳ = ۱۱ تو ۲۲ اٹھنیاں اور ۴۴ چونیاں تھیں

صورت چہارم (۱۴) موہن اور سوہن کو ۱۳ روپیہ ۸ر اور سوہن اور رادھا کو ۸ روپیہ ۸ر
اور موہن اور رادھا کو ۱۱ روپیہ ۸ر ملے تو بتاؤ موہن کو کیا ملا
۱۳ روپیہ ۸ر + ۱۱ روپیہ ۸ر = دو چند حصہ موہن + سوہن کے حصہ + رادھا کے حصہ لیکن
۸ روپیہ ۸ر = سوہن کے حصہ + رادھا کے حصہ
∴ (۱۳ روپیہ ۸ر + ۱۱ روپیہ ۸ر − ۸ روپیہ ۸ر) یعنی ۱۶ روپیہ ۸ر = موہن کے دو چند حصہ کے
∴ موہن کا حصہ = ۱۶ روپیہ ۸ر ÷ ۲ = ۸ روپیہ ۴ر

(۱۵) گھوڑے اور گائے کی قیمت ۱۰۱ روپیہ اور گائے اور بھیڑ کی قیمت ۳۱ روپے اور گھوڑے اور بھیڑ کی قیمت
۱۸۱ روپے تو بتاؤ ایک گھوڑے کی اور ایک گائے کی اور ایک بھیڑ کی قیمت کیا ہے
۱۰۱ روپیہ + ۳۱ روپیہ یعنی ۱۳۲ روپیہ = گھوڑے کی قیمت + بھیڑ کی قیمت + گائے کی دو چند قیمت

اور گھوڑے کی قیمت + بھیڑ کی قیمت = ۱۸۱ اسلئے گائے کی دوچند قیمت = ۱۳۲ روپیہ - ۱۸۱ روپیہ = ۱۵۱ روپیہ
اسلئے گائے کی قیمت = ۱۵۱ روپیہ ÷ ۲ = ۷۵ روپیہ ۸ اور گھوڑے کی قیمت ۵ × ۷۵ روپیہ = ۳۷۵ روپیہ بھیڑ کی قیمت ۸ روپیہ

(۱۶) ایک عورت اور ایک مرد کے پاس ۳۰ روپے ۶ پائی تھی اور ایک عورت اور ایک لڑکے پاس ۱۸ روپیہ ۸ پائی
اور مرد اور لڑکے پاس ۲۵ روپے ۹ پائی تھی تو بتاؤ ایک مرد اور ایک عورت اور ایک لڑکے کے
پاس کیا تھا۔ جواب ۳۰ روپیہ ۶ پائی + ۱۸ روپیہ ۸ + ۲۵ روپیہ ۹ پائی یعنی ۷۶ روپیہ ۹ پائی
= مرد کے دوچند + عورت کے دوچند + لڑکے کے دوچند روپے کے اسلئے
ایک مرد + ایک عورت + ایک لڑکے کی پاس روپیہ = ۷۶ روپیہ ۹ پائی ÷ ۲ = ۳۸ روپیہ ۴ پائی

صورت پنجم (۱۷) میں نے ۱۳ روپیہ اسطرح ایک مرد ایک عورت ایک لڑکے کو دے کہ مرد کو جتنی دفعہ
۹ روپے اتنی دفعہ عورت کو ۶ اور لڑکے کو ۴ تو بتاؤ ہر ایک کو کیا کیا دیا۔

اگر موافق شرط سوال کے میں ایک دفعہ تقسیم کرتا تو

۹ + ۶ + ۴ یعنی ایک روپیہ ۱۹ تقسیم کرتا اسلئے میں نے جتنی دفعہ تقسیم کیا
اسکی تعداد = ۱۳ روپیہ ۱ ÷ ۱ روپیہ ۱۹ = ۲۰۹ ÷ ۱۹ = ۱۱ پس ۱۱ دفعہ مرد کو ۹ روپے
یعنے ۱۱ × ۹ = ۹۹ روپیہ ۱۹ اور عورت کو ۶ × ۱۱ = ۶۶ روپیہ ۱۹ اور لڑکے کو ۱۱ × ۴ = ۴۴ روپیہ ۱۹

(۱۸) ۱۰۵ روپیہ کو کتنے بچوں پر تقسیم کریں کہ ہر ایک بچہ کو ایک روپیہ ایک اٹھنی ایک چونی ایک دوانی
ملے۔ ایک بچہ کو جو ملتا ہے = ۱ روپیہ + ۸ + ۴ + ۲ = ۱ روپیہ ۱۴

پس بچوں کی تعداد = ۱۰۵ روپیہ ÷ ۱ روپیہ ۱۴ = ۱۶۸۰ ÷ ۳۰ = ۵۶

(۱۹) ۴۰۷ روپیہ کو موہن سوہن رادھا میں اسطرح تقسیم کرو کہ موہن جتنی دفعہ
دو روپے پائے اتنی دفعہ سوہن ۳ روپے پائے اور سوہن جتنی دفعہ ۵ روپے پائے تو
اتنی دفعہ رادھا ۴ روپے پائے جواب فرض کرو کہ اول دفعہ تقسیم میں موہن ۵ × ۳ یعنی ۱۵ روپے پائے
تو موہن کو ۵ × ۲ یعنی ۱۰ روپے ملے اور رادھا کو ۳ × ۴ روپے یعنی ۱۲ روپے ملے پس اول دفعہ کی
تقسیم میں کل روپیہ ۱۰ + ۱۵ + ۱۲ یعنی ۳۷ روپیہ تقسیم ہوا اور ۴۰۷ روپیہ کو ۳۷ پر تقسیم کرو
تو ۱۱ خارج ہوا پس ۱۱ دفعہ تقسیم ہوئی جسمیں ہر بچہ ہر دفعہ موہن نے ۱۰ روپیہ اور سوہن نے ۱۵ روپے
اور رادھا نے ۱۲ روپے پائے اسواسطے موہن ۱۱ × ۱۰ روپیہ = ۱۱۰ روپے پائے

اور سو من نے ۲۰×۱۵=۳۰۰ روپے اور راد ھا نے ۲۰×۱۲ روپے یعنی ۲۴۰ پائے

سوالات نمبری ۲۶ مبادلہ اجناس

جنسوں کو آپس میں بدلتے ہوئے تم دیکھتے ہوگے کہ کنجڑی کو باجرا دیدیا اور مولیاں لے لیں ان مثالوں سے اس کی توضیح ہوگی۔

(۱) ۹ پونڈ کی چاء کے بدلہ میں ۴ ر ۶ پائی سیر کی شکر کتنی دی جائیگی چاء ۱ روپیہ ۲ ر پونڈ کی ہے

۹ پونڈ چاء کی قیمت = ۱ روپیہ ۲ ر ×۹ = ۱۰ روپیہ ۲ ر اس واسطے

شکر کی سیروں کی تعداد مطلوبہ = ۱۰ روپیہ ۲ ÷ ۴ ر ۶ پائی = ۳۱

(۲) اگر ۲ من شکر کے بدلہ میں ۴۸ گز گاڑھا دیا جائے اور شکر ۳ سیر کی ہو تو گاڑھا کتنے گز کا ہوگا

۲ من شکر کی قیمت = ۸۰×۳ ر = ۱۵ روپیہ گاڑھے کی قیمت فی گز = ۱۵ روپیہ ÷ ۴۸ = ۵

(۳) ایک شخص ۴۵ بھیڑ فی بھیڑ ۲ پونڈ ۵ شلنگ ۶ پنس اور ۳۷ سور فی سور ۳ پونڈ ۱۳ شلنگ ۶ پنس دیکر

۱۳ بیل فی بیل ۷ پونڈ ۶ شلنگ ۶ پنس لیتا ہو تو بتاؤ اُسکو نقدی دینی پڑے گی یا لینی

۱۳ بیلوں کی قیمت = ۷ پونڈ ۶ شلنگ ۶ پنس ×۱۳ اور ۴۵ بھیڑوں کی قیمت = ۲ پونڈ ۵ شلنگ ۶ پنس ×۴۵

اور ۳۷ سوروں کی قیمت = ۳۷×۳ پونڈ ۱۳ شلنگ لہذا وہ ۱۳ پونڈ ۱۳ شلنگ ۹ پنس پائیگا

(۴) سات پونڈ چاء ۱ روپیہ ۳ ر ۶ پائی پونڈ کی اور ۱۳ پونڈ قہوہ ۱۵ من گیہوں کے بدلہ میں دیا گیا اور گیہوں

۱ روپیہ ۱۳ ر ۳ پائی من کے ہیں تو قہوہ کی قیمت فی پونڈ کی بتاؤ

۷ پونڈ چاء کی قیمت = ۷ ر ۱ روپیہ ۳ ر ۶ پائی = ۸ روپیہ ۸ ر ۹ ر ۶ پائی اور ۱۵ من گیہوں کی قیمت = ۱۳ روپیہ

اسلئے ۱۳ پونڈ قہوہ کی قیمت = ۲۷ روپیہ ۹ ر ۶ پائی - ۸ روپیہ ۸ ر ۶ پائی = ۱۸ روپیہ ۱۴ ر ۳ پائی

اسلئے ایک پونڈ قہوہ کی قیمت = ۱۸ روپیہ ۱۴ ر ۳ پائی ÷ ۱۳ = ۱ روپیہ ۲ ر ۳ پائی

سوالات نمبری ۲۷ سکوں کا مبادلہ

ہندوستان میں جو روپیہ کی قیمت ہو وہ انگلستان میں نہیں ہے۔ وہاں چاندی کے بھاؤ میں یہاں کا روپیہ چلتا ہو اور وہاں بہت سبب ایسے ہیں کہ چاندی کا بھاؤ روز بدلتا رہتا ہو اسلئے روپیہ کے مبادلہ کا بھاؤ وہاں بھی بدلتا رہتا ہو اکثر پچھلے سالوں میں روپیہ کا بھاؤ ۱ شلنگ ۴ پنس و ۱ شلنگ ۵ پنس کے درمیان رہا ہو یا پہلے کسی زمانہ میں روپیہ ۲ شلنگ تھا

(۱) روپیہ کی قیمت اشلنگ ۱۶ پنس ہو تو ۳۷۸ روپیہ کی انگریزی نقدی میں بتلاؤ
ہر روپیہ کی قیمت اشلنگ ۱۶ پنس یعنی ۱۶ پنس ہو تو ۳۷۸ روپیہ کی قیمت ۳۷۸ × ۱۶ یعنی ۶۰۴۸ پنس ہو گی
یعنی ۲۵ پونڈ ۱۲ شلنگ۔ اس سوال میں انگلستان کے اندر روپیہ ۱۶ پنس کا ہے اور یہاں ۱۶
کا ہوتا ہے اسلئے ایک پنس اور ایک آنا برابر ہے۔ اس صورت میں پونڈ شلنگ پنس کی قیمت
ہندوستانی سکوں میں دریافت کرنے کے لئے رقم معلوم کو پنس میں تحویل کرو اور جو حاصل ہو
اُس کو آنے سمجھو پھر آنوں کے روپئے بنالو مثلاً ۵ پونڈ = ۵ × ۲۴۰ پنس = ۱۲۰۰ پنس
= ۱۲۰۰ = ۷۵ روپیہ

(۲) ایک ڈالر ۴ شلنگ ۲ پنس کا ہو تو ۱۰۰۰ روپیہ کے بدلہ میں کتنے ڈالر آئیں گے اور روپیہ برابر اشلنگ
۱۰ پنس کے۔ جواب ڈولر = ۵۰ پنس اور روپیہ = ۲۲ پنس اور ۱۰۰ روپیہ = ۲۲۰۰ پنس
پس ڈولر کی تعداد مطلوب = ۲۲۰۰ ÷ ۵۰ = ۴۴

سوالات نمبری ۲۸ نفع نقصان

اگر ۲۵ گز کپڑا ۷ روپیہ ۶ پائی گز خرید کر کے ۸ روپیہ ۹ پائی گز بیچوں تو کیا فائدہ ہو گا
ہر گز پر فائدہ = ۸ روپیہ ۹ پائی − ۷ روپیہ ۶ پائی = ۱ روپیہ ۳ پائی
کل فائدہ = ۱ روپیہ ۳ پائی × ۲۵ = ۱ روپیہ ۱۵ روپیہ ۳ پائی

(۲) ایک آدمی ۳ روپیہ ۸ من کے چاول ۱۵ من دیتا ہے اور ڈھائی روپیہ من کا آٹا ۲۲ من لیتا ہے
تو بتاؤ اُس کو فائدہ ہوا یا نقصان۔ جواب چاولوں کی قیمت = ۳ روپیہ ۸ × ۱۵ = ۵۲ روپیہ ۸
اور آٹے کی قیمت = ۲ روپیہ ۸ × ۲۲ = ۴۵ روپیہ اسلئے وہ ۶۷ روپیہ ۸ نقصان اُٹھاتا ہے

(۳) ایک شخص ۱۵۰ گز کپڑا ۱ روپیہ ۱۳ پائی گز خریدتا ہے اور ۱ روپیہ ۱۳ روپیہ ۶ پائی گز بیچتا ہے تو
کیا فائدہ حاصل کرتا ہے فائدہ فی گز = ۲ پائی اسلئے کل نفع = ۲۱ روپیہ ۱ روپیہ ۶ پائی

(۴) ایک پنساری نے ۴۰۵ روپیہ کو چاء کا صندوق ۳۲۰ پونڈ کا مول لیا اور ۱ روپیہ ۵ پائی
۹ پونڈ بیچا تو بتاؤ اُس سے کیا فائدہ ہوا۔
چاء کی قیمت = ۳۲۰ × ۱ روپیہ ۵ پائی = ۴۳۵ روپیہ اسلئے نفع = ۴۳۵ روپیہ − ۴۰۵ روپیہ = ۳۰ روپیہ

(۵) ۲۹ بھیڑیں خریدیں اور ہر بھیڑ کی قیمت ۵ روپیہ ۸ دی اور انمیں سے ۱۵ بھیڑیں بیچیں اور ہر بھیڑ کی قیمت

۴ روپیہ ۴ آنہ لی اور باقی بھیڑیں ہر بھیڑ کی قیمت ۵ روپیہ ۴ر لیکر بیچ ڈالیں تو بتاؤ کیا فائدہ ہوا۔
۱۵ بھیڑوں کا فائدہ = ۱۵ × ۱۲ر = ۱۱ روپیہ ۴ر اور ۴ بھیڑوں کا نقصان = ۴ × ۱۴ر = ۳ روپیہ ۸
اسلئے کل فائدہ = ۱۱ روپیہ ۴ر − ۳ روپیہ ۸ر = ۷ روپیہ ۱۲

(۶) ایک بنئے نے ۱۵ من شکر ۴ر ۶ پائی سیر مول لی اور ۱۳ روپیہ ۴ر ۶ پائی من بیچی ہے تو بتاؤ کیا فائدہ کمایا۔ ایک من شکر کی قیمت = ۴۰ × ۴ × ۶ پائی = ۱۱ روپیہ ۴ر اسلئے فائدہ ہر ایک من پر = ۲ روپیہ ۲ پائی
اور کل فائدہ = ۱۵ × ۲ روپیہ ۲ پائی = ۳۰ روپیہ ۲ر ۶ پائی

(۷) ۲ من ۱۵ سیر دودھ ۶ روپیہ ۹ر ۶ پائی کو خریدا اس میں سے ۷ سیر گر گیا باقی کو ۶ر ۶ پائی سیر بیچا تو بتاؤ کیا فائدہ ہوا۔ جواب ۷ سیر دودھ گر گیا تو ۲ من ۸ سیر دودھ رہا یعنی ۸۸ سیر اور ۸۸ سیر کی قیمت
= ۸۸ × ۱ر ۶ پائی = ۸ روپیہ ۴ر اسلئے نفع = ۸ روپیہ ۴ر − ۶ روپیہ ۹ر ۶ پائی = ۱ روپیہ ۱۰ر ۳ پائی

(۸) ایک ہنڈریڈ ویٹ شکر ۱۴ روپیہ ۹ر ۶ پائی کو خریدی اور ۱۶ روپیہ ۵ر ۶ پائی کو بیچی تو فی پونڈ کیا نفع ہوا۔ جواب ۷ پائی

(۹) ایک بنئے نے ہنڈریڈ ویٹ اکوارٹر شکر ۱ پونڈ ۱۵ شلنگ کو خریدی اور ۱۱ شلنگ ۵ پنس فائدہ سے بیچے تو بتاؤ فی پونڈ کیا فائدہ حاصل کیا۔ جواب ۴ پنس

(۱۰) ایک کلال نے ۴۰ گیلن شراب خریدی اور ۵ پونڈ نقصان اٹھا کر ۳ پونڈ کو بیچ ڈالی تو بتاؤ فی گیلن کیا بھاؤ خریدی۔ جواب ایک پونڈ ایک شلنگ

(۱۱) ایک بنئے نے ۳۸ شلنگ ۹ پنس فی کوارٹر گیہوں خریدا اور ۲ پونڈ ۳ پنس کوارٹر بیچے اور ۱ پونڈ پر ۱۶ شلنگ فائدہ ہوا تو بتاؤ کتنے کوارٹر اُسنے گیہوں خریدے اور بیچے۔ جواب ۲۴ کوارٹر

(۱۲) ایک آدمی نے ۴۵ گز ریشم کی دوری ۶ر ۶ پائی گز خریدی جسمیں سے ۵ گز خراب ہو گئی تھی اسکو ۵ گز بیچ ڈالا تو بتاؤ باقی کو کس حساب سے بیچے کہ ۲ روپیہ ۶ پائی فائدہ ہو۔ جواب
۴۵ گز دوری کی قیمت = ۶ر ۶ پائی × ۴۵ = ۱۸ روپیہ ۴ر ۶ پائی اور
کل روپیہ نفع سمیت = ۱۸ روپیہ ۴ر ۶ پائی + ۲ روپیہ ۶ پائی = ۲۰ روپیہ ۵ اور
۵ گز ناقص دوری کی قیمت = ۴ روپیہ ۱۱ اسلئے اچھی ریشم کی قیمت فی گز = ۱۵ روپیہ ۱۰ر ÷ ۳۰ = ۸ر ۲ پائی

(۱۳) ۲۰۰ پونڈ چاء ۱ روپیہ ۲ر پونڈ خریدی اور اُسمیں سے آدھی ۱ روپیہ ۳ر پونڈ بیچ ڈالی تو بتاؤ

باقی کو کس بھاؤ سے بیچے کہ ۲۵ روپیہ نفع کے حاصل ہوں۔ جواب ۲۰۰ پونڈ چاء کی قیمت =
اروپیہ ۲ر × ۲۰۰ = ۲۲۵ روپیہ اور آدھی چاء کی قیمت = اروپیہ ۳ر × ۱۰۰ = ۱۸۰ روپیہ ۱۲ر
کل رر فروخت = ۲۲۵ روپیہ + ۲۵ روپیہ = ۲۵۰ اور آدھی چاء کی فروخت سے جو روپیہ حاصل ہونا چاہئے
= ۲۵۰ - ۱۸۰ اروپیہ ۱۲ر = ۱۳۱ اروپیہ ۴ر اور قیمت فی پونڈ = ۱۳۱ اروپیہ ۴ر × ۱۰۰ = اروپیہ ۵
(۱۴) ۳ پونڈ کو ایک چیز کے بیچنے سے ۶ شلنگ ۶ پنس کا نقصان ہوتا ہے تو ۴ پونڈ کے بیچنے سے فائدہ ہوگا یا نقصان
جواب ۱۲ شلنگ ۶ پنس کا فائدہ ہوگا۔

سوالات نمبری ۲۶۔ اجناس کو مخلوط کر کے بیچنا

اکثر آدمی اجناس خالص نہیں بیچتے بلکہ سستا کرنے کے لئے یا فائدہ اٹھانے کے لئے ان میں
بعض چیزیں جو کم قیمت ہوتی ہیں یا کچھ قیمت نہیں رکھتی ہیں ملا دیتے ہیں جیسے دودھ میں پانی
اناج میں کوڑا گیہوں میں جو وغیرہ۔ ان مثالوں کے دیکھنے سے ساری صورتیں اس کی
سمجھ میں آجائیں گی۔

(۱) ۳ من چاول ۲ روپیہ ۸ر من کے ۵ من چاولوں میں ملائے گئے جو ۳ روپئے ۲ر من کے
تھے تو بتاؤ ان مخلوط چاولوں کی قیمت کیا ہے

۳ من چاولوں کی قیمت فی من ۲ روپیہ ۸ر = ۲ روپیہ ۸ر × ۳ = ۷ روپیہ ۸ر
۵ من چاولوں کی قیمت فی من ۳ روپیہ ۵ر = ۳ روپیہ ۵ر × ۵ = ۱۵ روپیہ ۱۰ر
۸ من مخلوط چاولوں کی قیمت = ۷ روپیہ ۸ر + ۱۵ روپیہ ۱۰ر = ۲۳ روپیہ ۲ر
اسوسطی ایک من مخلوط چاول کی قیمت مطلوب = ۲۳ روپیہ ۲ر ÷ ۸ = ۲ روپیہ ۱۴ر ۳ پائی

(۲) ۱۲ گیلن شراب میں جو ۱ شلنگ فی گیلن کی ہے کتنا پانی ملائیں کہ گیلن کی قیمت گھٹ کر
۸ شلنگ ہو جائے مخلوط شراب اور آب کی کل قیمت ۸ شلنگ گیلن کے حساب سے برابر ۱۲ گیلن شراب کی
قیمت کے جو ۱۰ شلنگ گیلن کی ہے ہونی چاہئے پس اسلئے ۱۲ گیلن فی ۱۰ شلنگ کو ۸ شلنگ پر تقسیم کریں
تو مخلوط شراب کی گیلنوں کی تعداد مطلوب معلوم ہو جائے گی
قیمت ۱۲ گیلن شراب کی = ۱۰ شلنگ × ۱۲ = ۱۲۰ شلنگ
∴ مخلوط شراب کی گیلنوں کی تعداد = ۱۲۰ شلنگ ÷ ۸ شلنگ = ۱۵

اسلئے پانی کے گیلن جتنے بڑھانے چاہیے = ۱۵ - ۱۲ = ۳

(۳) اسطرح شکریں ملائی گئی ہیں کہ ۴ سیر ۶ پائی سیر کی اور ۲ سیر ۴ سیر کی اور ۳ سیر ۶ پائی سیر کی تو اس ملی ہوئی شکر کی قیمت فی سیر دریافت کرو - جواب ۴ سیر ۲ پائی

(۴) ۲۰ سیر دودھ ۱ر۹ پائی سیر خریدا ۵ سیر اس میں پانی ملاکر ۲ سیر بیچا تو بتاؤ کیا فائدہ ہوا

۲۰ سیر دودھ کی قیمت = ۲۰ × ۱ر۹ پائی = ۲ روپیہ ۳ ر ملا ہوا دودھ و پانی = ۲۰ سیر + ۵ سیر = ۲۵ سیر

۲۵ سیر کی قیمت فروخت = ۲۵ × ۲ر = ۳ روپیہ ۲ ر پس فائدہ = ۱۵ر

(۵) ۳۶ سیر دودھ میں جو ۱ر۹ پائی سیر خریدا ہے کتنا پانی ملائیں کہ قیمت گھٹ کر ۱ر۶ پائی سیر ہو جائے

۳۶ سیر دودھ کی قیمت = ۱ر۹ پائی × ۳۶ = ۳ روپیہ ۱۵ر

مخلوط دودھ کی سیروں کی تعداد = ۳ روپیہ ۱۵ر ÷ ۱ر۶ پائی = ۴۲ پائی - باقی سیر دودھ کی تعداد سطلوب = ۴۲ سیر - ۳۶ سیر

(۶) ۴۰ پونڈ چاء ۲۱ شلنگ ۶ پنس پونڈ کی ہو اسمیں کتنی چاء کی خاک ملائی جائے کہ ۲ شلنگ فی پونڈ بیچنے سے ۸ شلنگ کا فائدہ ہو - جواب ۲۰ پونڈ چاء = ۲ شلنگ ۶ پنس × ۲۰ = ۵۰ شلنگ

اسلئے کل قیمت جو حاصل ہونی چاہیئے = ۵۰ شلنگ + ۸ شلنگ = ۵۸ شلنگ

اسلئے مخلوط چاء کے پونڈ = ۵۸ شلنگ ÷ ۲ شلنگ = ۲۹ اسلئے خاک کی پونڈ = ۲۹ پونڈ - ۲۰ پونڈ = ۹ پونڈ

(۷) ایک بیساری نے ۳۰ پونڈ چاء ۲ شلنگ پونڈ کی اور ۵۰ پونڈ چاء ۱۲ شلنگ ۶ پنس پونڈ کی ملاکر اسمیں سے ۴۰ پونڈ کو ۲ شلنگ ۴ پنس فی پونڈ بیچ ڈالے تو بتاؤ باقی کو کس بھاؤ سے بیچے کہ کچھ نفع نقصان نہ ہو

۳۰ پونڈ چاء کی قیمت + ۵۰ پونڈ چاء کی قیمت = ۲ شلنگ × ۳۰ + ۲ شلنگ ۶ پنس × ۵۰ = ۱۹۳ شلنگ ۴ پنس

اور ۴۰ پونڈ کی قیمت = ۲ شلنگ ۴ پنس × ۴۰ = ۹۳ شلنگ ۴ پنس اسلئے ۴۰ پونڈ + ۵۰ پونڈ - ۴۰ پونڈ = ۴۰ پونڈ

پس ۴۰ پونڈ کی جو قیمت حاصل ہونی چاہیئے = ۱۹۳ شلنگ ۴ پنس - ۹۳ شلنگ ۴ پنس = ۱۰۰ شلنگ

∴ باقی چاء کو ۲ شلنگ ۶ پنس فی پونڈ بیچنی چاہیئے

سوالات نمبری ۳۰ دوالہ

سوداگروں کا یا بنکوں کا دوالہ نکلتا ہے تو فائدہ یہ ہے کہ دوالیہ کے پاس جو کچھ مال ہوتا ہے وہ سب قرضداروں کو بحساب سدی لقسیم ہوتا ہے - روپیہ پیچھے کچھ آنے دئے جاتے ہیں اُسکو یہ کہا کرتے ہیں کہ ایک روپیہ میں اتنے آنے دئے گئے یہ یاد رکھو کہ مال موجودہ تقسیم کیا گیا قرض پر = جو ایک روپیہ میں ادا کیا جاتا ہے

(۱) ایک شخص کا دوالہ نکلا اور روپیہ میں ۶ر دئے گئے تو بتاؤ جسکے ۱۰۰ر روپیہ قرض آتے تھے اُس کو کیا دیا گیا جب روپیہ ۶ر دئے گئے تو ۱۰۰ر روپیوں میں ۱۰۰×۶ر = ۶۰۰ر روپیہ ۶ر دئے گئے اسکے برعکس صورت یہ ہے

(۲) ایک شخص کا دوالہ نکلا جسکے ۱۰۰ر روپیہ اُسپر قرض آتے تھے اُس کو ۳۷ر روپیہ ۶ر دئے گئے تو بتاؤ روپیہ میں کیا دیا گیا۔ جواب سو روپیہ میں ۳۷ر روپیہ ۶ر دئے گئے اُس کو ایک روپیہ میں ۳۷ر÷۶ر = ۶۰۰ر دئے گئے

سوالات نمبری ۳۱-بل

اب انگریزی سوداگروں سے خرید و فروخت ہوتی ہے اُن کا قاعدہ ہے کہ وہ خریدار کو ایک پرچہ لکھکر دیتے ہیں جسمیں ساری چیزوں کی جو خریدی گئی ہیں قیمت لکھی ہوئی ہوتی ہے اور اُن سب کی نیچے ان کے میزان لگی ہوئی ہے اُس کو انگریزی میں بل کہتے ہیں یہی لفظ ہماری زبان میں مستعمل ہے پس ان بلوں کا جانچنا کہ وہ صحیح ہیں حساب جاننے پر موقوف ہے دو چار نمونے ہم نیچے اسکے لکھتے ہیں

(۱) ۱۹- مارچ ۱۸۹۲ عیسوی

دکان عبدالرحمن سوداگر چاندنی چوک دہلی

	پائی	آنہ	روپیہ
۲½ پونڈ چائے فی ۱ روپیہ ۱۰ر	۰	۱	۴
۳½ پونڈ پنیر فی ۱ روپیہ ۲ر	۳	۸	۳
۵½ پونڈ بسکٹ فی ۱۴ر	۶	۹	۴
½ پونڈ تمباکو فی ۱ روپیہ ۱۲ر	۰	۱۴	۰
۲۵ پونڈ میدہ فی ۵ر	۰	۱۳	۷
۵ر دفعہ میوے ہر دفعہ ۲ روپیہ ۵ر	۰	۴	۹
میزان	۹	۱	۳۰

(۲) ۱۲- ستمبر ۱۸۹۱ء دکان شیر خان

حساب مسٹر عبداللہ

	پائی	آنہ	روپیہ
۳- نومبر ۲½ گز فرلنگ فی ۱ روپیہ ۸ر		۱۲	۳
〃 ۳½ گز فر فی ۳ روپیہ ۴ر	۰	۶	۱۱

۷- نومبر ۶ گز لیس فی ۱۲ر	۰	۸	۴	
۱۰- " ۱۰ ¼ گز اپکا فی ۸ر	۰	۲	۵	
" ۴ ¼ سورہ ریشم فی ۲ روپیہ ۱۴ر	۶	۳	۱۲	
۱۶- نومبر ۵ گز ململ فی ۱ر	۶	۹	۸	نقد فروخت ہر مہینہ کی میزان پہلے کی نسبت کم دیتے ہیں
" ۵ گز دمسک فی ۴ روپیہ ۱۲ر	۰	۴	۱۷	
میزان	۰	۱۳ر	۱۱۶ روپیہ	

	پائی	آنہ	روپیہ
(۳) ۳ ½ گز مخمل فی گز ۲ روپیہ ۲ر	۰	۷	۷
۵ ½ درجن گز جھینٹ فی گز ۶ر	۰	۱۲	۵۴
۱۶ گز فلینل فی گز ۱ روپیہ ۳ر	۰	۰	۱۹
۴ ¼ ریشمی کپڑا فی گز ۶ روپیہ ۸ر	۰	۱۰	۲۷
میزان		۱۳	۷۸
(۴) ۱۸ کرسیاں فی درجن ۵۴ روپیہ	۰	۰	۸۱
۵ میزیں فی ۹ روپیہ ۶ر ۶ پائی	۶	۰	۴۷
۵ ½ درجن ڈسک فی درجن ۶۵ روپیہ	۰	۸	۲۹۲
۳ الماری فی ۲۵ روپیہ ۴ر		۱۲	۷۵
میزان	۶	۴	۴۹۶
(۵) ۱۵ دستہ چٹھی کا کاغذ فی دستہ ۴ر ۶ پائی	۰	۶	۴
۸۰۰ لفافے فی سیکڑہ ۱ روپیہ ۳ر ۶ پائی	۰	۱۲	۹
۳ گروس قلم فی درجن ۱ روپیہ ۴ر	۰	۰	۴۵
۲۳ کاپی بک فی ۲ر ۹ پائی	۳	۱۵	۳
۳ درجن حساب کی کتاب فی کتاب ۲ روپیہ ۴ر ۶ پائی	۰	۱۲	۹
	۳	۱۳	۱۵۳
(۶) ۱۲ ½ گز کشمیری فی گز ۲ روپیہ ۴ر	۰	۲	۲۸
۱۰ ½ گز سرج فی گز ۱ روپیہ ۳ر	۶	۷	۱۲
۳ جوڑے موزے فی جوڑا ۲ روپیہ ۱۲ر	۰	۴	۸
۲۵ گز سیٹھن فی گز ۱۱ر	۰	۳	۱۷
	۶	۰	۶۶

مختلف سوالات نمبری ۳۲

(۱) ماہ قمری میں ۲۵۵۱۴۴۳ سکنڈ ہوتے ہیں تو اُسمیں کتنے دن کتنے گھنٹے وغیرہ ہوتے ہیں

ماہ قمری = ۲۵۵۱۴۴۳ ÷ (۲۴×۶۰×۶۰) = ۲۹ دن ۱۲ گھنٹے ۴۴ منٹ ۳ سکنڈ

(۲) زمین کا محیط ۱۳ کروڑ ۲۰ لاکھ فیٹ ہی تو اُسکی مقدار میلوں میں بتاؤ

محیط زمین = ۱۳۲۰۰۰۰۰۰ فیٹ ÷ ۳×۱۷۶۰ = ۲۵۰۰ میل

(۳) ایک برتن کے ہر طرف ایک گز ہی اور وہ پانی سے بھرا ہوا ہی اگر ایک مکعب فیٹ پانی کا وزن ۵۰۰ چھٹانک ہو تو اس برتن میں کتنا پانی بھرا ہوا ہی جواب ایک مکعب = ۲۷ مکعب فیٹ اسلئے

برتن کے پانی کا وزن = ۵۰۰ اونس × ۲۷ = ۱۳۵۰۰ چھٹانک = ۲۱ من ۳ سیر ۱۲ چھٹانک

(۴) روشنی کی رفتار ایک سکنڈ میں ۱۹۲۵۰ میل ہی اور آفتاب سے روشنی چل کر زمین پر ۸ منٹ ۱۳ سکنڈ میں پہونچتی ہی تو بتاؤ زمین سے آفتاب کتنی دور ہے جواب ۸ منٹ ۱۳ سکنڈ = ۴۹۳ سکنڈ

زمین و آفتاب کے درمیان فاصلہ = ۱۹۲۵۰۰ میل × ۴۹۳ = ۹۴۹۰۲۵۰۰ میل

(۵) سال شمسی میں ۳۱۵۵۶۹۲۸ سکنڈ ہوتے ہیں تو اُسکی مقدار دنوں اور گھنٹوں وغیرہ میں بتاؤ

سال شمسی کی مقدار = ۳۱۵۵۶۹۲۸ سکنڈ ÷ (۲۴×۶۰×۶۰) = ۳۶۵ دن ۵ گھنٹے ۴۸ منٹ ۴۸ سکنڈ

(۶) آواز کی رفتار ایک سکنڈ میں ۱۱۳۰ فیٹ ہی تو بتاؤ وہ بادل کتنی دور ہوگا جسکی بجلی کی چمک سے ۷ سکنڈ بعد گرج کی آواز آئی ہی

بادل کا فاصلہ = ۱۱۳۰ فیٹ × ۷ = ۷۹۱۰ فیٹ = ۱ میل ۲ فرلانگ ۲۱۶ گز ۱ فیٹ

(۷) ۶۷۲۰ ڈبل پیسوں کے بدلے میں کتنی منصوری پیسے آئینگے منصوری پیسے روپے کے ۶۴ تکے آتے ہیں

۶۷۲۰ ڈبل پیسے ÷ ۶۴ = ۱۰۵ روپیہ اُسکے منصوری پیسے = ۱۰۵ روپیہ × ۵۰ = ۵۲۵۰ پیسے

(۸) ایک توپ کا گولہ جو ۱۰۰۰ فیٹ ایک سکنڈ میں جاتا ہے کتنی دیر میں چاند پر پہونچے گا جسکا فاصلہ زمین سے ۲۴۰۰۰۰ میل ہی جواب چاند کا فاصلہ زمین سے فیٹوں میں

= ۲۴۰۰۰ میل × ۱۷۶۰ × ۳ = ۱۲۶۷۲۰۰۰۰۰ فیٹ اس لئے گولہ چاند پر

۱۲۶۷۲۰۰۰۰۰ ÷ ۱۰۰۰ اسکنڈ میں یعنی ۱۲۶۷۲۰ سکنڈ میں پہونچے گا

۱۲۶۷۲۰ سکنڈ = ۱۲۶۷۲۰۰ ÷ (۶۰×۶۰×۲۴) = ۱۴ دن ۱۶ گھنٹے

(۹) ایک ٹکسال کی کل میں ایک گھنٹے کے اندر ۲۵۰۰ سکے ڈھلتے ہیں اسمیں چار کلیں ہیں جنمیں سے ایک میں ۲ ڈھلتے ہیں دوسری میں ۴ ٹھنیاں تیسری میں چوتھی میں ۸ دانیاں تو بتاؤ ایک ہفتہ میں اتوار کو ٹکسال بند رہتی ہے کتنی مالیت کے سکے ڈھلینگے

ایک روپیہ + ۸ + ۴ + ۲ = ایک روپیہ ۱۴ پس ایک گھنٹہ میں ۱ روپیہ ۱۴ × ۲۵۰۰ مالیت کے سکے ڈھلینگے

اسلئے ایک ہفتہ میں ڈھلے ہوئے سکوں کی مالیت = ایک روپیہ چودہ آنہ × ۲۵۰۰ × ۶ × ۲۴ = ۶۷۵۰۰ روپیہ

(۱۰) ۴۵ بھیڑیں ۱۰۱ روپیہ ۱۴ پائی کی خریدیں جنمیں سے ۷ بھیڑیں ۲ روپیہ ۲ ۱/۲ پائی فی بھیڑ کے حساب سے بیچڈالیں تو بتاؤ باقی اُس سے ہر بھیڑ کتنے کو بیچیں کہ ۱۲ روپیہ ۸ نفع ہو جواب ۷ بھیڑوں کی قیمت =

۲ روپیہ ۲ ۱/۲ پائی × ۷ = ۱۵ روپیہ ۳ ۱/۲ پائی - بھیڑیں جو باقی رہیں = ۴۵ - ۷ = ۳۸

اور جو روپیہ ۳۸ بھیڑوں کی قیمت سے حاصل کرنا چاہتے ہیں = ۱۰۱ روپیہ ۱۴ پائی - ۱۵ روپیہ ۳ ۱/۲ پائی + ۱۲ روپیہ ۸ پائی

= ۹۹ روپیہ ۲ ۶/۲ پائی اسلئے ایک بھیڑ کی قیمت مطلوب = ۹۹ روپیہ ۲ ۶/۲ پائی ÷ ۳۸ = ۲ روپیہ ۹ ۹/۲ پائی

(۱۱) ایک عرق کی ۶ بوتلیں فی بوتل ۱۲ ۶/۲ پائی والی اور دوسرے عرق کی ۴ بوتلیں فی بوتل ایک روپیہ ۲ والی اور تیسرے عرق کی ۱۰ بوتلیں فی بوتل ۱ روپیہ ۶ ۸/۲ پائی والی ملائیں تو اُسمیں ملے ہوئے عرق کی فی بوتل کی قیمت کیا ہے

کل بوتلوں کی قیمت = (۱۲ ۶/۲ پائی × ۶) + (۱ روپیہ ۲ ۹/۲ پائی × ۴) + (۱ روپیہ ۶ ۸/۲ پائی × ۱۰) =

۴ روپیہ ۱۱ + ۴ روپیہ ۱۱ + ۱۴ روپیہ ۲ ۸/۲ پائی = ۲۳ روپیہ ۸ ۸/۲ پائی کل بوتلیں = ۶ + ۴ + ۱۰ = ۲۰

پس اسلئے ایک بوتل عرق مرکب کی قیمت = ۲۳ روپیہ ۸ ۸/۲ پائی ÷ ۲۰ = ایک روپیہ ۲ ۱/۲ پائی

(۱۲) ایک سکہ ۴ ۹/۲ پائی کا ہے تو بتاؤ ۲۸۹ روپے ۱۲ کے بدلہ میں ایسے سکے کتنے آئینگے

۲۸۹ روپیہ ۱۲ = ۵۵۶۳۲ پائی اور ۴ ۹/۲ پائی = ۵۷ پائی پس

سکوں کی تعداد = ۵۵۶۳۲ پائی ÷ ۵۷ پائی = ۹۷۶ سکے

(۱۳) ایک ہی وقت رات کو زید و عمر سوتے ہیں زید سوا چھ بجے اُٹھتا ہے اور عمر ۸ بجے اگر وہ اسی طرح چالیس برس تک سوتا یا اور جاگا کریں تو زید کتنی دیر زیادہ عمر سے بیداری کی حالت میں رہیگا

ہر دن زید زیادہ جتنا عمر سے جاگتا رہتا ہے = ۱ گھنٹے - ۱/۴ گھنٹے = ۱ ۳/۴ گھنٹے = ایک گھنٹہ ۴۵ منٹ

۴۰ برس کے دن = ۴۰ × ۳۶۵ ۱/۴ = ۱۴۶۱۰ دن پس زید کی کل بیداری کا وقت عمر سے زیادہ

= ایک گھنٹہ ۴۵ منٹ × ۱۴۶۱۰ دن = ۲۵۵۵۷ ۱/۲ گھنٹے = ۲ برس ۳۴ دن ۱۹ ۱/۲ گھنٹے

(۱۴) پیٹھہ میں ایک گڈریہ نے ۱۴۳ بھیڑیں فی بھیڑ ۲ روپیہ، ۹ پائی کے حساب سے بیچیں اور سو بیل فی بیل ۲۱ روپیہ کو خرید کے تو بتاؤ اس خرید و فروخت کی بعد وہ کیا بچا کر اپنے گھر لے گیا

بھیڑوں کی قیمت فروخت = ۲ روپیہ، ۹ پائی × ۱۴۳ =	۳	۴	۳	روپیہ ۳۵۵
بیلوں کی قیمت خرید = ۲۱ روپیہ × ۶ =	۰	۰	۰	۳۳۶
جو روپیہ بچا کر لے گیا =	۳	۴	۱۹	

(۱۵) ایک شخص نے شرط باندھی کہ میں ایک منٹ میں سو روپیہ گنوں گا اور تین لاکھ تک برابر گنتا چلا جاؤں گا بیچ میں ٹھیرنے کا نہیں اگر مجھ سے اسطرح روپے نہ گنے جائیں تو جتنے روپے گننے سے باقی رہیں اُنمیں سے ہر روپیہ پر چوتھائی پائی جرمانہ دوں ۳۶ گھنٹے تک تو وہ گنتا رہا پھر اُس سے آگے نہ گنا گیا ہار کر بیٹھ گیا تو بتاؤ کیا جرمانہ دیا۔ جواب جو روپے ۳۶ گھنٹے میں گنے = ۱۰۰۰ روپیہ × ۳۶ × ۶۰ = ۲۱۶۰۰۰

اسلئے جو روپیہ گننے سے باقی رہے = ۳۰۰۰۰۰ روپیہ − ۲۱۶۰۰۰ روپیہ = ۸۴۰۰ روپیہ

اسلئے زر جرمانہ = ۸۴۰۰ پاؤ پائی ÷ (۴ × ۱۲ × ۱۶) = ۱۰۹ روپیہ ۶

(۱۶) ۸ فیٹ گہری ۲۵ فیٹ چوڑی ۱۲ میل لمبی نہر میں پانی کسقدر وزن میں ہوگا ایک مکعب فیٹ پانی کا وزن ۱۰۰۰ چھٹانک ہے جواب ۱۲ میل کی فیٹ = ۱۲ × ۱۷۶۰ × ۳ = ۶۳۳۶۰ فیٹ

اور نہر کا حجم = ۶۳۳۶۰ × ۲۵ × ۸ = ۱۲۶۷۲۰۰۰ مکعب فیٹ

اسلئے نہر کے پانی کا وزن = ۱۲۶۷۲۰۰۰ × ۱۰۰۰ چھٹانک = ۶۳۳۶۰۰۰۰۰۰ چھٹانک = ۹۹۰۰۰۰۰ میل

(۱۷) ایک چرخی پر جسکا محیط ۲ فیٹ ۸ انچ ہے ۵۰ فیٹ ۸ انچ لمبی رسی کتنی دفعہ میں لپیٹیگی

۲ فیٹ ۸ انچ = ۳۲ انچ اور ۵ فیٹ ۸ انچ = ۶۰۸ انچ اسلئے جتنی دفعہ میں رسی لپیٹیگی = ۶۰۸ ÷ ۳۲ = ۱۹

(۱۸) خورجہ اور دہلی کے درمیان ۵۲ میل کا فاصلہ ہے تو بتاؤ جسکا محیط ۱۶ فیٹ ۶ انچ ہے کتنے چکر کریگا

۱۶ فیٹ ۶ انچ = ۳۳ نصف فیٹ اور ۵۲ میل = ۵۲ × ۳ × ۱۷۶۰ × ۲ = ۵۴۹۱۲۰ نصف فیٹ

پس پہیے کے چکروں کی تعداد = ۵۴۹۱۲۰ ÷ ۳۳ = ۱۶۶۴۰

(۱۹) ایک قطعہ زمین ۲۵۲ گز لمبا ہے اور چاروں طرف اسکے ۱۶ گز چوڑی پھولوں کی کیاریاں بنی ہوئی ہیں تو بتاؤ کتنی زمین میں کیاریاں ہیں اور کتنی زمین خالی افتادہ ہے۔ بیچ شکل قطعہ زمین اور کیاریوں کی بنی ہوئی ہے

اب کل قطعہ زمین کا طول ۲۵۲ گز ہے تو خالی زمین کا طول (۲۵۲ − ۳۲) گز



یعنی ۲۲۰ گز ہوگا تو کیاریوں کی زمین = (۲۵۲)² - (۲۲۰)² =
۶۳۵۰۴ م گز - ۴۸۴۰۰ م گز = ۱۵۱۰۴ مربع گز = ۳ ایکڑ ۵۸۴ م گز اور
خالی زمین = (۲۲۰)² = ۴۸۴۰۰ م گز = ایک ایکڑ

(۲۰) ایک کوٹھی کا صحن ۱۵۰ فیٹ لمبا اور ۷۰ فیٹ چوڑا ہے اور اس کے گرد ۶ فیٹ چوڑی سڑک ہے اگر سڑک کی درمیانی بنی ہوئی ہو تو اسکا رقبہ بتاؤ



اس شکل میں صحن اور اسکے گرد سڑک دونو مستطیلوں کی درمیانی بنی ہوئی ہے چونکہ سڑک ۶ فیٹ چوڑی ہے اور مستطیل بیرونی کا طول ۱۵۰ فیٹ ہے تو ۱۵۰ میں سے ۱۲ تفریق کریں تو مستطیل اندرونی کا طول ۱۳۸ فیٹ معلوم ہوگا اور اسی طرح مستطیل اندرونی کا عرض ۷۰ - ۱۲ یعنی ۵۸ فیٹ معلوم ہوگا
اسواسطے مستطیل اندرونی کا رقبہ ۱۳۸ × ۵۸ مربع فیٹ = ۸۰۰۴ مربع فیٹ
اور رقبہ مستطیل بیرونی کا = (۱۵۰ × ۷۰) م فیٹ = ۱۰۵۰۰ م فیٹ فرق = ۲۴۹۶ م فیٹ
اسواسطے سڑک کا رقبہ = ۲۴۹۶ م فیٹ

دائرہ کا رقبہ اسطرح دریافت ہوتا ہے کہ نصف قطر (یعنی مرکز سے محیط کے کسی نقطہ تک کے فاصلہ) مربع کو ۲۲ میں ضرب دیکر ۷ پر تقسیم کرتے ہیں

(۲۱) دو دائروں کا ایک ہی مرکز ہے اور ان کا نصف قطر ۴ فیٹ اور ۳ فیٹ تو ان دونو دائروں کے درمیانی سطح کا رقبہ بتلاؤ جواب دونو نصف قطروں کے مربعے ۱۶ م فیٹ و ۹ م فیٹ میں تو رقبہ مطلوب = (۲۲ × ۱۶ م فیٹ - ۲۲ × ۹ فیٹ) ÷ ۷ = ۵۰ م فیٹ باقی ۲ فیٹ - ۲۸ م فیٹ
باقی ۲ فیٹ = ۲۲ م فیٹ اس عمل کا اختصار اس طرح ہوسکتا ہے کہ ۱۶ و ۹ کے فرق کو ۲۲ میں ضرب دیکر ۷ پر تقسیم کرتے ۱۶ - ۹ = ۷ و ۷ ÷ ۷ = ۱ و ۱ × ۲۲ = ۲۲

(۲۲) ۶ صندوق ہیں ہر صندوق میں ۶ گٹھریاں اور ہر گٹھری میں ۶ تھان اور ہر تھان میں ۶ گز کپڑا اور کپڑے کی قیمت ہر گز کی پونے تین آنے تو سارے کپڑے کی قیمت کیا ہے

کل کپڑے کی قیمت = ۶ × ۶ × ۶ × ۶ × ۲¾ = ۳۵۶۴ = ۲۲۳ روپیہ ۱۲ آنہ

۵۹ روپیہ ۶ را پائی کے $\frac{3}{13}$ = ۳ × (۴ روپیہ ۹ را پائی) = ۱۳ روپیہ ۱۱ را ۳ پائی

(۴) شورہ گندک کوئلہ سے بارود یوں بنتی ہے کہ ۷۵ حصہ شورہ ہوتا ہے اور ۱۰ حصہ گندک اور ۱۵ حصہ کوئلہ تو ۲۸ من بارود میں یہ اجزا کتنے ہونگے

۷۵ + ۱۵ + ۱۰ = ۱۰۰ اور ۲۸ من = ۱۱۲۰ سیر

۱۱۲۰ کے $\frac{75}{100}$ = ۱۱۲۰ کے $\frac{3}{4}$ = ۸۴۰ سیر شورہ کے

۱۱۲۰ کے $\frac{10}{100}$ = ۱۱۲۰ کے $\frac{1}{10}$ = ۱۱۲ سیر گندک کے

۱۱۲۰ کے $\frac{15}{100}$ = ۱۱۲۰ کے $\frac{3}{20}$ = ۱۶۸ سیر کوئلہ کے

(۵) ۱۴۸۴ روپیہ ۸ را پائی کے ورثہ کو بیٹے ماں بیٹی میں اس طرح تقسیم کرو کہ بیٹے کا حصہ ماں سے سہ چند ہو اور ماں کا حصہ بیٹی سے سہ چند ہو

اگر بیٹی کے حصہ کو ایک سے تعبیر کریں تو ماں کا حصہ ۳ اور بیٹے کا حصہ ۹ سے تعبیر ہوگا اور کسریں $\frac{1}{13}$ و $\frac{3}{13}$ و $\frac{9}{13}$ ہونگی

۱۴۸۴ روپیہ ۸ را پائی کا $\frac{1}{13}$ = ۱۱۴ روپیہ ۳ را پائی پس ۱۱۴ روپیہ ۳ را پائی کا سہ چند یعنی ۳۴۲ روپیہ ۹ را ۳ پائی ماں کا حصہ اور ۳۴۲ روپیہ ۹ را ۳ پائی کا سہ چند یعنی ۱۰۲۷ روپیہ ۱۱ را ۹ پائی بیٹے کا حصہ ہوگا

(۶) ایک دوالیہ نے ۳۳۶۰ روپیہ کا مال اپنا تین قرضداروں کے حوالہ کیا جنکا الگ الگ ۴۵۰۰ روپیہ و ۵۶۰۰ روپیہ و ۶۷۰۰ روپیہ دینا تھا تو بتاؤ ہر ایک کو کیا ملا

۴۵۰۰ + ۵۶۰۰ روپیہ + ۶۷۰۰ روپیہ = ۱۶۸۰۰ روپیہ اس سے معلوم ہوا کہ

۳۳۶۰ روپیہ کے $\frac{4500}{16800}$ = ۳۳۶۰ × $\frac{45}{168}$ = ۲۰ × ۴۵ = ۹۰۰

۳۳۶۰ روپیہ کے $\frac{5600}{16800}$ = ۳۳۶۰ × $\frac{56}{168}$ = ۲۰ × ۵۶ = ۱۱۲۰

۳۳۶۰ روپیہ کے $\frac{6700}{16800}$ = ۳۳۶۰ × $\frac{67}{168}$ = ۲۰ × ۶۷ = ۱۳۴۰

(۷) ایک میدان کی گھاس دو آدمیوں نے ۲۷ روپیہ کو مول لی اور ایک نے ۱۵ بیل ۱۰ ہفتے تک

اور دوسرے نے ۱۴ بیل ۷ ہفتوں تک چرائے تو بتاؤ ہر ایک شخص کیا دے

اب مویشی اور ہفتوں کی تعداد کی قیمت متناسب تقسیم ہونی چاہیئے تو حصوں میں نسبت ۱۵×۱۰ اور ۱۴×۷ ہونی چاہیئے تو کسریں $\frac{۱۵}{۲۹۷}$ اور $\frac{۱۴۷}{۲۹۷}$ ہونگی

۲۷ کے $\frac{۱۵۰}{۲۹۷} = \frac{۱۵۰}{۱۱} = ۱۳$ روپیہ ۱۰ر۲ پائی $\frac{۲}{۱۱}$

۲۷ کے $\frac{۱۴۷}{۲۹۷} = \frac{۱۴۷}{۱۱} = ۱۳$ روپیہ ۵ر۹ پائی $\frac{۵}{۱۱}$

(۸) ابتداء سال میں موہن نے اپنا سرمایہ ۳۷۵۰ روپیہ کا تجارت میں لگایا اور ۵ مہینے بعد اُسنے سوہن کو شریک کر لیا جسنے ۵۰۰۰ روپیہ کا سرمایہ اپنا تجارت میں لگایا اور سال کے آخر میں ۴۳۷ روپیہ ۲ر۸ پائی فائدہ ہوا تو بتاؤ اس نفع کو کس طرح تقسیم کریں

موہن کے حصہ کو : سوہن کے حصہ سے :: ۱۲×۳۷۵۰ : ۷×۵۰۰۰ :: ۱۲×۳ : ۷×۴ :: ۹ : ۷

اب ۴۳۷ روپیہ ۲ر۸ پائی کے $\frac{۹}{۱۶} = ۹ \times$ (۴۶ روپیہ ۷ر۲ پائی) = ۴۱۸ روپیہ ۶ پائی

اور ۴۳۷ روپیہ ۲ر۸ پائی کے $\frac{۷}{۱۶} = ۷ \times$ (۴۶ روپیہ ۷ر۲ پائی) = ۳۲۵ روپیہ ۲ر۲ پائی

(۹) ۲ روپیہ ۱ر۹ پائی کی ۱۳ مردوں اور ۱۹ لڑکوں میں اسطرح تقسیم ہوئی کہ ہر مرد کے حصہ کو ہر لڑکے کے حصہ سے وہ نسبت ہو جو ۲ : ۱ تو بتاؤ لڑکے کو کیا ملا

جو روپیہ مردوں کو دیا گیا اُسکو اس روپیہ سے کہ لڑکوں کو دیا گیا ۱۳×۲ : ۱۹×۱

یعنی ۲۶ : ۱۹ اسلئے کسریں $\frac{۲۶}{۴۵}$ اور $\frac{۱۹}{۴۵}$ ہونگی

لڑکے کا حصہ ۲ روپیہ ۱ر۹ پائی کے $\frac{۱۹}{۴۵}$ کا $\frac{۱}{۱۹}$ یعنی ۵ر۰ پائی کا $\frac{۱}{۴۵}$ یعنے ۹ پائی ہوگا

(۱۰) ۲۴ مردوں ۳۶ عورتوں ۷۲ بچوں میں ۷۵۰ روپیہ کو اسطرح تقسیم کر دو کہ جو ۲ مردوں کا حصہ ہو وہ ۳ عورتوں کا حصہ ہو اور ۲ عورت کا حصہ وہ ہو جو ۱ بچہ کا حصہ ہو

۲۴ مردوں کا حصہ = ۳۶ عورتوں کے حصوں کے

۳۶ عورتوں کا حصہ = ۳۶ عورتوں کے حصوں کے

۷۲ بچوں کا حصہ = ۳۶ عورتوں کے حصوں کے

اسواسطے کل حصے ۱۰۸ عورتوں کے حصے کے برابر ہیں تو

ہر عورت کا حصہ = $\frac{۷۵۰}{۱۰۸}$ روپئے = ۶ روپیہ ۱۵ر۱ پائی

مرد کا حصہ = $\frac{۱۲۵}{۱۸}$ کے $\frac{۳}{۴}$ = $\frac{۱۲۵}{۱۲}$ = ۱۰ روپیہ ۶ آنہ ۸ پائی

بچے کا حصہ = $\frac{۱۲۵}{۱۸}$ کا $\frac{۱}{۴}$ = $\frac{۱۲۵}{۳۶}$ = ۳ روپیہ ۷ آنہ ۱۰ پائی

(۱۱) اگر ایک ہی وقت میں ۳ مرد اور ۴ لڑکے اتنا کام کریں کہ ۴ مرد اور ۶ لڑکیاں کرتی ہیں اور ۴ مرد اور ۴ لڑکے اتنا کام کریں جتنا ۱۲ لڑکے اور ۱۲ لڑکیاں کرتی ہیں تو وہ مرد جنکو ۴ ہم کسی کام کی اجرت میں ملیں کیا اس لڑکے اور لڑکی کو انعام دے جو سب سے وقت اُس کے کام میں شریک رہے ہوں

۳ مردوں کا کام + ۴ لڑکوں کا کام = ۴ مردوں + ۶ لڑکیوں کے کام اسواسطے

ایک مرد کا کام + ۴ لڑکوں کا کام = ۶ لڑکیوں کے کام کے

۴ مردوں کا کام + ۱۶ لڑکوں کا کام = ۴ ۶ لڑکیوں کے کام کے اور بموجب شرط سوال

۴ مردوں کا کام + ۴ لڑکوں کا کام = ۱۲ لڑکوں کے کام + ۱۰ لڑکیوں کے کام

اسیواسطے ۴ مردوں کا کام = ۱۰ لڑکوں کے کام + ۱۲ لڑکیوں کے کام کے

اس مساوات کی ہر جانب میں ۶ لڑکوں کا کام زیادہ کیا تو ۴ مردوں کا کام + ۱۶ لڑکوں کا کام =

۲۶ لڑکوں کے کام + ۱۲ لڑکیوں کے کام اسواسطے ۴ لڑکیوں کا کام = ۲۶ لڑکوں + ۱۲ لڑکیوں کے کام

اسواسطے ۲ لڑکیوں کا کام = ۶ لڑکوں کے ∴ ۲ لڑکیوں کا کام = ۱ لڑکے

امرد + ۴ لڑکے = ۱۶ لڑکیوں اسواسطے ۱ مرد کا کام = ۸ لڑکیوں کے کام

اسواسطے ایک مرد اور ایک لڑکے اور ایک لڑکی کا کام ۱۱ لڑکیوں کے کام کی برابر ہے جسکی اجرت ۴ ہم ملے ہیں اسلئے ایک لڑکی کو ۴ ہم اور لڑکے کو ۸ ہم اور مرد کو ۳۲ ہم ملنے چاہئیں

(۱۲) ایک سو گیلن شراب ہے جسمیں ۲۰ فیصدی شراب اور قی پانی ہے تو بتاؤ کتنی گیلن شراب اسمیں زیادہ کریں کہ شراب ۸۰ فیصدی ہو جائے

پانی کی مقدار دونو حالتوں میں یکساں ہے شراب بڑھانے کے بعد بھی وہ ۳۰ گیلن ہے

مقدار شراب : مقدار پانی :: ۸۰ : ۲۰ :: ۱۲۰ : ۳۰ لیکن پانی ۳۰ گیلن ہے

تو اب شراب ۱۲۰ گیلن ہے اسلئے ۵۰ گیلن شراب زیادہ کرنی چاہیئے

(۱۳) ۱۴ روپیہ کی گنی ا اور ب اور ج میں اسطرح تقسیم ہوئی کہ ب کے حصہ کے $\frac{۳}{۵}$ تو ا کو ملے جو ب اور ج کے حصوں کے مجموعہ کے $\frac{۲}{۵}$ کے برابر ہے بتاؤ گنی کس طرح تقسیم ہوئی

ا کا حصہ ہی گنی - (ب کا حصہ + ح کا حصہ) لیکن ب کا حصہ + ح کا حصہ ہی ا کے حصہ کا $\frac{5}{7}$
اسواسطے ا کا حصہ = گنی - ا کے حصہ $\frac{5}{7}$ اسواسطے ا کا $\frac{2}{7}$ حصہ = گنی اور
ا کا حصہ = گنی کے $\frac{2}{7}$ = ۶ روپیہ اور ب کا حصہ = ا کے حصہ کے $\frac{5}{7}$ = ۶ × $\frac{5}{3}$ = ۱۰ روپیہ
اسواسطے باقی ح کا حصہ = ۵ روپیہ

(۱۴) ہر اونس سونے کی قیمت ۳ پونڈ، ۱ شلنگ، ۱۰ $\frac{1}{2}$ پنس ہے سونے چاندی کا ایک ڈلا ۱۸ پونڈ وزن میں ہے اور اُسکی قیمت ۶۴۷ پونڈ، شلنگ ہی لیکن اگر اس ڈلے میں سونے اور چاندی کی نسبت معکوس ہو جائے تو اُسکی قیمت ۶۵۹ پونڈ ۱ شلنگ ہو جائے تو اس ڈلے میں سونے اور چاندی کی نسبت دریافت کرو اور چاندی کی ایک اونس کی قیمت

اگر دونوں ڈلے ملائے جائیں تو انمیں ۳۶ پونڈ سونا اور ۳۶ پونڈ چاندی ہوگی اور انکی قیمت $\frac{1}{2}$ ۱۳۱۲ پونڈ
۷ شلنگ + ۶۵۹ پونڈ ۱ شلنگ ہوگی اسواسطے

۱۸ پونڈ سونے کی قیمت + ۱۸ پونڈ چاندی کی قیمت = ۸۹۶ پونڈ ۸ شلنگ
اور ۱۸ پونڈ سونے کی قیمت = ۱۸ × ۱۲ (۳ پونڈ، ۱ شلنگ، ۱۰ $\frac{1}{2}$ پنس) = ۴۱۸ پونڈ ۱ شلنگ
اسواسطے ۱۸ پونڈ چاندی کی قیمت = ۵۵ پونڈ، شلنگ

اسواسطے ایک اونس چاندی کی قیمت ۵ شلنگ ۱ $\frac{1}{2}$ پنس ہے اب اُنکی مقدار کے لئے دونو مرکب ڈلوں کی قیمتوں کا فرق (۶۴۷ پونڈ، شلنگ) - (۶۵۹ پونڈ ۱ شلنگ) یعنے ۳۷۸ پونڈ، شلنگ ہے اور سونے اور چاندی کے ایک ایک اونس کی قیمت کا فرق (۳ پونڈ، ۱ شلنگ، ۱۰ $\frac{1}{2}$ پنس) - (۵ شلنگ ۱ $\frac{1}{2}$ پنس) یعنے ۳ پونڈ ۱۲ شلنگ ۹ پنس ہے اب ۳۷۸ پونڈ، شلنگ کو ۳ پونڈ ۱۲ شلنگ ۹ پنس پر تقسیم کرو تو اول دوسرے میں ۱۰۴ دفعہ شامل ہے جسکا آدھا ۵۲ ہی اسلئے سونے کی مقدار پہلے ڈلے میں ۹ پونڈ + ۵۲ اونس یعنے ۱۳ پونڈ ۴ اونس ہے اور چاندی ۹ پونڈ ۴ اونس ۵ اونس یعنے ۴ پونڈ ۸ اونس
اسواسطے مرکب ڈلے میں سونے کی مقدار کو : چاندی کی مقدار : : ۱۳ پونڈ ۴ اونس : ۴ پونڈ ۸ اونس
: : ۱۶۰ اونس : ۵۶ اونس : : ۲۰ : ۷

(۱۵) ایک انعام ا اور ب اور ج میں $\frac{3}{4}$ و $\frac{14}{15}$ و $\frac{5}{8}$ کے نسبتوں سے تقسیم ہوا اور ا کو ۹۰۰ روپے ملے تو بتاؤ کل انعام کیا ملا

$\frac{3}{4}$ و $\frac{14}{15}$ و $\frac{5}{8}$ = $\frac{90}{120}$ و $\frac{112}{120}$ و $\frac{75}{120}$ بالتناظر اسلئے ہم کسروں $\frac{3}{4}$ و $\frac{14}{15}$ و $\frac{5}{8}$ کی بجاے اعداد ۹۰ و ۱۱۲ و ۷۵ کام میں لاتے ہیں اب ہم کو اول ایسی اکائی دریافت کرنی چاہیئے جو ۹۰ کو ناپ سکے اسلئے یہ اکائی ۱۰ روپیہ ہی اسواسطے رقم مطلوب ۱۰ روپیہ کی (۹۰ + ۱۱۲ + ۷۵) گنی یعنی ۲۷۷ روپیہ کل انعام ہے

(۱۶) ایک شخص تہائی مال اپنی بیوی کو اور آدھا مال بیٹے کو اور باقی چاروں بیٹوں کو برابر برابر دے گیا اس بیٹے کو ۲۸۶ روپے زیادہ ہر ایک بہن سے ملے تو بتاؤ کل روپیہ کتنا چھوڑا اگر کل مال کو اکائی سمجھیں تو چاروں بہنوں کو $(1 - \frac{1}{3} - \frac{1}{2})$ یعنے $\frac{1}{12}$ ملا اور ہر بہن کو $\frac{1}{4}$ کی $\frac{1}{12}$ یعنی $\frac{1}{48}$ ملا اور $\frac{1}{2}$ و $\frac{1}{48}$ میں فرق $\frac{11}{48}$ کا ہے اور بھائی اور بہن کے حصہ میں فرق ۲۸۶ روپیہ کا ہے اسواسطے مال کے $\frac{11}{48}$ برابر ہے ۲۸۶ یعنے ۲۸۶ × $\frac{48}{11}$ یا ۲۶ × ۲۴۰ یا ۶۲۴۰ روپے

(۱۷) ۵۰ روپیہ میں کتنے روپئے اور کتنی کتنی اٹھنیاں و چونیاں ہونی چاہئیں کہ انکی نسبت ۳ : ۴ : ۵ کی ہو اب ان تینوں قسم کے سکوں کے گروہوں کی قیمت میں نسبت ۳ × ۱۲ : ۴ × ۸ : ۵ × ۵ یعنے ۳۶ : ۳۲ : ۲۵ ہونی چاہیئے اسلئے

روپیوں میں انکی مقدار = $\frac{50}{93}$ × ۳۶ = ۱۹ روپیہ اور اٹھنیاں = $\frac{50}{93}$ × ۳۲ = ۱۷ روپیہ ۸ آنے اور چونیاں = $\frac{50}{93}$ × ۲۵ = ۱۳ روپیہ ۸ آنے اسلئے ۱۹ روپئے ۱۷ اٹھنیاں ۴۰ چونیاں ہونی چاہئیں

(۱۸) اگر بارود کے اجزا ایسی نسبت سے لیں جو مثال ہم میں بیان ہوئی ہے تو بتاؤ ۳ سیر گندک میں کتنی بارود بنے گی اور کوئلہ و شورہ کتنا کتنا درکار ہوگا جواب ۲۰ سیر ۱۹۰ سیر شورہ ۱۳۰ سیر کوئلہ

(۱۹) ایک لڑائی میں ہر ۵ آدمیوں میں سے ۴ سپاہی مارے گئے اور ۱ زخمی ہوا اور ۳۸۰۰ بالکل صحیح سلامت رہے تو بتاؤ سپاہ میں اول کتنے آدمی تھے جواب ۵۰۰۰۰

(۲۰) ۴ قصبوں میں سے انکی آبادی کے تناسب ۱۴۰ آدمی بھرتی کرنے ہیں اور انکی آبادی ۱۰۵۰ و ۷۵۰ و ۱۱۲۰ و ۲۶۴۵ ہے تو ہر ایک قصبہ سے کتنے کتنے آدمی بھرتی کئے جائینگے

جواب ۲۰ و ۳۰ و ۴۰ و ۵۰

(۲۱) ۷۰۰ سکے ہیں جنمیں روپئے اٹھنیاں چونیاں ہیں اور انکی قیمتوں میں نسبت ۲ : ۳ : ۵ کی ہے تو بتاؤ روپیوں کی تعداد کیا ہے جواب ۵۰

(۲۲) دائرہ کا رقبہ نصف قطر سے نسبت ہوتی ہے جو انکے نصف قطروں کے مربعوں میں تو دائرہ کو

جسکا نصف قطر ۱ ہے اگر تین برابر حصوں میں متحد المرکز دائروں سے تقسیم ہو تو اُن کے نصف قطر کیا ہونگے۔ جواب نصف قطر $\frac{1}{\sqrt{3}}$ و $\frac{\sqrt{2}}{\sqrt{3}}$ ہیں

(۲۳) اگر روپیہ میں خالص چاندی اور ملاوٹ کے وزنوں میں نسبت ۱۱ واحد کی ہو اور خالص چاندی کی قیمت ۴ روپیہ ۱۰ر ۵ فی اونس ہو تو روپیہ کا وزن گرین میں بیان کرو۔ بافت کرو کہ اُسکی قیمت وہ ہے جو انکی خالص چاندی کی قیمت ہے۔ جواب ۱۸۰ گرین

(۲۴) تین کسروں کا مجموعہ = $\frac{1}{105}$ اور پہلی کسر کا جو دہ گنا = دوسری کسر کے پندرہ گنے = تیسری کسر کے ۱۸ گنے کے تو بتاؤ وہ کسریں کیا ہیں جواب $\frac{2}{5}$ و $\frac{1}{3}$

(۲۵) تین قزاقوں کا ایک گروہ تھا اُن میں لوٹ کے مال کی اسطرح تقسیم ہوئی تھی کہ قزاق جو بڑا مشاق تھا وہ دو چند دوسرے قزاق سے لیتا تھا اور دوسرا تیسرے سے ڈیوڑھا تو ۱۵۸ روپیہ ۱۳ر کی لوٹ اُنمیں کس طرح تقسیم ہو گی جواب ۴۸ روپیہ ۱۴ر و ۴۳ روپیہ ۵ر و ۸۶ روپیہ ۱۱ر

سوالات نمبری ۸۴ شرکت متحد الزمان و مختلف الزمان و مفرد و مرکب

(۱) دو سوداگروں میں ایک نے ۱۵۰۰ روپئے اور دوسرے نے ۲۵۰۰ روپئے ساجھے میں ملا کر تجارت کی ۱۲۰۰ روپیہ فائدہ ہوا تو بتاؤ ہر ایک کیا لے

۱۵۰۰ + ۲۵۰۰ = ۴۰۰۰ روپیہ اب یہ سوال دو طرح حل کرتے ہیں پہلی ترکیب یکانگی سے

۴۰۰۰ روپیہ کا فائدہ = ۱۲۰۰ روپیہ اسلئے ۱ روپیہ کا فائدہ = $\frac{1200}{4000}$ = $\frac{3}{10}$ روپیہ

اور ۱۵۰۰ روپیہ کا فائدہ = $(\frac{3}{10} \times 1500)$ روپیہ = ۴۵۰ و ۲۵۰۰ روپیہ کا فائدہ = $\frac{3}{10} \times 2500$ = ۷۵۰ یعنی ۷۵۰ روپیہ

تناسب سے کل سرمایہ : ایک کے سرمایہ سے :: کل فائدہ : ایک کے فائدہ سے

∴ ۴۰۰۰ روپیہ : ۱۵۰۰ روپیہ :: ۱۲۰۰ روپیہ : ایک کے فائدہ

∴ یہ فائدہ = $\frac{1200 \times 1500}{4000}$ = ۴۵۰ روپیہ

اسی طرح ۴۰۰۰ روپیہ : ۲۵۰۰ روپیہ :: ۱۲۰۰ روپیہ دوسرے کے فائدہ سے

∴ یہ فائدہ = $\frac{1200 \times 2500}{4000}$ روپیہ = ۷۵۰ روپیہ

(۲) ایک دوالیہ کو موہن کے ۵۵۰۰ روپئے سوہن کو ۶۵۰۰ روپئے اور رادھا کو ۸۰۰۰ روپئے دینے تھے اور وہ صرف ۸۹۲۰ روپیہ دیسکتا ہے تو بتاؤ ہر ایک قرضدار کو کیا ملے گا

قرض = ۵۵۰۰ روپیہ + ۶۵۰۰ روپیہ + ۸۰۰۰ روپیہ = ۲۰۰۰۰ روپیہ

∴ ۲۰۰۰۰ روپیہ میں سے ۸۹۲۰ روپیہ دینا ہے

اسلئے ایک روپیہ میں $\frac{8920}{20000}$ یعنی $\frac{223}{500}$ روپیہ دینا ہے اسلئے موہن کے ۵۵۰۰ روپیہ میں $(\frac{223}{500} \times 5500)$ روپئے یعنے ۲۴۴۳ روپیہ دینا ہے اور سوہن کے ۶۵۰۰ ہیں $(\frac{223}{500} \times 6500)$ دیئے یعنی ۲۹۰۹ روپیہ دینا ہے اور رادھا کے ۸۰۰۰ روپئے میں ۳۵۶۸ روپئے دیتا ہے

(۳) دوآمی آ اور ب ساجھی ہوئے آ نے ۴۰۰۰ روپئے ۷ مہینے تک اور ب نے ۳۰۰۰ روپئے ۴ مہینے تک بنج میں لگائے رکھے جسمیں ۸۰۰ روپئے کا فائدہ ہوا تو بتاؤ کس طرح وہ تقسیم ہو

۴۰۰۰ روپئے سے ۷ مہینے میں وہی فائدہ حاصل ہوگا جو (4000×7) یعنے ۲۸۰۰۰ روپیہ سے ایک مہینہ میں اور اسی ۳۰۰۰ روپئے سے ۴ مہینے میں وہی فائدہ ہوگا جو (3000×4) روپئے یعنی ۱۲۰۰۰ روپیہ ایک مہینہ میں پس یوں سمجھو کہ آ نے ۲۸۰۰۰ روپئے اور ب نے ۱۲۰۰۰ روپئے ساجھی ملاکر ایک مہینہ تجارت کی

اب یہ سوال شراکت مفرد کا ہوگیا ۲۸۰۰۰ روپیہ + ۱۲۰۰۰ روپیہ = ۴۰۰۰۰ روپئے

چونکہ ۴۰۰۰۰ روپیہ کا فائدہ ایک مہینہ میں = ۸۰۰ روپیہ تو ایک روپیہ کا فائدہ = $\frac{800}{40000}$ = $\frac{1}{50}$ روپیہ

اسلئے ۲۸۰۰۰ روپیہ کا فائدہ ایک مہینے میں = $(28000 \times \frac{1}{50})$ روپئے = ۵۶۰ روپئے

اور ۱۲۰۰۰ روپیہ کا فائدہ ایک مہینے میں = $(12000 \times \frac{1}{50})$ روپیہ = ۲۴۰ روپیہ

اسلئے آ کا حصہ ۵۶۰ روپیہ اور ب کا ۲۴۰ روپئے تو اب تناسب سے اسطرح حل ہوگا

۴۰۰۰۰ روپیہ : ۲۸۰۰۰ روپیہ :: ۸۰۰ روپئے : آ کے فائدہ

∴ ۴۰ : ۲۸ :: ۸۰۰ روپیہ : آ کے حصہ ∴ ۱ : ۲۸ :: ۲۰ روپیہ : آ کے فائدہ سے

∴ آ کے فائدہ کا حصہ = (28×20) = ۵۶۰ اور ب کا حصہ = ۸۰۰ روپیہ - ۵۶۰ روپیہ = ۲۴۰ روپئے

(۴) آ اور ب نے ایک کھیت ۴۵ روپیہ کو لیا آ نے ۲۳ بیل ۹ مہینے چرائے اور ب نے ۳۹ بیل ۷ مہینے تو بتاؤ ہر ایک اپنے حصہ کی بابت کیا دے

۲۳ بیلوں کی چرائی ۹ مہینے میں اتنی ہوگی جتنی کہ 23×9 یعنی ۲۰۷ بیلوں کی ایک مہینہ میں اور ۳۹ بیلوں کو ۷ مہینے میں اتنی چرائی ہوگی جتنی کہ 39×7 یعنے ۲۷۳ بیلوں کی ایک مہینہ میں

∴ (۲۰۷ + ۲۷۳) بیل یعنی ۴۸۰ بیلوں کی چرائی ۴۵ روپیہ ہوگی اور ایک بیل کی چرائی

۴۵/۸۰ روپیہ یعنی ۳/۴ روپیہ ہوگی اور ۷۰ بیلوں کی = ۷۰ × ۳/۴ روپیہ یعنی ۱۹ روپیہ ۶ پائی
∴ آ ۱۹ روپیہ ۶ پائی دے اور ب ۴۵ روپیہ − ۱۹ روپیہ ۶ پائی = ۲۵ روپیہ ۹ پائی دے

(۵) آ اور ب اور ج نے ایک کھیت ۳۰۰ روپیہ کو لیا آ نے ۱۰ گھوڑے ۱ ایک مہینہ چرائے اور ب نے ۱۲ بیل ۱ مہینے اور ج نے ۲۰ بھیڑیں ۳ مہینے چرائیں تو بتاؤ ہر ایک کو کیا خرچ دینا ہوگا اگر گھوڑے بیل بھیڑ کی خوراکوں کی مقداروں میں نسبت ۴ و ۳ و ۱ کی ہے

حصوں میں نسبت ۴ × ۱۰ × ۱ : ۱۲ × ۳ × ۳ اور ۲۰ × ۳ × ۱ یعنی ۴۰ : ۳۶ : ۲۰

∴ آ کا حصہ = ۳۰۰ روپیہ کے ۴۰/۹۶ = ۱۰۰ روپیہ اور ب کا حصہ = ۳۰۰ روپیہ کے ۳۶/۹۶ = ۱۸۷½ روپیہ

اور ج کا حصہ = ۳۰۰ روپیہ کے ۲۰/۹۶ = ۶۲½ روپیہ

(۶) ایک آدمی ۵۰۰۰ روپیہ مال چھوڑ مرا اور وصیت کر گیا کہ اُسکے بچوں میں اس طرح تقسیم ہو کہ بڑے بچے کو ۴۰۰۰ روپئے اور اُس سے چھوٹے بچے کو ۱۶۰۰ روپئے اور سب سے چھوٹے بچے کو باقی مگر مال ابھی تقسیم نہیں ہوا تھا کہ ۱۵۰۰ روپیہ مقدمہ میں اُٹھ گیا تو بتاؤ باقی روپیہ کس طرح بچوں میں تقسیم ہو

۵۰۰۰ روپیہ − ۱۵۰۰ روپیہ = ۳۵۰۰ ا ب ۵۰۰۰ روپیہ کی جگہ ۳۵۰۰ روپیہ باقی ہے

اسلئے ایک روپیہ کی جگہ ۳۵۰۰/۵۰۰۰ روپئے = ۷/۱۰ روپئے باقی ہیں

اسلئے ۴۰۰۰ روپیہ کی جگہ ۴۰۰۰ کے ۷/۱۰ یعنی ۲۸۰۰ روپئے باقی ہیں اور ۱۶۰۰ روپیہ کی جگہ ۱۶۰۰ کے ۷/۱۰ یعنی ۱۱۲۰ روپئے باقی ہیں اور ۱۴۰۰ روپیہ کی جگہ ۱۴۰۰ روپیہ کے ۷/۱۰ یعنی ۹۸۰ روپئے باقی ہیں

(۷) دو سوداگر ۱۶ مہینے کے لئے ساجھی ہوئے آ نے اول ۳۰۰۰ روپئے لگائے اور ۶ مہینے کے بعد ۱۰۰۰ اور بڑھایا اور ب نے اول ۵۰۰۰ روپئے لگائے اور ۴ مہینے کے بعد ۴۸۰۰ روپئے نکال لئے اور وقت موعود کے آخر میں اُنکو ۳۱۲۰ روپئے فائدہ ہو تو بتاؤ کیونکر وہ تقسیم کریں

۳۰۰۰ روپئے ۱۶ مہینے کے واسطے = ۴۸۰۰۰ روپئے ایک مہینہ کے واسطے

۱۰۰۰ روپئے ۱۰ مہینے کے واسطے = ۱۰۰۰۰ روپئے ایک مہینہ کے واسطے

∴ آ کا سرمایہ = ۴۸۰۰۰ روپیہ + ۱۰۰۰۰ روپیہ = ۵۸۰۰۰ روپئے ایک مہینہ کے واسطے

اور ۵۰۰۰ روپئے × ۸ مہینے کے واسطے = ۵۰۰۰ × ۸ روپئے = ۵۲۰۰۰ روپئے ایک مہینے کے واسطے

۶۵۰۰ روپیہ - ۴۲۵۰ روپیہ = ۲۲۵۰ اور ۲۲۵۰ روپے ۸ مہینے کے واسطے = ۱۸۰۰۰ روپے ایک مہینہ کے واسطے

ب کا سرمایہ = ۵۸۰۰۰ روپیہ + ۱۸۰۰۰ روپیہ = ۷۶۰۰۰ روپیہ "

ا کا سرمایہ + ب کا سرمایہ = ۵۸۰۰۰ روپیہ + ۷۶۰۰۰ یعنے ۱۳۴۰۰۰ روپیہ "

فائدہ ۱۳۴۰۰۰ روپیہ کا = ۳۱۲۰ ∴ فائدہ ایک روپیہ کا $\frac{۳۱۲۰}{۱۳۴۰۰۰}$ یعنے $\frac{۳۹}{۱۶۷۰۰}$ روپیہ

اور ۵۸۰۰۰ روپیہ کا فائدہ = ۵۸۰۰ روپیہ کے $\frac{۳۹}{۱۶۷۰۰}$ = ۱۴۱۳ روپیہ ۱۲ ر

∴ ب کا فائدہ = ۳۱۲۰ روپیہ - (۱۴۱۳ روپیہ ۱۲ ر) = ۱۷۰۶ روپیہ ۴ ر

(۸) ا اور ب ایک سال کے لئے شریک ہوئے اور ا نے ۶۰۰ روپے اور ب نے ۱۲۰۰ روپے ساجھی میں ملائے لیکن ۴ مہینے کے بعد ب نے $\frac{۲}{۳}$ اپنا روپیہ الگ کر لیا اور پھر ۴ مہینے بعد جو روپیہ نکالا تھا اسکے $\frac{۱}{۴}$ پھر لگا دیا اب انمیں ۵۶۰ روپیہ کا فائدہ تقسیم کرو

۶۰۰ روپیہ ۱۲ مہینے کے واسطے = ۷۲۰۰ روپیہ ایک مہینہ کے واسطے

اسواسطے ا کا سرمایہ = ۷۲۰۰ روپیہ "

اور ۱۲۰۰ روپیہ کی $\frac{۲}{۳}$ = ۸۰۰ روپیہ اور ۱۲۰۰ روپیہ - ۸۰۰ روپیہ = ۴۰۰ روپیہ

۸۰۰ روپیہ کی $\frac{۱}{۴}$ = ۲۰۰ روپیہ اور ۴۰۰ روپیہ + ۲۰۰ روپیہ = ۶۰۰ روپیہ

اسلئے ب کا سرمایہ = ۱۲۰۰ × ۴ + ۴۰۰ × ۴ + ۶۰۰ × ۴ = ۸۸۰۰ روپیہ ایک مہینہ کے واسطے

اور ۷۲۰۰ روپیہ + ۸۸۰۰ روپیہ = ۱۶۰۰۰ روپیہ اب ۱۶۰۰۰ روپیہ کا فائدہ ۵۶۰ روپیہ ہے

اسلئے ایک روپیہ کا فائدہ = $\frac{۵۶۰}{۱۶۰۰۰}$ روپیہ یعنے $\frac{۲}{۱۲۵}$ روپے اور

۷۲۰۰ روپیہ کا فائدہ = ۷۲۰۰ روپیہ کے $\frac{۲}{۱۲۵}$ = ۱۱۵۲ روپیہ اور ب کا فائدہ = ۱۴۰۸ روپیہ

(۹) دو شخص تین آدمی ایک کام کو بناتے ہیں اور اُسکی اجرت ۹ روپیہ ۳ ر ۹ پائی پاتے ہیں ایک انمیں سے باری باری سے ۸ گھنٹے اور ۹ گھنٹے روز کام کرتا ہے اور دوسرا آدمی ۵ دن تک کچھ ۹ گھنٹے روز کام کرتا ہے اور باقی دن کچھ کام نہیں کرتا تو بتاؤ ہر ایک کو کیا اجرت ملنی چاہیے اور کو کام نہیں

ایک انمیں سے (۹ × ۶ + ۸ × ۶) گھنٹے یعنے ۱۰۲ گھنٹے کام دو ہفتوں میں کرتا ہے

دوسرا (۹ $\frac{۱}{۲}$ × ۱۰) یعنے ۹۵ گھنٹے کام دو ہفتوں میں کرتا

اسواسطے پہلے کی اجرت (۹ روپیہ ۳ ر ۹ پائی) کے $\frac{۱۰۲}{۱۹۷}$ یعنے ۴ روپیہ ۱۲ ر ۶ پائی ہے

دوسرے کی اجرت (۹ روپیہ ۲ ر ۹ پائی) کے $\frac{95}{192}$ یعنے ۴ روپیے ۳ ر ۳ پائی

سوالات نمبری ۸۵-اشیا کا مخلوط کرنا

تجارت میں اسکی بھی ضرورت پڑتی ہے کہ جنمیں ایک ہی جنس مختلف قسموں و قیمتوں کی آپسمیں اسنسبت سے ملائی جائیں کہ انکی خاص قیمت ہوجائے۔

یہ بھی ہوتا ہے کہ اجناس کے ارزاں کرنے کے واسطے انمیں ارزاں یا بے قیمت چیزیں ملا دیتے ہیں۔

(۱) کس نسبت سے ۱ روپیہ ۱۲ پونڈ کی چاء میں ۱ روپیہ ۴ پونڈ کی چاء ملائی جائے کہ ایک روپیہ ۹ پونڈ کی چاء بن جائے جواب اب یہاں قیمت فروخت سستی چاء سے ۵ پونڈ مہنگی ہیں اور گراں چاء سے ۳ پونڈ گھٹتی ہیں اس سے معلوم ہوا کہ دونو قسم کی چاء اتنی ملنی چاہیئے کہ جتنی سستی چاء سے کل قیمت گھٹتی ہے اتنی ہی مہنگی چاء سے بڑھے

اسواسطے سستی چاء کی تعداد پونڈ ۵ برابر ہونی چاہیئے مہنگی چاء کی تعداد پونڈ ۳ اسواسطے

سستی چاء کی تعداد پونڈ : مہنگی چاء کی تعداد پونڈ :: ۳ : ۵

(۲) ایک سوداگر پاس ۱۵ شلنگ بارپل کی اور ۲۵ شلنگ بارپل کی اور ۳۵ شلنگ بارپل کی شراب ہیں تو بتاؤ کتنی کتنی وہ ملائیں کہ ۳۰ شلنگ بارپل کی شراب بن جائے

اول قسم کے بارپل کے بیچنے سے ۱۵ شلنگ فائدہ ملتا ہے اور دوسری قسم کی بارپل بیچنے سے ۵ شلنگ فائدہ ملتا ہے اور تیسری قسم کے بارپل بیچنے سے ۵ شلنگ نقصان ہوتا ہے تو مرکب شراب ۳۰ شلنگ بارپل کی اس طرح بن سکتی ہے کہ ایک اول قسم کی بارپل کی جگہ ۲ بارپل تیسری قسم کی اور دوسری قسم کی بارپل کی جگہ ایک تیسری قسم کا بارپل ملایا جائے ایک ۱۵ شلنگ کا اور دوسرا ۲۵ شلنگ کا اور تیسرا ۳۵ بارپل ۳۵ شلنگ کا ملایا جائے یا اس طرح

۳۰		
۱۵	۲۵	۳۵
۵		۱۵
	۵	۵
۵	۵	۲۰
۱	۱	۴

(۳) تین قسم کی شراب ۴ شلنگ ۶ شلنگ ۱۰ شلنگ گیلن کی تھی تو کتنی کتنی ہر ایک قسم کی شراب ملائی جائے

کہ ۴۴ شلنگ گیلن کی شراب بن جائے

۲۲

۱۴	۱۹	۲۶
۴		۸
۳	۴	
۱۱	۴	۴

اس سے معلوم ہوا کہ ۴ گیلن ۴ شلنگ کی اور ۴ گیلن ۴ شلنگ کی اور ۹ شلنگ کی ۱ گیلن ملانی چاہیے ظاہر ہے

کہ ۴ × ۱۴ = ۵۶ و ۴ × ۱۹ = ۷۶ و ۱۱ × ۲۶ = ۲۸۶

۴ × ۱۹ = ۷۶

۱۱ × ۲۶ = ۲۸۶

۱۹ ۴۱۸ = ۲۲

(۴) چار قسم کے مصالح ۲¾ روپے ۴¾ روپے ۷ روپے ۱۰½ روپے کے ہیں تو بتاؤ کتنی کتنے چھٹانک کے ملائیں کہ ۵¾ روپے چھٹانک کا مصالح بنے۔ نسبتوں کو پیسوں میں بیان کرو

۱۰ ۲۳

۴۱	۲۸	۱۹
۱۲	۴	۵

۲۳

پس ۱۸ چھٹانک ۲¾ روپے والا وہ چھٹانک ۴¾ روپے والا و ۱۸ چھٹانک ۷ روپے والا اور ۱۲ چھٹانک ۱۰½ روپے والا ملایا جائے۔ اب ہم اوپر کے عملوں کے سوال بغیر حل لکھتے ہیں

(۵) تین آدمیوں نے ایک مکان ایک سال کے لئے ۹۶۰ روپیہ کو کرایہ لیا ایک اسمیں پہلی جنوری سے ۱۴ مارچ تک اور دوسرا ۱۵ مارچ سے ۷ اگست تک اور تیسرا ۸ اگست سے آخر سال تک رہا تو بتاؤ ہر ایک کیا ادا کرے۔ جواب ۱۹۲ روپیہ ۳۸۴ روپیہ ۳۸۴ روپیہ

(۶) تین آدمیوں آ اور ب اور ج نے ساجھا ملا کر ۴۰۰ روپے سے تجارت شروع کی آ نے ب سے ۴۰ روپیہ زیادہ اور ب نے ج سے ۳۰ روپیہ زیادہ دئے اور ۹۶ روپیہ فائدہ ہوا تو بتاؤ ہر ایک کے حصہ میں کیا فائدہ آیا جواب آ کو ۳۸۵ روپیہ ب کو ۲۲۵ روپیہ ج کو ۱۸۰ روپیہ

(۷) خالص پانی میں دو اجزا آکسیجن اور ہائی ڈروجن ۸۸۷۹ : ۱۱۱ نسبت سے ہوتے ہیں۔ تین من پانی میں ہر گاس کتنی کتنی ہوگی جواب آکسیجن ۲۶۶۸ من ہائی ڈروجن ۳۳۲ سیر

(۸) آ اور ب نے ٹھیکہ لیا آ نے ۱۰ آدمی ۱۰ دن تک لگائے اور پھر ۱۸ آدمی چھ دن تک اور بڑھائے ب نے ۱۲ آدمی ۱۰ دن تک اور ۵ آدمی ۱۲ دن تک لگائے کل ۳۳۲ روپے ملے تو بتاؤ سب کو کیا ملنا چاہیے جواب ۲۵۲ روپیہ

(۹) آ اور ب اور ج نے شریک ہو کر ۲۱۶ روپیہ کو ایک کھیت لیا آ نے ۴۰ بھیڑیں اور ب نے

۱۵ بھیڑیں ا ورح نے ۱۰۰ بھیڑیں چھوڑیں ۴ مہینے کے بعد ا نے اپنے ریوڑ کی ۱/۴ ح کے ہاتھ بیچ ڈالیں اور ۳ مہینے کے بعد ب نے اپنے ریوڑ کی ۱/۲ ا کے ہاتھ بیچیں تو سال کے آخر میں ہر ایک اپنے حصہ کی بابت کیا دے جواب آ ۷۲ روپیہ اور ب ۶۰ روپیہ اور ح ۸۴ روپیہ دے

(۱۰) آ اور ب نے شریک ہو کر سوداگری شروع کی ا نے ۷۰ روپے اور ب نے ۵۰ اور ح نے چار مہینے بعد ح نے ۱۸۰ روپے اسمیں ملا دیے سال کے آخر میں یہ معلوم ہوا کہ کل سرمایہ کا ۱/۱۰ فائدہ ہوا ہے تو بتاؤ وہ کس طرح تقسیم ہو۔

جواب آ ۱۷۱ روپے ۸ ر اور ب ۱۲۲ روپیہ ۸ ر اور ح ۱۴۷ روپے لے

(۱۱) آ اور ب ایک سال کے لئے تجارت میں شریک ہوئے ا نے شروع سال میں ۱۶۰۰ روپیہ دیے اور ۴ مہینے کے بعد ب نے اتنے روپے دیے کہ وہ اسی دو سال کے آخر میں آدھے فائدہ کا مستحق ہو گیا تو بتاؤ ب نے کیا دیا۔ جواب ۲۴۰۰ روپے

(۱۲) اگر تین مرد اتنا کام کریں جتنا کہ ۴ عورتیں یا ۷ بچے تو بتاؤ ۱۰ روپیہ کی مزدوری ایک دن کی ۹ مرد ۶ عورتوں اور ۱۰ بچوں میں کس طرح تقسیم کی جائے۔

جواب مرد کا حصہ ۹ ر ۴ پائی عورت ۷ ر بچہ ۴

(۱۳) ۲۸۴ روپیہ کو ۳ مردوں اور ۸ عورتوں اور ۱۰ بچوں میں یہ مان کر تقسیم کرو کہ ۴ مرد اتنا کام کرتے ہیں جتنا کہ ۵ عورتیں اور ۳ عورتیں اتنا کام کرتی ہیں کہ ۵ بچے

جواب مرد کا حصہ ۲۰ روپیہ عورت کا ۱۶ روپیہ بچے کا ۹ ۳/۵

(۱۴) ۲۱۰ روپیہ کی رقم روپیوں اٹھنیوں دچونیوں سے بنائی گئی اور انکی تعداد میں نسبت ۳ : ۱۰ : ۲۴ کی ہے تو بتاؤ ہر ایک کتنی ہیں جواب ۴۵ روپے ۱۵۰ اٹھنیاں ۳۶۰ چونیاں

سوالات نمبری ۸۶ - اوسط

(۱) تین آدمیوں کی عمریں ۷۰ و ۷۴ و ۷۹ برس ہیں تو انکا اوسط عمر کیا ہے

مجموعہ عمر ونکا ۷۰ و ۷۴ و ۷۹ یعنے ۲۲۵ ہے اسکو ان کی تعداد یعنے ۳ پر تقسیم کرو تو حیثیت اوسط ۷۵ نکلے گی

(۲) ۴۰ لڑکوں کی جماعت کا اوسط ۱۴ ۵/۷ انہا ایک لڑکا جماعت میں اسی عمر کا داخل ہوا کہ

جس سے جماعت کی عمر کا اوسط بڑھ کر ۱۵ ہو گیا تو بتاؤ اُس کی عمر کیا ہے

ظاہر ہے کہ اگر جماعت کی اوسط عمر کو تعداد لڑکوں میں ضرب دیں تو حاصل ضرب جماعت کے لڑکوں کی عمروں کا مجموعہ ہوگا اسواسطے ۲۰ لڑکوں کی جماعت کی عمروں کا مجموعہ ۲۰ اور ۱۵ کا حاصل ضرب ہے اور ۲۱ لڑکوں کی جماعت کی عمروں کا مجموعہ ۱۵ اور ۲۱ کا حاصل ضرب ہے اسلئے لڑکے کی عمر $(۱۵ \times ۲۱ - ۲۰ \times ۱۴ = ۹۵)$ یعنے ۱۶ برس ہے

(۳) ایک مدرسہ میں ۱۲ لڑکے ہیں جنمیں سے بیس برس کا اور ۱۹ برس کے ۲ اور ۱۸ برس کے ۳ اور ۱۷ برس کے ۴ و ۱۵ برس کے ۵ و ۱۴ برس کے ۴ و ۱۳ برس کے ۲ تو بتاؤ اُنکی عمر کا اوسط کیا ہے

عمروں کا مجموعہ $= ۲۰ + ۲ \times ۱۹ + ۳ \times ۱۸ + ۴ \times ۱۷ + ۵ \times ۱۵ + ۴ \times ۱۴ + ۲ \times ۱۳ = ۷۵ \times ۲$

$۲۰ + ۳۸ + ۵۴ + ۶۸ + ۵۳ + ۵۶ = ۲۶ \therefore ۳۳۷ =$ اوسط $= ۳۳۷ \div ۲۱ = ۱۶$ ر ۰۴۷

(۴) ایک قصبہ کی آبادی ۱۸۰۱ء میں ۲۸۷۵۰ تھی اور ۱۸۰۸ء میں ۳۰۰۰۰ تو بتاؤ افزائش آبادی کا اوسط سالانہ کیا ہے۔ جواب

افزائش آبادی ۱۰ سال $= ۳۰۰۰۰ - ۲۸۷۵۰ = ۱۲۵۰$ اسلئے اوسط افزائش $= ۱۲۵۰ \div ۱۰ = ۱۲۵$

(۵) ۲۰ آدمیوں میں ۱۲ ایسے ہیں کہ ۴ روپیہ ۳ ہر ایک اور ۸ ایسے ہیں کہ ۳ روپیہ ہر ایک کماتا ہے تو بتاؤ بحساب اوسط ہر ایک کی آمدنی کیا ہے

آمدنی بحساب اوسط $= \frac{۴ \text{ روپیہ } ۳ \text{ پ} \times ۱۲ + ۳ \times ۸}{۲۰} = \frac{۷۲ \text{ روپیہ } ۴ \text{ پ}}{۲۰} = ۳$ روپیہ ۱۱ پیسے ۴ پائی

(۶) پانچ پانچ روپیہ کی ۴۰ کرسیاں اور سات ہی چار چار روپیہ کی ۱۵ کرسیاں خریدیں اور چار چار روپیہ اور ۱۵ کرسیاں خریدیں تو بحساب اوسط ہر کرسی کی قیمت بتلاؤ اوسط

$= \frac{۲۰ \text{ر } ۷۵ + ۴ \frac{۱}{۲} \times ۱۵ + ۱۵ \times ۴}{۴۰ + ۱۵ + ۱۵} = ۴$ روپیہ ۹ پیسے $\frac{۳}{۵}$ پائی

(۷) ایک ٹرین ۱۰ منٹ میں اول ایک میل اور پھر ۱۰ منٹ $۱\frac{۱}{۲}$ میل اور پھر ۱۰ منٹ میں ۱ میل پھر $۱\frac{۱}{۲}$ میل اور پھر ایک میل چلتی ہے تو بتاؤ کل گھنٹے میں ٹرین کی رفتار کا اوسط کیا ہے۔

بحساب اوسط ٹرین کی رفتار ایک گھنٹے میں $= \frac{۱ + ۱\frac{۱}{۲} + ۱ + ۱\frac{۱}{۲} + ۱}{۵} = \frac{۴\frac{۱}{۲}}{۵} = ۸\frac{۱}{۲}$ میل

(۸) ۶۰ آدمیوں کا وزن ۱۰ من ہے اور ۲۰ اُنمیں سے ۱۵ من کے ہیں تو باقی کا وزن بحساب اوسط بتاؤ

باقی ہر ایک کا وزن بحساب اوسط $= \frac{۱۰ \text{ من} - ۱۵ \text{ من}}{۴} = \frac{۷\frac{۱}{۲} \text{ من}}{۴} =$ ایک من ۳۶ سیر $\frac{۱}{۴}$ سیر

(۹) پانچ بچوں کا اوسط عمر ۷ برس تھا مگر جب باپ کی عمر انمیں شامل کی تو اوسط ۶ بڑھ گیا تو باپ کی عمر بتاؤ جواب باپ کی عمر = ۱۳×۶ سال - ۵×۷ سال = ۴۳ سال

(۱۰) ۴۰ لڑکوں کی جماعت کا اوسط عمر ۱۲ سال تھا مگر پانچ لڑکے جنکی اوسط عمر ۷ سال ہے داخل ہوئے تو کل جماعت کا اوسط عمر کیا ہوگا۔ جواب $\frac{۴۰\times۱۲+۵\times۷}{۴۵}$ برس = ۱۱ سال

(۱۱) سات آدمیوں کا اوسط وزن ۳ سیر کم ہو گیا جب انمیں سے ایک آدمی کو جسکا وزن ۱۲ دھڑی تھا کم کرکے ایک نیا آدمی داخل کیا تو بتاؤ نئے آدمی کا وزن کیا تھا

نئے آدمی کا وزن = ۱۲ دھڑی - ۷×۳ سیر = ۳۹ سیر

(۱۲) سوال ۶ میں اگر کرسیاں سوائی قیمت پر بیچی جائیں تو بحساب اوسط ہر کرسی کی قیمت کیا ہوگی

جواب ہر کرسی کی قیمت فروخت = $\frac{۴۰\times۶\frac{۱}{۲}\text{ روپیہ}+۵\times۱۵\text{ روپیہ}+۱۰\times۱۵\text{ روپیہ}}{۵۰}$ = ۸ روپیہ ۳

(۱۳) ایک میز ایک کرسی ایک پلنگڑی کی قیمت کا اوسط ۱۹ روپیہ ہے اور میز و پلنگڑی و الماری کی قیمت کا اوسط ۳۳ روپیہ ہے پس اگر الماری کی قیمت ۱۶ روپیہ ہو تو کرسی کی قیمت کیا ہوگی جواب میز و کرسی و پلنگڑی کی قیمت = ۱۹×۳ = ۵۷ اور میز و پلنگڑی و الماری کی قیمت = ۳۳×۳ = ۹۹ اسلئے کرسی اور الماری کی قیمتوں کا فرق ۴۲ ہے اسلئے کرسی کی قیمت ۲۶ روپیہ ہے

(۱۴) ایک مدرسہ میں ۷۵۰ لڑکے تھے جنکا اوسط عمر ۱۵ برس تھا انمیں سے ۵۰ لڑکوں نے مدرسہ چھوڑ دیا جسکے سبب سے اوسط عمر ۱۵ برس ۳ ماہ گھٹ گیا تو بتاؤ جن لڑکوں نے مدرسہ چھوڑا ہے انکا اوسط عمر کیا ہے

۷۵۰×۱۵ - ۷۰۰×۱۵ = ۱۰۵۰ ∴ ۸۴۰ اوسط مطلوب = $\frac{۸۴۰}{۵۰}$ = ۱۶ سال ۸

(۱۵) پیر منگل بدھ کو ٹیم پر بخار یعنی درجہ حرارت ۳ ڈ تھا اور منگل بدھ جمعرات کو اوسط درجہ حرارت ۵۶ ڈ تھا اور جمعرات کو ۶۰ ڈ تھا تو بتاؤ پیر کو درجہ حرارت کیا تھا

۵۶×۳ - ۵۳×۳ = ۹ ڈ اس سے معلوم ہوا کہ پیر و جمعرات کے درجہ حرارت میں فرق ۹ درجہ کا تھا اسلئے پیر کو درجہ حرارت = ۶۰ ڈ - ۹ ڈ = ۵۱ ڈ

سوالات نمبری و فیصدی

(۱) ایک سوداگر کو ۴۰۰ روپیہ میں ۲۰۰ روپیہ فائدہ ہوا تو بتاؤ کیا فیصدی فائدہ ہوا

فائدہ ۴۰۰ روپیہ کا = ۲۰۰ روپیہ ∴ ۱ روپیہ کا فائدہ = $\frac{۲۰۰}{۴۰۰}$ = ½ روپیہ

اسلئے ۱۰۰ روپیہ میں فائدہ = ۵/۱۰۰ × ۱۰۰ روپیہ = ۵ روپیہ

(۲) ۳۶۰ روپیہ کا ٹیکس ۲۵ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے کیا ہوگا

۱۰۰ روپیہ کا ٹیکس = ۲۵ روپیہ اسلئے ایک روپیہ کا ٹیکس = ۲۵/۱۰۰ روپیہ = ۱/۴ روپیہ

∴ ۳۶۰ روپیہ کا ٹیکس = ۱/۴ × ۳۶۰ روپیہ = ۹۰ روپیہ

(۳) ایک مدرسہ کے ماہواری نقشوں سے جو نیچے لکھے ہیں حاضری فیصدی نکالو

نام ماہ	تعداد طلبہ مندرجہ رجسٹر	تعداد ایام درس	اوسط حاضری
جنوری	۲۳۵	۲۶	۲۱۵٫۵
فروری	۲۳۰	۲۴	۱۹۰٫۳
مارچ	۲۲۵	۲۱	۱۷۲٫۲

جمع تعداد طلبہ مندرجہ رجسٹر = ۲۳۵ + ۲۳۰ + ۲۲۵ = ۶۹۰ ∴ اوسط تعداد ماہوار = ۶۹۰/۳ = ۲۳۰

جمع کل تعداد حاضری ۲۱۵٫۵ × ۲۶ + ۱۹۰٫۳ × ۲۴ + ۱۷۲٫۲ × ۲۱ = ۱۳۷۸۶۱۴

اور ایام درس = ۲۶ + ۲۴ + ۲۱ = ۷۱ ∴ اوسط حاضری ہر روز = ۱۳۷۸۶٫۴/۷۱ = ۱۹۴٫۱۷

اگر سہ ماہی کی اوسط حاضری کے مجموعہ کو ۳ پر تقسیم کریں تو تصحیح اوسط حاضری سہ ماہی کا نہیں نکلے گا

اسلئے کہ ۲۱۵٫۵ + ۱۹۰٫۳ + ۱۷۲٫۲ / ۳ = ۱۹۲٫۶

اب ماہوار اوسط تعداد طلبہ ۲۳۰ اور اوسط حاضری روزانہ ۱۹۴٫۱۷ ہے

۲۳۰ طلبہ کا اوسط حاضری روزانہ = ۱۹۴٫۱۷ ∴ ایک طالبعلم کا اوسط حاضری روزانہ = ۱۹۴٫۱۷/۲۳۰

اور ۱۰۰ طلبہ کا اوسط حاضری روزانہ = ۱۹۴٫۱۷/۲۳۰ × ۱۰۰ = ۸۴٫۴۲ ∴ ۸۴٫۴۲ فیصدی مطلوب ہے

(۳) کسی عدد کا ۵ فیصدی اسکی کونسی کسر ہوتی ہے جواب کسی عدد کا ۵ فیصدی = ۵/۱۰۰ = ۱/۲۰ عدد

(۴) ۳۲۰ روپیہ کا ۶¼ فیصدی کیا ہے جواب

فیصدی = ۳۲۰ روپیہ کا ۶¼/۱۰۰ = ۳۲۰ روپیہ کا ۱/۱۶ = ۲۰ روپیہ

(۵) ایک شخص کی آمدنی ۳۰۰۰ روپیہ سالانہ ہے ۵ فیصدی ہر مہینے میں خرچ کرے تو سال بھر میں وہ کیا بچائے گا

ہر مہینے کا خرچ = ۵/۱۰۰ × ۳۰۰۰ روپیہ = ۱۵۰ روپیہ ∴ سالانہ خرچ = ۱۲ × ۱۵۰ = ۱۸۰۰ روپیہ

اسلئے بچت = ۳۰۰۰ روپیہ − ۲۴۵۰ روپیہ = ۵۰ ۷ روپیہ

(۶) ایک قصبہ کی آبادی ۳۷۸۲۰ آدمیوں کی ہے اور پانچ فیصدی اسمیں مسلمان رہتے ہیں اور باقی ہندو تو بتاؤ کتنے ہندو ہیں جواب مسلمانوں کی تعداد = ۳۷۸۲۰ × $\frac{۵}{۱۰۰}$ = ۱۸۹۱

∴ ہندوؤں کی آبادی = ۳۷۸۲۰ − ۱۸۹۱ = ۳۵۹۲۹

(۷) ایک آدمی کی آمدنی ۱۸۷۰ء میں ۵۰۰ روپیہ تھی اور ۱۸۷۱ء میں ۲۰ فیصدی بڑھ گئی تو ۱۸۷۱ء میں کیا آمدنی ہے

۱۸۷۱ء میں آمدنی افزائش = ۵۰۰ روپیہ کے $\frac{۲۰}{۱۰۰}$ = ۱۰۰ روپیہ اسلئے ۱۸۷۱ء میں آمدنی ۶۰۰ روپیہ ہے

(۸) ۷۰ روپیہ کی $\frac{۳}{۴}$ اور ۷۰ روپیہ کی $\frac{۳}{۴}$ فیصدی میں کیا فرق ہے

۷۰ روپیہ کی $\frac{۳}{۴}$ = $\frac{۲۱۰}{۴}$ روپیہ اور ۷۰ کی $\frac{۳}{۴}$ فیصدی = ۷۰ روپیہ کے $\frac{۳}{۱۰۰}$ = ۷۰ روپیہ کے $\frac{۲۱}{۴۰}$ = $\frac{۲۱۰}{۴۰}$ روپیہ

اسلئے فرق = $\frac{۲۱۰}{۴}$ − $\frac{۲۱۰}{۴۰}$ = $\frac{۲۱۰۰ − ۲۱}{۴۰}$ روپیہ = $\frac{۲۰۷۹}{۴۰}$ روپیہ = ۵۱ روپیہ ۱۱ر ۱/۲ پائی

(۹) ایک شخص وصیت کر گیا کہ اسکی جائداد کے $\frac{۱}{۲}$ تو بیٹے کو دئے جائیں اور باقی کے ۶۰ فیصدی بیٹی کو اور باقی بیوی کو اب بیٹے کو بیٹی سے ۷۵ روپیہ زیادہ ملے تو بتاؤ بیوی کو کیا ملا جواب ۴۵۰ روپیہ

(۱۰) $\frac{۳}{۸}$ سے مراد کیا فیصدی ہوتی ہے

کسر $\frac{۳}{۸}$ = $\frac{۳۰۰}{۸۰۰}$ = $\frac{۳۷\frac{۱}{۲}}{۱۰۰}$ ∴ فیصدی = ۳۷ $\frac{۱}{۲}$

(۱۱) ۴۰ روپئے کی کیا فیصدی ۳ روپئے ہیں

کسر = $\frac{۳}{۴۰}$ = $\frac{۳۰۰}{۴۰۰}$ = $\frac{۷\frac{۱}{۲}}{۱۰۰}$ پس شرح فیصدی = ۷ $\frac{۱}{۲}$

(۱۲) کس رقم کے ۵ فیصدی ۳۰ روپیہ ہونگے

رقم کے ۵ فیصدی = ۳۰ روپیہ یعنی رقم کے $\frac{۵}{۱۰۰}$ = ۳۰ اسلئے رقم = ۳۰ × $\frac{۱۰۰}{۵}$ روپیہ = ۶۰۰ روپیہ

(۱۳) ۳۴۲۰ آدمی ایک قصبہ میں رہتے تھے انمیں سے ۴۲۰ مر گئے تو کتنے فیصدی زندہ رہے۔ جواب ۸۴ $\frac{۱}{۲}$ فیصدی

(۱۴) ایک شخص نے ۲۵۰۰ روپیہ قرض میں سے ۱۹۰۰ روپئے ادا کئے تو بتاؤ قرض کیا فیصدی باقی رہا جواب ۲۴ فی صدی

(۱۵) ایک مدرسہ میں جغرافی میں ۳۲۰ لڑکے تھے فروری میں ۳۶۰ ہو گئے تو بتاؤ کتنی فیصدی لڑکے بڑھے

جواب ۱۲½ فیصدی

(۱۶) ایک شخص جب ۶¼ فیصدی سالانہ خرچ کرتا ہے تو ۳۲۵۰ روپے بچتے ہیں تو بتاؤ اُس کی آمدنی کیا ہے جواب ۴۸۷۵ روپیہ

(۱۷) ایک شخص ۶ فیصدی خرچ کرتا ہے اور ۲۰۰ روپیہ بچاتا ہے تو اُسکی آمدنی کیا ہے جواب ۵۰۰۰ روپیہ

(۱۸) ایک مدرسہ کے لڑکے کو ۴ پائی ہر ہفتہ میں ملتی تھے مگر ہر تیسرے ہفتہ میں اُسکو ۳ پائی کم ملتی تھیں اور مدرسہ میں ۳۹ ہفتہ درس کے ہوتے ہیں تو بتاؤ اس لڑکے کو ۴ سال میں کیا ملے گا

لڑکا ہر ہفتہ میں ۵ پائی بحساب وسط پاتا ہے ∴ اسکو (۵×۴×۳۹) پائی یعنے ۴ روپیہ ملے گا

(۱۹) ایک شہر کی آبادی ۶۴۰۰۰ آدمیوں کی ہے اور ۱ فیصدی ہر سال بڑھتی ہے تو ۳ سال کے آخر میں آباد کیا ہوگی

سال اول کے آخر میں آبادی = ۶۴۰۰۰ + ۶۴۰۰ = ۶۴۰۰۰

سال دوم کے آخر میں آبادی = ۶۴۰۰۰ + ۶۴۰ = ۶۴۶۴۰

سال سوم کے آخر میں آبادی = ۶۴۶۴۰ + ۶۴۶۴ = ۶۵۱۸۴

سوالات نمبری ۸۸ مفرد سود یا نرا بیاج

سود کے سوال تین طرح سے حل ہوتے ہیں ہم ہر ایک کی ایک ایک مثال نیچے لکھتے ہیں طالب علم کو اختیار ہے کہ ہر سوال کو جس طرح چاہے نکالے

(۱) ۸۰ روپیہ کا سود آدہ آنہ فی روپیہ ماہوار کے حساب سے آٹھ مہینہ کا دریافت کرو۔ قاعدہ کے موجب

½ آنہ = $\frac{1}{32}$ روپیہ سود مطلوب = اصل × شرح سود فی روپیہ × مدت

= $(80 \times \frac{1}{32} \times 8)$ روپیہ = ۲۰ روپیہ

(۲) ۲۴ روپیہ کا سود آدہ آنے روپیہ سود کے حساب سے ۵ مہینے کا دریافت کرو ترکیب یگانگی

۱ روپیہ کا سود ایک مہینہ میں = $\frac{1}{16}$ ∴ ۲۴ روپیہ کا سود ۱ مہینہ میں = $\frac{24}{16}$ ∴ ۲۴ روپیہ کا سود ۵ مہینے میں = $\frac{24 \times 5}{16}$ روپیہ = ۷½ روپیہ

∴ ۲۴ روپیہ کا سود ۵ مہینے میں = $(\frac{1}{32} \times 24 \times 5)$ روپیہ = ۳ روپیہ ۱۲ ار

(۳) ۸۰۰ روپیہ کا سود ۲ سال میں ۵ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے دریافت کرو۔ تناسب کی ترکیب سے

۱۰۰ روپیہ : ۸۰۰ روپیہ } :: ۵ روپیہ : سود مطلوب
۱ سال : ۲ سال }

اسلئے سود $\frac{۸۰۰ \times ۳ \times ۵}{۱۰۰}$ روپیہ = ۱۲۰ روپیہ

(۴) ۲۲۷۵ روپیہ کا سود ۵ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے ۳½ سال میں دریافت کرو

۲۲۷۵ / ۵ = ۱۱۳۷۵ سود یک سال

۱۱۳۷۵ × ۳½ = ۳۴۱۲۵

۵۶۸۷۵ / ۳۹۸۱۲۵ اسلئے سود ۳۹۸ روپیہ ۲ رہا

(۵) ۳۷۵ روپیہ کا سود ۳ روپیہ سیکڑا کے حساب سے ۳ سال ۸ مہینے کا دریافت کرو

۳ سال ۸ مہینے = $\frac{۸}{۱۲}$ سال = ۳ سال = ۳⅔ سال ∴ سود = $\frac{۳۷۵ \times ۳\frac{۲}{۳}}{۱۰۰}$ روپیہ

= $\frac{۳ \times ۱۱ \times ۲۵ \times ۵ \times ۳}{۹ \times ۴ \times ۲۵}$ روپیہ = ۵۵ روپیہ

(۶) ۲۲۵ روپیہ کا سود ۱۳-اپریل سے ۲۵-جون تک ۵ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے بتلاؤ

گنو دایام ۱۳-اپریل سے ۲۵-جون تک = ۱۷ + ۳۱ + ۵ = ۷۳

∴ مدت = ۷۳ دن = $\frac{۷۳}{۳۶۵}$ = $\frac{۱}{۵}$ سال ∴ سود مطلوب = $\frac{۲۲۵ \times \frac{۹}{۵} \times ۵}{۱۰۰}$ روپیہ = ۴ روپیہ

(۷) ۵۶۰ روپیہ کا مول بیاج ۳ سال میں ۵ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے بتلاؤ

سود = $\frac{۵۶۰ \times ۳ \times ۵}{۱۰۰}$ روپیہ = $\frac{۲۸ \times ۳ \times ۵}{۵ \times ۴}$ روپیہ = ۸۴ روپیہ

چونکہ مول بیاج = مول + بیاج = ۵۶۰ + ۸۴ روپیہ = ۶۴۴ روپیہ

ہم اس سوال کو بغیر بیاج نکالنے کے اسطرح حل کرسکتے ہیں کہ سو روپیہ کا سود اسال میں = ۵ روپیہ

اسلئے ۳ سال میں ۱۰۰ کا سود = (۳ × ۵) روپیہ یعنے ۱۵ روپیہ پس اب تناسب بنائینگے

کہ ۱۰۰ کے مول بیاج کے ۱۱۵ ویں سال میں ہوئے تو ۵۶۰ کے مول بیاج کے ۳ سال میں کیا ہونگے

یعنے ۱۰۰ روپیہ : ۵۶۰ روپیہ :: (۱۰۰ + ۳ × ۵) روپیہ : مول بیاج مطلوب

مول بیاج = $\frac{۵۶۰ \times (۱۰۰ + ۳ \times ۵)}{۱۰۰}$ = ۶۴۴ روپیہ اب یہ یاد رکھو کہ

مول بیاج یعنے اصل مع سود = اصل × $\frac{(۱۰۰ + \text{شرح سود فیصدی} \times \text{مدت})}{۱۰۰}$

(۸) ۳۴۴ روپیہ کا مول بیاج ۳ سال ۴ مہینے میں ۷ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے دریافت کرو

چونکہ ۱۰۰ روپیہ کا بیاج ۳½ سال میں = (۳½ × ۷) روپیہ یعنے ۲۵ روپیہ

اسواسطے ۱ روپیہ کا مول بیاج ۳½ سال = $\frac{۱۲۵}{۱۰۰}$

۴۶۴ روپیہ کا مول بیاج ۳½ سال میں = ۵/۱۰۰ × ۴۶۴ روپیہ × ۳۰ = ۳۴۸ روپیہ

چار اصل سود و شرح سود و مدت یا میعاد میں تین معلوم ہونگے تو چوتھا دریافت ہو جائے گا اسکے لئے یہ صورتیں یاد رکھنی چاہیئے

اول اصل = مول بیاج × ۱۰۰ / ۱۰۰ + شرح سود × مدت دوم مدت = ۱۰۰ × (مول بیاج − مول) / اصل × شرح سود فیصدی

سوم شرح سود = ۱۰۰ × سود / اصل × مدت

(۸) ۴½ سال میں ۵ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے کتنے روپئے کے ۳۷۸ روپئے ہو جائینگے

اصل = ۱۰۰ × ۳۷۸ / ۱۰۰ + ۴½ × ۵ = ۱۰۰ × ۳۷۸ / ۱۲۰ = ۳۱۵ روپیہ بموجب صورت اول

(۹) ۲۵۰ روپیہ کے ۲۵۲۰ روپیہ کتنی مدت میں ۴ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے ہو جائینگے

بموجب صورت دوم سود = اصل مع سود − اصل = ۲۵۲۰ روپیہ − ۲۵۰ روپیہ = ۲۷۰ روپئے

∴ مدت = ۱۰۰ × ۲۷۰ / ۴ × ۲۵۰ سال = ۲۷/۹ یعنے ۳ سال

(۱۰) ۴½ سال میں ۴۵۰ روپیہ کے ۵۳۱ روپئے کس شرح سود پر ہو جائینگے اب بموجب صورت سوم کے عمل کرنے سے

سود = ۵۳۱ روپیہ − ۴۵۰ روپیہ = ۸۱ روپیہ ∴ شرح سود = ۱۰۰ × ۸۱ / ۴½ × ۴۵۰ = ۴ ۱/۲

(۱۱) ۱۶ برس میں ۵۰۰ روپیہ کے دگنے کس شرح سود سے ہونگے

۵۰۰ روپیہ کا سود ۱۶ برس میں ۵۰۰ روپیہ ہونا چاہیے اسواسطے

۵۰۰ روپیہ کا سود ۱ سال میں ۵۰۰/۱۶ روپیہ ہوگا ۱ روپیہ کا سود ۱ سال میں ۵۰۰ × ۱۶ / ۵۰۰ ہوگا

∴ ۱۰۰ روپیہ کا سود ایک سال میں ۱۰۰ × ۵۰۰ / ۵۰۰ × ۱۶ روپئے یعنی ۶¼ روپیہ یعنی ۶ ۱/۴ روپیہ ہوگا

یہ یاد رکھو کہ جہاں ۵ میں ضرب دینا اور ۱۰۰ پر تقسیم کرنا ہو تو اس سبب سے کہ ۵/۱۰۰ = ۱/۲۰ وہاں ۱/۲۰ میں ضرب دیا کرو

(۱۲) کتنی مدت میں ایک قم روپیہ کی دوچند ایک شرح مقررہ سود سالانہ سے ہوگی

اس مطلب کو یوں کہو کہ کتنے برسوں میں اصل کی برابر سود کسی شرح معینہ سود سالانہ سے ہوگا

اصل روپیہ کا سود ایک برس میں کسی شرح سود کے حساب سے اصل × شرح سود / ۱۰۰ اسواسطے

بموجب سوال تعداد سال مطلوب × اصل × شرح سود / ۱۰۰ = اصل اب طرفین کو ۱۰۰ میں ضرب دو

تو تعداد سال مطلوب × اصل × شرح سود = ۱۰۰ × اصل اسکی اصل و شرح سود پر تقسیم کر دو تو

تعداد سال مطلوب = ۱۰۰ / شرح سود اس سے معلوم ہوا ۱۰۰ کو شرح سود پر تقسیم کریں گے تو تعداد

سالہا مطلوب معلوم ہوجائیگی مثلاً ۱۰۰ روپیہ ۵ روپیہ سیکڑہ سود کے حساب سے کتنے دنوں میں دوچند ہونگے پس $\frac{100}{5}$ = ۲۰ سال میں اور ۴ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے $\frac{100}{4}$ = ۲۵ برس میں

(۱۳) ۵ ½ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے کتنے روپیہ کا وہ سود سالانہ ہوگا جو ۴۴۰۰ روپیہ کا سود ۴ ½ سیکڑہ سالانہ کے حساب سے ہوتا ہے۔ جواب ۴۴۰۰ روپیہ کی آمدنی سود = $(\frac{9}{2} \times 2400)$ روپیہ = ۱۱۸۸ روپیہ

لیکن ۱۰۰ سے ۵ ½ روپیہ حاصل ہوتے ہیں ∴ ایک روپیہ سے $\frac{2}{11}$ روپیہ حاصل ہوگا

∴ ۱۱۸۸ روپیہ $(\frac{2}{11} \times 1188)$ روپیہ یعنے ۲۱۶۰۰ روپئے سے حاصل ہونگے

(۱۴) ۵ سال میں ۴ ½ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے کتنے روپئے سے وہ آمدنی حاصل ہوسکتی ہے جو ۳۱۲۵ روپیہ سے ۶ سال میں ۴ روپیہ سیکڑہ سے ہوتی ہے

جواب - ۳۱۲۵ روپیہ کی آمدنی = $(\frac{3}{5} \times 6 \times 3125)$ روپیہ = ۱۱۲۵ روپیہ

اب ۱۰۰ روپیہ کی آمدنی = $(5 \times \frac{1}{2})$ روپیہ = ۲۲ ½ روپیہ

∴ ۱۰۰ روپیہ سے ۲۲ ½ روپئے حاصل ہوتے ہیں

∴ ۱ روپیہ سے $\frac{45}{90}$ روپئے حاصل ہوتے ہیں

∴ ۱۱۲۵ روپئے $(\frac{40}{9} \times 1125)$ روپئے یعنے ۵۰۰۰ روپئے حاصل ہونگے

(۱۵) ایک شخص کو میں نے ۱۸۲ روپیہ ۸ ر قرض ۸ دن کے واسطے دئے اور ایک روپیہ سود کا لیا تو بتاؤ شرح سود فی صدی کیا تھی اور شرح سود فیصدی سالانہ کیا

جواب $\frac{45}{91}$ و ۲۵ سیکڑہ

(۱۶) ۱۶۴۲۵ روپئے ۱۰ مارچ ۱۸۷۶ء سے ۲۵ دسمبر ۱۸۸۰ء تک قرض دئے اور ۱۸۸۳ روپئے سود کے ملے تو بتاؤ شرح سود فی صدی سالانہ کیا تھی جواب ۴ ½ روپیہ سیکڑہ

(۱۷) ۱۲ ½ روپیہ سیکڑہ سالانہ سود سے ۵۰۰ روپئے کتنے دنوں میں دوچند ہوں گے

جواب ۸ سال میں

(۱۸) ۴ ½ روپیہ سیکڑہ سالانہ سود سے کتنی مدت میں روپیہ دلیوڑا ہوتا ہے۔ جواب ۲۰ برس میں

(۱۹) کس شرح سود پر روپیہ قرض دیں کہ اسکا سود ۵ سال میں $\frac{3}{5}$ اصل کے ہوں

جواب ۴ روپیہ سیکڑہ

سوالات نمبری ۸۹ سود مرکب یا سود بالائے سود یا سود در سود

(۱) ۳۲۱ روپیہ ۸ر کا سود ۳ سال میں ۴½ روپے سیکڑہ سالانہ کے حساب سے بتلاؤ

	۳۲۱ ۵/۸	
	۵/۴	
	۱۶۰۷۵	
	۶۴۳۰	
سود سال اول =	۸۰۳۷۵	۱۰۰ پر تقسیم کو اسطرح کیا ہے کہ علامت اعشاریہ کو دو مرتبہ بائیں طرف ہٹا کر لکھ دیا ہے
	۳۲۱۵/۵	
مول بیاج سال اول =	۳۲۹۵۳۷۵	
	۵/۴	
	۱۶۴۶۸۷۵	
	۶۵۹۰۷۵۰	
سود سال دوم =	۸۲۴۸۴۳۷۵	
	۳۲۹۵۳۷۵	
مول بیاج سال دوم =	۳۳۷۷۵۹۳۷۵	
	۵/۴	
	۱۶۸۸۸۷۹۶۸۷۵	
	۶۷۵۵۵۱۸۷۵۰	
سود سال سوم =	۸۴۴۴۳۹۸۴۳۷۵	
	۳۳۷۷۵۳۷۵	
مول بیاج سال سوم =	۳۴۶۲۲۰۳۳۵۹۳۷۵	
اصل =	۳۲۱۵/۵	
کل سود =	۳۴۶۲۲۰۳۳۵۹۳۷۵ = ۳۴۶۲۲۰۳۳۵۹ روپیہ ۱۱ آنہ ۳ پائی ۲ جو	

سود اسطرح بھی دریافت ہو سکتا ہے کہ اول دوم سوم کے سالوں کا سود جمع کریں

سود بالائے سود کے حساب سے کسی جمع کا مول بیاج دریافت کرنا اس طرح فائدہ مند ہوتا ہے

(۲) ۵۰۰۰ روپے کا سود مرکب ۳ سال کا ۴½ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے دریافت کرو

مول بیاج ۱۰۰ روپیہ کا ۱ سال میں = ۱۰۴½ روپیہ

مول بیاج ۱ روپیہ کا ۱ سال میں = ۱۰۴½/۱۰۰ روپیہ

مول بیاج کسی جمع کا ۱ سال میں = ۱۰۴½/۱۰۰ جمع کے

۲ سال کے آخر میں کسی جمع کا مول بیاج = سال اول کی جمع کے مول بیاج کے ۱۰۴½/۱۰۰

مول بیاج جمع کا = ۱۰۴½/۱۰۰ کا ۱۰۴½/۱۰۰ = جمع کے (۱۰۴½/۱۰۰)² علی ہذا القیاس

مول بیاج کسی رقم کا ۳ سال میں = [illegible] اور آگے اسی طرح

اس سے معلوم ہوا کہ اگر ۵۰۰۰ روپیہ کا مول بیاج ۳ سال میں دریافت کرنا ہو تو ۵۰۰۰ کو

(۱۰۴) آرقم میں ضرب دواور (۱۰۰) پر تقسیم کردو عمل کی صورت یہ ہوگی

۵۰۰۰
۱۰۴
۵۲۰۰۰۰
۱۰۴
۲۰۸۰۰۰۰
۵۲
۵۴۰۸۰۰۰۰
۱۰۴
۲۱۶۳۲۰۰۰۰
۵۴۰۸
۵۶۲۴۳۲۰۰۰۰ = ۳ سال کے مول بیاج = ۵۶۲۴ روپیہ ۵ر ۱۴ر ۱ پائی

(۱۰۰) پر تقسیم یوں کریں کہ علامت اعشاریہ کو ۴ مرتبہ ہٹا کر لکھ دیں

(۳) ۴۰۰ روپیہ کا ۲½ سال میں ۶ روپیہ سیکڑہ سالانہ سود مرکب کے حساب سے اصل مع سود دریافت کرو

اصل مع سود = ۴۰۰ × ۱۰۶/۱۰۰ × ۱۰۶/۱۰۰ × ۱۰۶/۱۰۰ = وغیرہ

(۴) سود مرکب کے حساب سے کس اصل کے ۵۵۱ روپیہ ۴ر ۱ پائی دو سال میں ۵ روپیہ سیکڑہ سالانہ کے حساب سے ہونگے۔

اصل × (۱۰۵/۱۰۰)² = ۵۵۱ر ۱۵ روپیہ ∴ اصل = ۵۵۱ر ۲۵ روپیہ × (۱۰۰/۱۰۵)² = ۵۰۰ روپیہ

(۵) ۱۸ مہینے میں ۱۲½ سیکڑہ سالانہ سود جو ششماہی دیا جاتا ہے ۶۴۰۰ روپیہ کا مول بیاج سود مرکب کے حساب کیا ہوگا

چونکہ شرح سود ۱۲½ روپیہ سیکڑہ سالانہ ہے تو ۶¼ روپیہ ششماہی ہوگی اور شرح سود ششماہی ۶¼/۱۰۰ یعنے 1/16 ہوگی اسلئے اصل مع سود ہر ششماہی کے آخر میں 1/16 جمع ششماہی قابل کے ہوگی۔ اسواسطے اصل مع سود ۱۸ مہینے کے آخر میں = ۱۲ مہینے کی آخر کے جمع کے 17/16

= اول ششماہی کی آخر جمع کے 17/16 کا 17/16 = ۶۴۰۰ کے 17/16 × 17/16 اور ۶۴۰۰ روپیہ کے 17/16 × 17/16 × 17/16 = 4913/16 = 307 9/16 اسواسطے جو اب 307 روپیہ 9 آنہ

(۵) کسقدر روپیہ ۲ سال میں ۵ فیصدی سالانہ سود کے حساب سے ۳۶۷ روپیہ ۸ر بیاج پر بیاج لگنے سے ہو جائیگا

۱۰۰ کی اصل مع سود ۲ سال میں ۵ روپیہ سیکڑہ سے ۱۰۰ روپیہ کے $\frac{105}{100}$ کے $\frac{105}{100}$ یعنے
۱۰۰ روپیہ کے $\frac{21}{20}$ × $\frac{21}{20}$ یعنے $\frac{441}{400}$ روپیہ اسواسطے $\frac{441}{400}$ روپیہ : ۳۶۷$\frac{1}{2}$ روپیہ :: ۱۰۰ روپیہ : جواب
چونکہ $\frac{441}{400}$: ۳۶۷$\frac{1}{2}$ = ۴۴۱ : : ۱۴۷۰۰ = ۳ : ۱۰
جواب = $\frac{10 \times 147000}{441}$ روپیہ = $\frac{1000}{3}$ روپیہ = ۳۳۳ روپیہ ۵ر۴ بائی

(۶) ۲ سال میں ۵ روپیہ فیصدی سالانہ کے حساب سے ایک رقم کے مفرد اور مرکب سودوں میں فرق ۴۰ روپیہ کا ہے اس رقم کو دریافت کرو
۱۰۰ روپیہ کا مفرد سود ۲ سال میں ۵ فیصدی کے حساب سے ۱۰ روپیہ ہے اور
سود مرکب ۱۰۰ روپیہ کا ۲ سال میں ۵ فیصدی سالانہ کے حساب سے ۱۰۰ روپیہ کا $\frac{105}{100}$ × $\frac{105}{100}$
چونکہ ۱۰۰ روپیہ کا $\frac{105}{100}$ کا $\frac{105}{100}$ = ۱۱۰ر۲۵ روپیہ اسلئے سود مرکب = ۱۰ روپیہ ۲۵ر
اسسے معلوم ہوا کہ ۱۰۰ روپیہ کے سود مفرد اور سود مرکب میں فرق ۲۵ر ہے اسواسطے
۲۵ر : ۴۰ روپیہ :: ۱۰۰ روپیہ : جواب اسواسطے جواب = $\frac{40 \times 100}{25}$ روپیہ = ۸۰۰ روپیہ

(۷) ثابت کرو کہ ۲ سال میں ۲ فیصدی سالانہ مرکب سود کے حساب سے مول یاج ۱۰۴۰۴ کا مول سی ہی
جواب ۱ روپیہ کا مرکب سود = $\frac{102}{100}$ × $\frac{102}{100}$ = ۱۰۴۰۴ جو اصل سے ۰۰۴۰۴ گنا ہے

(۸) ثابت کرو کہ ۳ سال میں ۵ فیصدی کے حساب سے سود مفرد اور سود مرکب کا فرق
۰۰۷۶۲۵ گنا اصل سے ہوتا ہے جواب ۱۰۰ روپیہ کا سود مفرد تین سال میں ۱۵ روپیہ ہے
اور سود مرکب = ۱۰۰ روپیہ کے $\frac{105}{100}$ × $\frac{105}{100}$ × $\frac{105}{100}$ روپیہ − ۱۰۰ روپیہ = ۱۵۷۶۲۵ روپیہ
اسلئے ۱۰۰ کے سود مفرد و مرکب میں فرق = ۱۵۷۶۲۵ − ۱۵ = اصل کے ۰۰۷۶۲۵ گنے کے

(۹) ایک شخص نے ہر سال کے شروع میں ۱۰۰۰ روپیہ ۵ فیصدی سود مرکب لگایا تو ۳ سال کے آخر میں
اُس پاس سرمایہ کیا ہوگا شروع سال دوم سرمایہ = ۱۰۵۰ روپیہ + ۱۰۰۰ روپیہ = ۲۰۵۰ اور
شروع سال سوم میں سرمایہ = $\frac{105}{100}$ × ۲۰۵۰ + ۱۰۰۰ = ۳۱۵۲۵ روپیہ
آخر سال سوم میں سرمایہ = ۳۱۵۲۵ + $\frac{1}{20}$ × ۳۱۵۲۵ = ۳۳۱۰۱۲۵ = ۳۳۱۰ روپیہ ۲ر

(۱۰) ایک سوداگر نے خاص سرمایہ سے تجارت شروع کی اور ۳۰ فیصدی سالانہ نفع حاصل کیا اور
۳ سال کے آخر میں اُس پاس سرمایہ ۱۹۷۲۰ روپیہ تھا تو بتاؤ اصل سرمایہ کیا تھا

اگر ۱۰۰ روپیہ سرمایہ ہوتا تو ۳ سال کے آخر میں سرمایہ = $\frac{130}{100} \times \frac{130}{100} \times \frac{130}{100} \times 100 = \frac{1970000}{10000} = 197$ روپیہ

اسلئے ۱۹۷ روپیہ : ۱۰۰ روپیہ :: ۱۹۷۰ : ۱۰۰۰ روپیہ = جواب

(۱۱) ایک مہاجن ۴ روپیہ سیکڑہ سود سالانہ پر روپیہ قرض لیتا ہے اور سال کے آخر میں سود دیتا ہے اور اس روپیہ کو ۶ فیصدی سالانہ پر سودی دیتا ہے جسکا سود ششماہی واجب الادا ہوتا ہے مگر وہ سود پر سود لگا کر کے سال کے آخر میں لیتا ہے اور اس طرح ۱۴ روپیہ ۸ سالانہ کماتا ہے تو بتاؤ کتنا روپیہ قرض لیتا ہے - جواب اگر مہاجن ۱۰۰ روپیہ قرض لیتا تو سال بھر میں ۴ روپیہ سود کے دیتا اور ۹۷۰۶ سود کے لیتا تو سکو سال بھر میں ۹۷۰۶ روپیہ فائدہ رہتا

اسلئے ۹۷۰۶ روپیہ : ۱۰۰ :: ۱۴۰۸۵ روپیہ : $\frac{100 \times 14085}{9706}$ = ۵۰۰۰ روپیہ

سوالات نمبری ۹۰ قیمت نقد یا حال بٹا یعنی ڈسکونٹ

یہ تین صورتیں یاد رکھو قیمت نقد + بٹا = زر واجب الادا

زر واجب الادا - قیمت نقد = بٹے اور زر واجب الادا - بٹا = قیمت نقد حال

(۱) ۸۲۵ روپیہ کی قیمت نقد بتلاؤ جو ۲½ سال کے بعد ۴ فیصدی سال کے حساب سے واجب الادا ہے

۱۰۰ روپیہ کے ۱۱۰ روپیہ ۲½ سال میں ۴ فیصدی سالانہ کے حساب سے ہوتے ہیں ∴ ۱۱۰ روپیہ کی قیمت نقد = ۱۰۰ روپیہ

اسلئے ۱ روپیہ کی قیمت = $\frac{100}{110}$ روپیہ ۸۲۵ روپیہ کی قیمت نقد = $\frac{100 \times 825}{110}$ = ۷۵۰ روپیہ

بٹا = ۸۲۵ روپیہ - ۷۵۰ روپیہ = ۷۵ روپیہ

(۲) ۹۲۴ روپیہ کی قیمت نقد بتلاؤ جو ۸ مہینے کے بعد ۴ فیصدی سالانہ سود پر واجب الادا ہے

۱۰۰ روپیہ کا سود ۱۲ مہینے میں ۴ روپیہ ہے تو ۱ مہینہ میں $\frac{4}{12}$ روپیہ ہوگا اسواسطے

۸ مہینے میں سود $\frac{4 \times 8}{12}$ یعنے $\frac{8}{3}$ روپیہ ہوگا ∴ قیمت نقد (۱۰۰ + $\frac{8}{3}$) یعنے $\frac{308}{3}$ روپیہ کی ۱۰۰ روپیہ ہے

اسلئے ۱ روپیہ کی قیمت نقد $\frac{100 \times 3}{308}$ روپیہ ہے اور ۹۲۴ روپیہ کی قیمت = $\frac{924 \times 3 \times 100}{308}$ یعنی ۹۰۰ روپیہ

(۳) ۸۳۳۰ روپیہ کا بٹا بتلاؤ جو ۱۱ مہینے بعد ۴ فیصدی سالانہ کے حساب سے واجب الادا ہے

۱۰۰ روپیہ کا سود ۱۲ مہینے میں ۴ روپیہ یعنی $\frac{9}{3}$ روپیہ ہے اسواسطے ایک مہینہ میں $\frac{9}{3 \times 12}$ یعنی $\frac{3}{4}$ روپیہ

اسلئے ۱۱ مہینے میں $\frac{3 \times 11}{4}$ یعنی $\frac{33}{4}$ روپیہ ہے ∴ (۱۰۰ + $\frac{33}{4}$) یعنی $\frac{433}{4}$ روپیہ کا سود $\frac{33}{4}$ ہے

اسلئے ۱ روپیہ کا $\frac{4 \times 33}{433 \times 4}$ ہے اور ۸۳۳۰ روپیہ کا $\frac{8330 \times 33}{433}$ روپیہ یعنے ۶۳۰ روپیہ ہے

(۴) ۱۸ برس کی عمر میں ۱۰۰۰ روپیہ وراثت کا ملتا تو اب بتاؤ ۱۴ برس کی عمر میں اُسکی قیمت نقد کیا ہے اور سود ۵ فیصدی سالانہ ہے

جواب ۱۰۰ روپیہ کا سود ایک سال میں ۵ روپیہ ہے اسلئے ۴ سال میں ۵×۴ روپیہ یعنی ۲۰ روپیہ ہوگا

∴ قیمت نقد (۱۰۰+۲۰) روپیہ یعنی ۱۲۰ روپیہ کی ۱۰۰ روپیہ ہے اسلئے ایک روپیہ کی قیمت نقد $\frac{100}{120}$ یعنی $\frac{5}{6}$ روپیہ

∴ ۱۰۰۰ روپیہ کی قیمت نقد $\frac{1000\times5}{6}$ روپیہ یعنے ۸۳۳ روپیہ ۵ آنہ پائی ہے

(۵) ایک بل یعنی ہنڈوی ۵۰۰ روپیہ کی ۲ اپریل کو ۴ مہینے کی مدت پر لکھی گئی اور ۲۳ اپریل کو ۵ فیصدی کی کٹوتی دیکر وصول ہوئی تو بتاؤ مہاجن کو کیا فائدہ ہوا

بل یعنی ہنڈوی بر نام ۲ جولائی کو واجب الادا تھی اب تین دن عایتی لگائی گئی تو ۵ جولائی کو حقیقت میں واجب الادا تھی اب ۲۳ اپریل سے ۵ جولائی تک ۷۳ دن ہیں اور ۷۳ دن سال کا $\frac{1}{5}$ حصہ ہے اب مہاجن کی کٹوتی یا بٹا ۱ سال میں ۵۰۰ روپے کا $=\frac{500\times1\times5}{5\times100}$ یعنی ۵ روپیہ

اور حقیقی بٹا یا سود اس رقم کا جو $\frac{1}{5}$ سال میں ۵ روپیہ سیکڑہ سے ۵۰۰ روپیہ ہو جائے

$=\frac{500\times\frac{1}{5}\times5}{5\times\frac{1}{5}+100}$ یعنی $\frac{500}{101}$ روپیہ یعنے ۴ روپیہ ۱۵ ر ۲ $\frac{50}{101}$ ہے

مہاجن کا فائدہ = ۵ روپیہ − (۴ روپیہ ۱۵ ر ۲ $\frac{50}{101}$ پائی) = ۹ $\frac{50}{101}$ پائی

(۶) ۷۶۹ روپیہ ۸ آنہ کا سچا بٹا بتلاؤ وہ ۲ برس ۴ مہینے بعد ۵ فیصدی حساب سے واجب الادا ہے

۱۰۰ روپیہ کا سود وقت معلوم میں بشرح معلوم ۲×۶ $\frac{1}{2}$ روپیہ یعنی ۱۴ روپیہ

اسلئے اصل مع سود ۱۱۴ روپیہ ہونگے

∴ اسلئے سچا بٹا ۱۱۴ روپیہ کا وقت معلوم میں بشرح معلوم ۱۴ روپیہ ہوگا اسواسطے

۱۱۴ روپیہ : ۷۶۹ $\frac{1}{2}$ روپیہ :: ۱۴ روپیہ : بٹے اور چونکہ ۷۶۹ $\frac{1}{2}=\frac{1539}{2}=\frac{57\times57}{2}$

اور ۱۱۴ = ۲×۵۷ اسواسطے ۲ : $\frac{57}{2}$ :: ۱۴ روپیہ : بٹے اسلئے بٹا ۹۴ روپیہ ۸ آنہ ہے

اور چونکہ ۱۱۴ روپیہ کی قیمت نقد وقت معلوم کے آخر میں ۱۰۰ روپیہ ہے اسواسطے

۱۱۴ روپیہ : ۷۶۹ $\frac{1}{2}$ روپیہ : ۱۰۰ روپیہ : اسکی قیمت نقد $=\frac{57\times100}{2}$ روپیہ = ۶۷۵ روپیہ ۸ آنہ

(۷) ایک رقم کا سود مدت معلوم میں ۴۸ روپیہ ہے اور اسی مدت معلوم میں بٹا ۴۲ روپیہ ۱۴ آنہ ہے تو اس رقم کو بتلاؤ۔ جواب سود اور بٹے کا فرق بٹے کا سود ہے اسواسطے

۲۸ روپیہ - ۲۱ روپیہ ۱۴ ر یعنے ۶ روپیہ ۲ ر سود ۲۱ روپیہ ۱۴ ر کا وقت معلوم ہیں بشرح معلوم ہے
اسواسطے ۶ روپیہ ۲ ر : ۲۸ روپیہ :: ۲۱ روپیہ ۱۴ ر : جواب اسلئے

جواب = $\frac{21\frac{7}{8}}{1\frac{1}{16}} \times 28$ روپیہ = $\frac{28 \times 175}{49}$ روپیہ = ۱۰۰ روپیہ

(۸) ایک سوداگر نے اپنی اجناس کے دو بہاؤ مقرر کئے ایک نقد دوسرا دھارچہ مہینے کی مدت پر ۵ فیصدی سود کے حساب سے تو بتاؤ جس جنس کی قیمت نقد ۴۰ روپیہ ۸ لکھی ہو تو اسکی ادھار کی قیمت کیا ہوگی ۱۰۰ روپیہ کا سود ۶ مہینے میں = $(5 \times \frac{6}{12})$ روپیہ = ۲½ روپیہ
اسلئے ۱۰۰ روپیہ نقد برابر ہیں ۱۰۲½ روپیہ قرض کے
اسلئے قرض کے ۱۰۲½ روپیہ قیمت میں = نقد ۱۰۰ کے اسلئے ۱ روپیہ کی قرض کی قیمت = $\frac{100}{102\frac{1}{2}}$ یعنی $\frac{200}{205}$ روپیہ
اسلئے ۴۰½ روپیہ کی قرض کی قیمت نقد = $(\frac{200}{205} \times 40\frac{1}{2})$ روپیہ یعنے ۴۰ روپیہ کے

(۹) ایک سوداگر نے ۱۵۰۰ روپیہ کا اسباب نقد قیمت پر مول لیا اور اب سے ۹ مہینے کی مدت پر ۲۰۰۰ روپیہ کو بیچڈالا تو بتاؤ قیمت فروخت کے بل کی ۵ فیصدی کے حساب سے قیمت نقد کیا ہوا اور فائدہ کیا ہوا
۱۰۰ روپیہ کا سود ۹ مہینے میں = $(5 \times \frac{3}{4})$ روپیہ = ۳¾ روپیہ اسواسطے
قیمت نقد = $\frac{2000 \times 100}{103\frac{3}{4}}$ = ۱۹۲۷ روپیہ ۱۱ ر ۴ $\frac{49}{83}$ پائی
∴ فائدہ = ۱۹۲۷ روپیہ ۱۱ ر ۴ $\frac{49}{83}$ پائی - ۱۵۰۰ روپیہ = ۴۲۷ روپیہ ۱۱ ر ۴ $\frac{49}{83}$ پائی

(۱۰) ایک خاص کتاب کے ۴ نسخے سال بھر کی مدت پر ایک خاص قیمت کو ہاتھ لگتی ہیں اور ۵ نسخے اُسی کتاب کے اس قیمت پر نقد ملتی ہیں تو بتاؤ قرض کی قیمت پر بٹا کیا لگتا ہے اور نقد قیمت پر شرح سود کیا
۵ نسخوں کی قیمت نقد = ۴ نسخوں کی قرض کی قیمت ∴ ۵ نسخوں کا بٹا = قیمت ایک نسخہ کے
∴ ۱ نسخہ کا بٹا = ⅕ نسخہ کی قیمت ∴ ۱۰۰ نسخوں کا بٹا = ایک نسخہ کی قیمت ⅕ × ۱۰۰ یعنے ۲۰ نسخوں کے
∴ بٹے کی شرح ۲۰ فیصدی ہے اور قرض کی قیمت ۴ نسخوں کی = ۵ نسخوں کی نقد قیمت کے
∴ سود ۴ نسخوں کا = ایک نسخہ کی قیمت اور ۱ نسخہ کا سود = ¼ نسخہ اسواسطے
۱۰۰ نسخے = $(\frac{1}{4} \times 100)$ یعنے ۲۵ نسخوں ∴ شرح سود = ۲۵ روپیہ سیکڑہ

(۱۱) کس قدر روپیہ پر جو ۲ سال بعد واجب الادا ہو ۴ فیصدی سالانہ کے حساب سے ۴۰ روپیہ بٹا ہوتا ہے
اب یہاں قیمت نقد کا سود ۲ سال میں = ۴۰ روپے اور ۲ سال میں ۱۰۰ روپیہ کا سود ۸ روپیہ

∴ ۲ روپیہ سود ۲ سال میں ۵۰ روپیہ کا ہے ∴ ۴۰ روپیہ سود ۲ سال میں ۵۰۰ روپیہ کا ہے
∴ قیمت حال = ۵۰۰ روپیہ اور ∴ مول بیاج = ۴۰۰ روپیہ جواب

(۱۲) اگر ۵۰۰ روپیہ کا سودہ فیصدی سالانہ کے حساب سے برابر ہو ۵۷۵ روپیہ کے بٹے کے تو بتاؤ دوسری رقم کب واجب الادا ہے جواب ۵۰۰ روپیہ = ۵۷۵ روپیہ کی قیمت نقد
∴ ۷۵ روپیہ = ۵۰۰ روپیہ کر سود اب ۵۰۰ روپیہ کا سود سالہا مطلوب کا = ۷۵
لیکن ۵۰۰ روپیہ کا سود ایک سال میں = ۷۵ روپیہ ∴ تعداد سالہا مطلوب = $\frac{۷۵}{۷۵}$ روپیہ = ۳
اسواسطے اب سے ۳ سال بعد رقم واجب الادا ہے

(۱۳) روپیہ کی کسی خاص رقم کا سود ۲۲ روپیہ ہے اور بٹا اسی رقم کا اسی مدت میں اسی شرح سے ۲۰ روپیہ ہے تو اس رقم کو دریافت کرو۔ جواب رقم کا سود = قیمت نقد کے سود + بٹے کے سود
= رقم کے بٹے + بٹے کے سود ∴ رقم کا سود - رقم کا بٹا = بٹے کے سود کے اسے معلوم ہوا کہ
۲ روپیہ = ۴۰ روپیہ کے سود ∴ ۲۲ روپیہ = ۴۰ روپیہ کے سود یہی جواب

(۱۴) وہ کتنا زر واجب الادا تھا کہ جس کا بٹا ۳ سال میں ۴ فیصدی سے ۳۶ روپیہ ہوا
۱۰۰ روپیہ کا سود مدت معلوم میں بشرح معلوم ۱۲ روپیہ ہے اسے معلوم ہوا کہ

۱۱۲ : جواب :: ۱۲ : ۳۶ و ۱۲ × جواب = ۳۶ × ۱۱۲

جواب = $\frac{۳۶ \times ۱۱۲}{۱۲}$ = ۳ × ۱۱۲ = ۳۳۶ روپیہ

(۱۵) ۵۶۴ پونڈ ۱۰ شلنگ کا بٹا واجب الادا ہونے کے وقت سے چھ مہینے پہلے ۵ پونڈ ۳/۵۱ پنس دیا گیا تو مفرد سود کس حساب سے شمار کیا گیا ہے جواب
۵۶۴ پونڈ ۱۰ شلنگ سے ۵ پونڈ ۳/۵۱ پنس کم کئے تو ۵۱ پونڈ ۹ شلنگ ۴۸/۵۱ پنس حاصل ہوئے۔
جو قیمت نقد ہے اور زر واجب الادا کا بٹا قیمت نقد کا سود ہوتا ہے اسی معلوم ہوا کہ ۵ پونڈ ۳/۵۱ پنس سود ۵۱ پونڈ ۹ شلنگ ۴۸/۵۱ پنس کا چھ مہینے کے واسطے ہے اور سکہ ۱۰۰ پونڈ کا ۱۲ مہینے کے لئے دریافت کرنا ہے اسواسطے ۵۱ ۴۸/۵۱ × ۶ × ۸/۱۲ : ۱۲ × ۱۰۰ :: ۵ ۳/۵۱ : جواب

$\frac{۲۷۵}{۱۲}$ × ۶ × جواب = ۱۰۰ × ۱۲ × $\frac{۱۷۱}{۳۴}$

جواب = ۱۰۰ × ۱۲ × $\frac{۱۷۱}{۳۴}$ × $\frac{۱۲}{۲۷۵}$ × $\frac{۱}{۶}$ = ۴ فیصدی

(۱۶) ۱۶۶۲ روپیہ ۸ کا بٹا ۱۰۳ روپیہ ۱۰ $\frac{15}{17}$ پائی اور سود مفرد ۳ $\frac{3}{4}$ فیصدی ہے تو زر واجب الادا کتنی مدت پہلے ادا کیا گیا ہے جواب ۱۶۶۲ روپیہ ۸ ر ۱۰۳ روپیہ ۱۰ $\frac{15}{17}$ پائی = ۱۶۵۸ روپیہ ۱۳ ر ۲ $\frac{2}{17}$ پائی اس سے معلوم ہوا کہ قیمت نقد ۱۶۵۸ روپیہ ۱۳ ر ۲ $\frac{2}{17}$ پائی کا سود ۱۰۳ روپیہ ۱۰ ر ۹ $\frac{15}{17}$ پائی۔ ان مہینوں کے لئے جنکی تعداد مجہول ہے اور ۱۰۰ روپیہ کا سود ۱۲ مہینے کے لئے ۳ $\frac{3}{4}$ فیصدی ہے اس واسطے

۱۰۰ × ۱۲ : : ۱۶۵۸ $\frac{14}{17}$ × جواب : : ۳ $\frac{3}{4}$: ۱۰۳ $\frac{23}{34}$

جواب × ۲۸۰۰ $\frac{2}{17}$ × $\frac{15}{4}$ = ۱۰۰ × ۱۲ × $\frac{3525}{34}$ ∴

جواب = $\frac{100 \times 12 \times 3525 \times 17}{34 \times 15 \times 2800 \times 2}$ = ۱۵ مہینے

